# راہنمائی بندگی

## حالات و واقعات زندگی

امام سجاد

تالیف: مرزا سردار حسن

Presented by www.ziaraat.com

# راہنمائی بندگی

حالات وواقعات زندگی

حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام

تالیف

مرزا سردار حسن

ناشر

دفتر موسسہ فضائل

جامعہ باب العلم نوگانواں سادات ہند

Presented by www.ziaraat.com

کتاب راہنمائی بندگی

مولف مرزا سردار حسن

کمپوزنگ علی زیدی

ناشر موسسہ فضائل

تاریخ طباعت جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ ۱۸ مئی ۲۰۱۱

تعداد ۱۰۰۰

ملنے کا پتہ: موسسہ فضائل جامعہ باب العلم اورنٹیل کالج نوگانواں

سادات ضلع جے پی نگر، یوپی، انڈیا-۲۴۴۲۵۱

09634682471_05922223307

sardarhasan58@yahoo.com,

www.FAZAEL.com

Presented by www.ziaraat.com

# انتساب

محسن شیعت، رہبر کبیر اسلامی جمہوریہ ایران،

حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ روح اللہ الخمینی

کے نام

جنہوں نے آئمہ علیہم السّلام کی حیات طیّبہ سے درس لیتے ہوئے ظلم و استکبار کے خلاف آواز بلند کر کے دنیائے بشریت کو بتا دیا کہ اسلام اور اس کے قوانین آج بھی زندہ اور سعادت و سربلندی کے ضامن ہیں

Presented by www.ziaraat.com

# فہرست


عرض ناشر.................................. ۹

ازقلم مولانا افضال حسین صاحب..................... ۱۱

مقدمہ مولف.................................. ۱۴

چھٹے معصوم، چوتھے امام علیہ السّلام کی حیات طیبہ کے مختصر حالات.......... ۱۷

واقعہ کربلا کے سلسلہ میں امام زین العابدین کا شاندار کردار.......... ۲۰

مشہور اصحاب وانصار.............................. ۲۶

حالات اور ذمہ داریاں.............................. ۲۸

تہذیبی حملے کا زبردست مقابلہ........................ ۲۹

قیام نہ کرنے کا سبب.............................. ۳۰

عاشوراء کی یاد کو زندہ رکھنا.......................... ۳۲

وعظ ونصیحت................................. ۳۲

درباری علماء کا سامنا اور ان سے مقابلہ.................. ۳۳

انکشافات کے لئے ہر مناسب موقع سے فائدہ اٹھانا.............. ۳۳

منتخب واقعات آدم علیہ السلام سے امام سجّاد علیہ السّلام تک.......... ۳۴

نعمت کا اظہار اور توفیق پر شکر........................ ۳۶


Presented by www.ziaraat.com

رہبری کا دعوی اور پتھر کی گواہی..............................۳۸
کنکری پر مہر فرمانا..............................۴۰
غروب خورشید کے بعد ہدایت کرنے والے..............................۴۱
فقراء مدینہ کی کفالت..............................۴۳
حسن بصری کی شرمندگی..............................۴۳
بنیاد کعبہ معظمہ اور نصب حجر اسود..............................۴۵
عبد الملک بن مروان کا حج..............................۴۷
اخلاق کی دنیا میں..............................۴۸
بلند خصائل وصفات..............................۵۰
دشمن کی ہلاکت..............................۵۳
تنہا حامی اور فرشتہ الہی..............................۵۴
زہد وقناعت..............................۵۶
طوق وزنجیر سے نجات..............................۵۷
مہمان کبریاء اس کا محبوب ترین بندہ..............................۵۹
ثمرہ انکساری..............................۶۱
تمسک بہ خدا اور نجات واقعی..............................۶۳
مساکین کی خبر گیری اور زاد آخرت..............................۶۵

Presented by www.ziaraat.com

پہاڑ کی بلندی پر، خوان جنت منگانا......... ۶۶
مصیبت میں یعقوب علیہ السّلام سے کہیں زیادہ......... ۶۸
ماں کے حق کی رعایت......... ۶۹
جہاد اور حج......... ۶۹
تقیہ اور جان کی حفاظت......... ۷۰
گوہر خیز خشک روٹیاں......... ۷۲
نادان دشمن سے سلوک......... ۷۵
امام کی برکت سے حجاج کرام جنات کے مہماں......... ۷۷
حضرت خضر بھی دست بوسی کو حاضر ہوتے ہیں......... ۷۸
مخبر غیب کا جن زدہ لڑکی کو شفا عطا کرنا......... ۸۰
جمعہ کے روز فقیروں کی خوشحالی......... ۸۳
لغویات زندگی اور خسارہ آخرت......... ۸۵
درندہ جانور کی مشکل کشائی......... ۸۶
دوسروں کو خود اور اپنے اہل خانہ سے بہتر سمجھنا......... ۸۷
عملی طور پر درس انکساری......... ۸۹
کیفیت زیست......... ۹۲
تعلیم اصول دین کی اہمیت......... ۹۴

Presented by www.ziaraat.com

مجلس و محفل اور گفتگو کرنے والے کا احترام........................ ۹۶
جانور آزاری بھی قابل سزا ہے................................ ۹۷
خدا کے لئے انسانی صفات کا قائل ہونا باعث عذاب............... ۹۸
معیار زوجیت ایمان اور تقویٰ................................. ۱۰۰
زیارت امام، وسیلہ نجات وسعادت.............................. ۱۰۲
دردمند ناداران............................................ ۱۰۴
خاص وقت میں امام کی نصیحتیں.............................. ۱۰۶
پانچ پر نجات............................................. ۱۰۹
امام علیہ السلام کے کلام سے منتخب چالیس حدیثیں.............. ۱۱۲

قال الامام زین العابدین علیہ السلام: لا یقل عمل مع تقوىٰ وکیف یقل ما یتقبل[1]

ترجمہ:

”حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں:
وہ کام جو خلوص کے ساتھ انجام دیا جائے بظاہر وہ کتنا ہی کم کیوں نہ ہو، لیکن وہ کم نہیں ہے، یہ کیسے ممکن ہے کہ جو عمل مقبول بارگاہ خدا ہو، وہ کم ہو“

Presented by www.ziaraat.com

بسم من علم بالقلم

# عرض ناشر

کسی بھی قوم کی حقانیت و بقاء اس کے رہبروں کی تعلیمات اوران کے مدلل و متقن ہونے میں ہوتی ہے، جتنی اس کی تعلیمات انسانی فطرت سے سازگاراور عقلی میزان کے مطابق ہونگی اسی اعتبار سے اس کی بقاء و دوام کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے دین اسلام آفاقی ہونے کے ساتھ تاقیامت باقی رہنے والا دین ہے ۔اس بات کی تاکید اگرچہ دینی متون میں اپنے انداز میں ہوئی ہے لیکن بافہم اور باشعور انسان اس کی تعلیمات ،ان کی فطرت سے سازگاری اور عقلی موازین پر پورے اترنے سے بخوبی اس دین کے جاوداں ہونے کا یقین حاصل کرسکتا ہے اور معصومین علیہم السلام نے اسی لئے فرمایا ہے لو یعلم الناس محاسن کلامنا لاتبعوانا (اگرلوگ ہمارے کلام کی اچھائیوں کو درک کرلیں تو ہمارا اتباع کرنے لگیں؛ ایک اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ کونوا دعاۃ الناس بغیر السنتکم (لوگوں کو اپنے دین کی طرف اپنے عمل کے ذریعہ بلاؤ ) کتاب حاضر جو آپ کی خدمت میں پیش کی گئی ہے اس میں چھٹے معصوم علیہ السلام کی سیرت ،عمل اور تعلیمات و اقوال کے ذریعہ حقیقی بندگی کا انداز بیان کیا گیا ہے

عالی جناب مولانا مرزا اسرار حسن صاحب قبلہ استاد جامعہ باب العلم نوگانواں سادات نے جس اسلوب کو اپنایا ہے نہایت جذاب اور قابل داد ہے مولانا موصوف کی اس تحریر کو پیش

Presented by www.ziaraat.com

کرتے ہوئے ہم فخر محسوس کر رہے ہیں خداوندہ عالم سے دعا ہے کہ مولانا کو اپنے حفظ و امان میں رکھتے ہوئے زیادہ سے زیادہ دین ومذہب کی خدمت کی توفیق عنایت فرمائے۔

ادارہ اس کتاب کی اشاعت میں تعاون کرنے والے حضرات کا تہہ دل سے شکر گزار ہے اور خداوندہ عالم سے روز بروز ان کی ترقی وکامیابی کی دعا کرتا ہے۔

موسسہ فضائل، قوم کے نوجوانوں اور جوانوں سے گذارش گذار ہے کے اس مفید کتاب کو خود بھی پڑھیں اور دوسروں کو بھی پڑھوائیں تا کہ علوم محمد وآل محمدؐ علیہم السلاّم کی نشر میں شریک ہو کر مثاب ہوں۔

فقط والسلام

موسسہ فضائل

www.fazael.com

Presented by www.ziaraat.com

بسم العظیم الاعظم

## از قلم استاد: حجۃ الاسلام والمسلمین مولانا افضال حسین صاحب قبلہ

## استاد جامعہ باب العلم نوگانواں سادات

ایک نوعمر عالم دین، مولانا سردار حسن صاحب نے جہاد بالقلم کا بیڑہ اٹھایا تو مسلسل قلم چلتا ہوا نظر آ رہا ہے؛ متعدد قلمی کاوشیں تخلیقی منزلوں سے گذر چکی ہیں، جن میں سے ایک ابھی تاریخ اجتہاد و مرجعیت بنام ستون شیعت میری نظروں سے گذری تھی کہ یک بہ یک دوسری کتاب بنام راہنمائی بندگی نظر نواز ہوئی، دیکھ کر بیش از حد مسرت حاصل ہوئی، قلم کی روانی، عبارت کی سلاست، ترسیل معنی اور ابلاغ مفہوم کا انداز بتا رہا ہے کہ موصوف جلد ہی مستحکم قلم کاروں کی فہرست میں شامل ہونگے۔

موجودہ کتاب اس ذات والا صفات کی سیرت سے ماخوذ ہے جو شجاعت میں علیؑ، خلق میں حسنؑ اور صبر و استقامت میں حسینؑ، وہ سجدہ گذاروں کی صف میں پہونچے تو سید السّاجدین کہلائے، عبادت گذاروں کے مجمع میں زین العابدین کہلائے اور خالق نہج البلاغہ کا لال تکلم پہ آئے تو زبور آل محمد کی تخلیق فرمائے، جو ایک گنجینہ علم و عمل بھی ہے اور اعداء کے لئے شمشیر براں بھی؛ جب حالات نے تبلیغ دین حق پر پابندی لگادی تو آپ نے دعاؤں کا سہارا لے کر، حقوق اللہ اور حقوق العباد کو پہونچایا؛ جب حقوق اللہ پہونچانا ہوا تو چاہنے والو کو دعائے التحمید للہ تعلیم فرمادی، جب نبی کا تعرف کرانا مقصود ہوا تو دعائے الصلوٰۃ علی محمد و آل محمد کا تحفہ عطا کر دیا، یوں

Presented by www.ziaraat.com

ہی ہر موضوع پر احکام کو دعا کے قالب میں ڈھل کر دین کی حفاظت فرماتے رہے۔

اور جب حقو العباد کی بات آئی تو والدین کے حقوق کو، والدین کے لئے دعا کے انداز میں پیش فرما کر ان کے تمام حقوق کو بیان کر دیا اسی طرح تربیت اولاد کے احکام کو دعائے ولدہ میں مفصل واضح کر دیا۔

بہر حال حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام کی نہ ہی شرف نسبی کی بلندی طے کی جا سکتی ہ، اور نہ ہی آپ کے ذاتی فضائل ومناقب کا احصاء ممکن ہے: آپ نے خود بھی مقام مباہات میں ارشاد فرمایا ہے کہ انا ابن الخیر تین میں دو منتخب نسلوں کا وارث ہوں اور اس جملہ کی عظمت کا اندازہ یوں لگائیں کہ خود مرسل اعظم علیہ الصّلاۃ والسّلام نے فرمایا کہ خدا نے اپنے بندوں میں دو ہی قوموں کو منتخب فرمایا ہے، عرب میں قبیلہ قریش اور غیر عرب سے فارس کو، یہی وجہ ہے کہ بہت سے ایرانی حضرات نے اس حدیث کو اپنے لئے فخریہ بیان کیا ہے۔ مثلاً مہیار دیلمی ایرانی جناب سید رضی کے ذریعہ مسلمان ہوا اور آپ کی شاگردی آیا تو مقام مباہات میں کہتا ہے کہ" میں نے عزت و بزرگی بہترین باپ داد سے حاصل کی ہے، اور دین کی عزت بہترین نبی سے حاصل کی پس مجھے ہر حیثیت سے فخر کا موقع حاصل ہے عزت خاندانی، فارس کی اور دینی عزت اسلام کی۔

حالانکہ شاعر کو خسروان فارس سے کوئی نسبت نہ تھی صرف ایران کا رہنے والا تھا اور پیغمبر سے بھی کوئی رشتہ نہ تھا صرف کلمہ کے ذریعہ ایک امّتی بن گیا تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

لیکن ابن الخیر تین کہنے والا نبی کالال ہے اور شاہ کسریٰ کا نواسہ، بہر حال سید سجاّد علیہ السّلام کے فضائل کا احاطہ کون کرسکتا ہے البتّہ آپ کے ہاتھوں میں جو کتاب ہے وہ کردار سازی کے لئے معاون، اخلاق حسنہ کے لئے مددگار اور عبد و معبود کے رشتوں کو استوار کرنے کے لئے رہنما ہے خداوند کریم مولّف کو اور زیادہ زورقلم عطا فرمائے اور ان کے لئے یہ زادآخرت قرار دے

آمین یارب العالمین

کونوا لنا زینا ولا تکونوا لنا شینا {امام زین العابدین علیہ السلام}

افضال حسین

جامعہ باب العلم نوگانواں سادات الھند

Presented by www.ziaraat.com

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

# مقدمہ مولف

حمد وثنا اس خدا کے لئے جس نے ہمیں عبادت و بندگی کا سلیقہ سکھایا؛ اور صراط مستقیم ،ولایت حبل اللّہ (یعنی اہل بیت عصمت وطہارت صلوات اللّہ علیہم اجمعین) کی طرف ہدایت فرمائی.

اور بہترین درود وسلام پیغمبر الہی اور اہل بیت نبوی پر،خصوصا چوتھے امام سید السّاجدین علی ابن الحسین علیہم السّلام کی ذات گرامی پر .

اور لعن ونفرین ہو اہل بیت رسالت علیہم السّلام کے دشمنوں پر، کہ حقیقت میں وہ خدا،رسول اور قرآن کے دشمن تھے.

یہ مختصر کتابچہ جو قارئین کی خدمت میں جامعہ باب العلم نوگانواں سادات کے شعبہ تحقیقات کی طرف سے پیش کیا جارہا ہے، چوتھے امام علیہ السّلام کے گلستان حیات طیبہ سے کچھ پھولوں کو اپنے دامن میں لئے ہوئے ہے اگر چہ امام علیہ السلام کی زندگی کا ہر لمحہ اور ہر عمل، انسانیت کے لئے سنگ میل اور باعث ہدایت ہوتا ہے،لیکن اپنی کم علمی اور اختصار کو مد نظر رکھتے ہوئے، آسمان ولایت و امامت کے درخشاں ستارے، انسان کامل اور عابد مجاہد کی سیرت طیبہ سے کچھ درس لینے کی کوشش کی ہے۔

حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، نے امام چہارم کی عظمت و جلالت کے لئے ان کی ولادت باسعادت کی بشارت اور ان کے حجت خدا اور خلیفہ برحق ہونے کی

Presented by www.ziaraat.com

تاکید کے ساتھ فرمایا ہے: جب ان کا نطفہ میرے بیٹے حسین علیہ السّلام کے ذریعہ منعقد ہوگا تو چاند کی مانند ہوگا اور ان کا وجود سراپا ہدایت انسانیت ہوگا، جو بھی انکی -زندگی اور سیرت کی- اطاعت و پیروی کریگا سعادت مند اور نجات پانے والا ہوگا .اور قیامت کے روز ان کی شفاعت اور ہدایت کے وسیلہ سے، جنت میں داخل ہوگا اور اس کی لافانی نعمتوں سے مالامال ہوگا.

قرآن کریم کی آیات، احادیث قدسیّہ اور متعدد روایات امام علیہ السلام کی عظمت ومنزلت میں، مختلف اسناد کے ساتھ وارد ہوئی ہیں.

اور جو بھی اس کتابچہ میں ذکر ہورہا ہے وہ ان کے فضائل ومناقب وکرامات کا ایک ناچیز ذرہ ہے کہ جسے مختلف معتبر کتابوں کی مدد سے قارئین کی خدمت میں پیش کیا جارہاہے اس امید کے ساتھ کہ یہ مختصر سا دل نشین اور لذت بخش ذرہ، تمام مومنین، خاص کر جوانوں کے لئے مفید واقع ہو اور انشاء اللہ تعالی ذخیرہ ہو اس روز کے لئے (لِیَوْمٍ لا یَنفَعُ مالٌ وَ لا بَنُونَ اِلّا مَنْ اٴتیَ اللّٰہَ بِقَلْبٍ سَلیمٍ لِي وَلِوالِدَيّ وَلِمَنْ لَهُ عَلَيّ حَقّ )

اس مختصر کتابچہ میں حیات بابرکت امام سید سجاد علیہ السّلام کے تین پہلوؤں پر مختصر طور سے گفتگو کرنے کی سعادت حاصل کی ہے، پہلے حصہ میں امام علیہ السّلام کا زندگی نامہ اختصار سے بیان کیا گیاہے، دوسرے حصے میں آنحضرت کی حیات طیبہ کے کچھ واقعات تحریر ہوئے ہیں اور تیسرے حصے میں امام علیہ السّلام کے ھادی وناجی کلام سے چالیس منتخب حدیثیں ترجمہ کے ساتھ بیان کی گئی ہیں اور منابع اور مدارک اس کے

Presented by www.ziaraat.com

اختصار کی وجہ سے بیان نہیں کئے گئے ہیں۔

آخر میں ان تمام حضرات کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتابچہ کی نشر واشاعت میں کسی بھی طرح کی مدد فرمائی۔ خداوندہ عالم کی بارگاہ میں دعا کرتا ہوں خدایا بحق چہاردہ معصومینؑ ہماری قوم کے جوانوں کو روز بروز ترقی وکامیابی عطا فرما، انکی کامیابی و کامرانی کے دشمنوں کو ذلیل وخوار فرما، موسسہ فضائل کے محسنین کو اپنے حفظ و امان میں رکھ۔ ہمارے اعمال کو نیک اور امام عصرؑ روحی لہ الفداء کی رضایت کے قابل بنادے، ہمارے مولا وآقا کے ظہور میں تعجیل فرما۔

آمین یارب العالمین

والسلام

مرزا سردار حسن

موسسہ فضائل

ضلع جے پی نگر (یو پی) انڈیا ۲۴۴۲۵۱

جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ مطابق مئی ۲۰۱۱ء

Presented by www.ziaraat.com

## چھٹے معصوم، چوتھے امام علیہ السلاّم کی حیات طیّبہ کے مختصر حالات

امام چہارم علیہ السّلام کی تاریخ ولادت کے بارے میں مورّخین میں اختلاف ہے، کچھ محققین روز جمعہ یا پنج شنبہ ۱۵ جمادی الاول یا ۱۵ جمادی الثّانی یا ۲۳ شعبان، سن ۳۶ یا ۳۸ ہجری ذکر کرتے ہیں لیکن مشہور یہ ہے کہ آپ ۱۵ جمادی الاوّل سن ۳۶ ہجری کو دنیا میں تشریف لائے [۱]۔

نام: علیّ صلوات اللہ وسلامہ علیہ.

کنیت: ابوالحسن، ابومحمّد، ابوالقاسم و....

لقب: سجّاد، زین العابدین، زین الصّالحین، سیّد العابدین، سیّد السّاجدین، ذو الثّفنات، ابن الخیرتَیْن، مجتہد، عابد، زاہد، خاشع، بکّاء، امین و....

نقش انگشتر: حضرت کے پاس تین انگوٹھیاں تھیں، جن کے نقش ترتیب کے اعتبار سے یہ تھے: للہ للہ (وَما تَوفیقی إلاّ بِاللہ)، (اَلحَمْدُ لِلّٰہِ العَلِیّ)، (إنَّ اللہَ بالِغُ اءَمْرِہِ) و (اَلعِزَّۃُ لِلّٰہِ). دربان: ابوخالد کابلی، ابوجبلۃ، یحیی بن امّ طویل.

پدر: امام ابوعبداللہ الحسین، سیّدالشّہداء علیہ الصّلاۃ والسّلام.

مادر: قول مشہور کی بنا پر جناب شہربانو، ایران کی شہزادی تھیں؛ عمر کے دور حکومت میں قید ہو کر لائی گئیں تھیں اور امام علیّ علیہ السّلام نے انھیں فروخت کرنے

---

۱۔ اصول کافی: ج ۱، تہذیب الاحکام: ج ۶، کشف الغمّۃ: ج ۱، تاریخ اہل البیت علیہم السّلام، إعلام الوری: ج ۱، اعیان الشیعۃ: ج 1، مجموعہ نفیسہ، بحارالانوار: ج ۴۶ و ۸۸، مناقب ابن شہرآشوب: ج ۲، تذکرۃ الخواصّ، عیون المعجزات، جامع المقال طریحی، دعوات راوندی، مستدرک الوسائل، الفصول المہمّۃ ابن صبّاغ و. اعلام الوری ص ۱۵۱ و مناقب جلد ۴ ص ۱۳۱

Presented by www.ziaraat.com

سے روکا اور فرمایا: وہ ایک شریف گھرانے کی بیٹی ہیں انھیں آزاد کردیا جائے اور جس سے وہ شادی کرنا چاہیں ان سے شادی کرائی جائے اور مہر بیت المال سے ادا کیا جائے، انھوں نے اپنی مرضی سے، امام حسین علیہ السّلام کو اپنے لئے انتخاب فرمایا جس کے نتیجہ میں امام زین العابدین علیہ السّلام متولّد ہوئے نسب اور نسل باپ اور ماں کی طرف سے دیکھے جاتے ہیں، امام علیہ السّلام کے والد ماجد حضرت امام حسین علیہ السّلام اور دادا جناب امیرالمومنین حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السّلام اور دادی حضرت فاطمہ زہرا بنت رسول اللہ صلوات اللہ وسلامہ علیہم اجمعین ہیں اور آپ کی والدہ جناب شہربانو بنت یزدجرد ابن شہریار ابن کسریٰ ہیں، یعنی آپ حضرت پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پوتے اور نوشیرواں عادل کے نواسے ہیں، یہ وہ بادشاہ ہے جس کے عہد میں پیدا ہونے پر سرور کائنات نے اظہار مسرت فرمایا ہے، اس سلسلہ نسب کے متعلق ابوالاسود دوئلی نے اپنے اشعار میں اس کی وضاحت کی ہے کہ اس سے بہتر اور سلسلہ ناممکن ہے اس کا ایک شعر یہ ہے۔

وان غلاما بین کسری وھاشم

لاکرم من ینطت علیہ التمائم

اس فرزند سے بلند نسب کوئی اور نہیں ہوسکتا جو نوشیرواں عادل اور فخر کائنات حضرت محمد مصطفی کے دادا ہاشم کی نسل سے ہو[۱]۔

---

۱۔ اصول کافی ص ۲۵۵

Presented by www.ziaraat.com

شیخ سلیمان قندوزی اور دیگر علماء اہل اسلام لکھتے ہیں کہ نوشیرواں کے عدل کی برکت تو دیکھو کہ اسی کی نسل کو آل محمد علیہم السّلام کے نور کی حامل قرار دیا اور آئمہ طاہرین علیہم السّلام کے ایک عظیم فرد کو اس خاتون سے پیدا کیا جو نوشیرواں کی طرف منسوب ہے، پھر تحریر کرتے ہیں کہ امام حسین علیہ السّلام کی تمام بیویوں میں یہ شرف صرف جناب شہر بانو کو ملا جو حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام کی والدہ ماجدہ ہیں

علامہ عبید اللہ بحوالہ ابن خلکان لکھتے ہیں کہ جناب شہر بانو شاہان فارس کے آخری بادشاہ یزدجرد کی بیٹی تھیں اور آپ ہی سے امام زین العابدین علیہ السّلام متولد ہوئے جن کو "ابن الخیرتین" کہا جاتا ہے کیونکہ حضرت محمد مصطفٰی صلوات اللہ وسلامہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ خداوند عالم نے اپنے بندوں میں سے دو گروہ عرب اور عجم کو بہترین قرار دیا ہے اور میں نے عرب سے قریش اور عجم سے فارس کو منتخب کرلیا ہے ،چونکہ عرب اور عجم کا اجتماع امام زین العابدین میں ہے اسی لیے آپ کو "ابن الخیرتین" سے یاد کیا جاتا ہے [۱]۔ان کے علاہ ابن شہر آشوب لکھتے ہیں کہ جناب

شہر بانو کو "سیدۃ النساء" کہا جاتا ہے [۲]۔

## حلیہ مبارک

---

۱۔ ارجح المطالب ص ۴۳۴

۲ مناقب جلد ۴ ص ۱۳۱

Presented by www.ziaraat.com

ملّا مبین تحریر فرماتے ہیں کہ آپ حسن و جمال ،صورت وکمال میں نہایت ہی ممتاز تھے، آپ کے چہراہ مبارک پر جب کسی کی نظر پڑتی تھی تو وہ آپ کا احترام اور آپ کی تعظیم کرنے پر مجبور ہو جاتا تھا۔

محمد بن طلحہ شافعی رقمطراز ہیں کہ آپ صاف کپڑے پہنتے تھے اور جب راستہ چلتے تھے تو نہایت خشوع کے ساتھ، راہ روی میں آپ کے ہاتھ زانو سے باہر نہیں جاتے تھے ا۔

## واقعہ کربلا میں امام زین العابدین علیہ السّلام کا شاندار کردار

۲۸/ رجب ۶۰ ھ کو آپ حضرت امام حسین علیہ السّلام کے ہمراہ مدینہ سے روانہ ہو کر مکہ معظمہ پہنچے چارماہ قیام کے بعدوہاں سے روانہ ہوکر ۲/ محرم الحرام کو وارد کربلا ہوئے، وہاں پہنچتے ہی یا پہنچنے سے پہلے آپ علیل ہو گئے اور آپ کی علالت نے اتنی شدت اختیار کی کہ آپ امام حسین علیہ السّلام کی شہادت کے وقت تک اس قابل نہ ہو سکے کہ میدان میں جا کر درجہ شہادت حاصل کرتے ،تاہم موقع فراہم ہونے پر آپ نے جذبات نصرت کو بروئے کارلانے کی سعی کی، جب کوئی آواز استغاثہ کان میں آئی ؛آپ اٹھ بیٹھے اور میدان کارزار میں شدّت مرض کے باوجود جا پہنچنے کی سعی بلیغ کی، امام علیہ السّلام کے استغاثہ پر آپ خیمہ سے باہر نکل آئے اور ایک چوب خیمہ لے کر میدان کا عزم کر دیا، ناگاہ امام حسین علیہ السّلام کی

---

ا۔ مطالب السؤل ص ۲۲۶، ۲۶۴

Presented by www.ziaraat.com

نظر آپ پر پڑگئی اور انہوں نے نگاہ سے بقولے حضرت زینب علیہ السّلام کو آواز دی "بہن سید سجّاد علیہ السّلام کو روکو ورنہ نسل رسول کا خاتمہ ہو جائے گا" حکم امام علیہ السّلام سے زینب علیہ السّلام نے سید سجّاد علیہ السّلام کو میدان میں جانے سے روک لیا اگر امام زین العابدین علیہ السّلام شہید ہو جاتے تو نسل رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صرف امام محمد باقر علیہ السّلام میں محدود رہ جاتی، امام شبلنجی لکھتے ہیں کہ مرض اور علالت کی وجہ سے آپ درجہ شہادت پر فائز نہ ہوسکے [1]

شہادت امام حسین علیہ السّلام کے بعد جب خیموں میں آگ لگادی گئی تو آپ انہیں خیموں میں سے ایک خیمہ میں بدستور پڑے ہوئے تھے، ہماری ہزار جانیں قربان ہوجائیں، حضرت زینب علیہ السّلام پر کہ انہوں نے اہم فرائض کی ادائیگی کے سلسلہ میں سب سے پہلا فریضہ امام زین العابدین علیہ السّلام کے تحفظ کا ادا فرمایا

اور امام علیہ السّلام کو بچالیا الغرض رات گزری اور صبح نمودار ہوئی، دشمنوں نے امام زین العابدین علیہ السّلام کو اس طرح جھنجوڑا کہ آپ اپنی بیماری بھول گئے آپ سے کہا گیا کہ ناقوں پر سب کو سوار کرو اور ابن زیاد کے دربار میں چلو، سب کو سوار کرنے کے بعد آل محمد کا ساربان پھوپھیوں، بہنوں اور تمام مخدرات کو لئے ہوئے داخل دربار ہوا حالت یہ تھی کہ عورتیں اور بچّے رسیوں میں بندھے ہوئے اور امام علیہ السّلام لوہے کے طوق و زنجیر میں جکڑے ہوئے دربار میں پہونچے۔

---

۱۔ نور الابصار ص ۱۲۶

Presented by www.ziaraat.com

آپ چونکہ ناقہ کی برہنہ پشت پر سنبھل نہ سکتے تھے اس لیے آپ کے پیروں کو ناقہ کی پشت سے باندھا گیا تھا دربار کوفہ میں داخل ہونے کے بعد آپ اورمخدرات عصمت قید خانہ میں بند کر دیئے گئے، سات روز کے بعد آپ سب کے ساتھ شام کی طرف روانہ ہوئے اور ۱۹ منزلیں طے کر کے تقریبا ۳۶ / یوم میں وہاں پہنچے کتاب کامل بہائی میں ہے کہ ۱۶ / ربیع الاول ۶۱ ھ ءکو بدھ کے دن آپ دمشق پہنچے ہیں اللہ رے صبرِ امام زین العابدین علیہ السّلام، بے پردہ بہنوں اور پھوپھیوں کا ساتھ اورلب شکوہ پر سکوت کی مہر۔

حدود شام کا ایک واقعہ یہ ہے کہ آپ کے ہاتھوں میں ہتھکڑی، پیروں میں بیڑی اور گلے میں خاردار طوق آہنی پڑا ہوا تھا اس پر مستزاد یہ کہ لوگ آپ پر پتّھر برسا رہے تھے آپ نے بعد واقعہ کربلا کے ایک سوال کے جواب میں "الشّام الشّام الشّام" فرمایا تھا[۱]

شام پہنچنے کے کئی گھنٹوں یا دنوں کے بعد آپ آل محمد کو لیے ہوئے سرہائے شہدا ءسمیت داخل دربار ہوئے پھر قید خانہ میں بند کر دیئے گئے تقریبا ایک سال قید کی مشقتیں جھیلیں۔

قید خانہ بھی ایسا تھا کہ جس میں تمازت آفتاب کی وجہ سے ان لوگوں کے چہروں کی کھالیں متغیرّ ہوگئی تھیں مدّت قید کے بعد آپ سب کو لیے ہوئے ۲۰ / صفر ۶۲ ھ ء

---

۱۔ تحفہ حسینہ علامہ بسطامی

Presented by www.ziaraat.com

کو وارد کربلا ہوئے آپ کے ہمراہ کل شہداء کربلا کے سروں کے علاوہ سرحسین علیہ السّلام بھی تھا، آپ نے اسے اور کل شہداء کے سروں کو ان کے جسم مبارک سے ملحق کیا

۸ / ربیع الاول ۶۲ ھ کو آپ امام حسین علیہ السّلام کا لٹا ہوا قافلہ لئے ہوئے مدینہ منوّرہ پہنچے، وہاں کے لوگوں نے آہ وزاری اور کمال رنج وغم سے آپ کا استقبال کیا۔

۱۵ روز وشب نوحہ وماتم ہوتا رہا[1]۔

اس عظیم واقعہ کا یہ اثر ہوا کہ جناب زینب علیہ السّلام کے بال اس طرح سفید ہو گئے تھے کہ جاننے والے انہیں پہچان نہ سکے

جناب رباب علیہ السّلام نے سایہ میں بیٹھنا چھوڑ دیا امام زین العابدین علیہ السّلام تاحیات گریہ فرماتے رہے [2] اہل مدینہ یزید کی بیعت سے علیحدہ ہو کر باغی ہو گئے بالاخر واقعہ حرہ کی نوبت آ گئی۔

میدان کربلا میں امام چہارم علیہ السّلام کی عمر شریف ۲۲ یا ۲۴ سال تھی، اور سیدہ طاہرہ جناب فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی نسل پاک بھی آپکے صلب مطہر سے چلی.

آن حضرت نے امام حسین علیہ السّلام کی شہادت کے بعد حکومت بنی امیہ سے مختلف طرح سے مقابلے کئے خطبات، تقریر، جلسات دعا ومناجات کے انعقاد، گریہ و اظہار مظلومیّت وتظلّم و... کے ذریعہ حکومت کے خطرناک عزائم سے لوگوں کو باخبر کیا

---

۱۔ تفصیلی واقعات کے لیے کتب مقاتل وتاریخ ملاحظہ فرمائیں

۲۔ جلاء العیون ص ۲۵۶

Presented by www.ziaraat.com

آن حضرت دنیا کے چار رونے والوں میں سے ایک ہیں، کہ کربلا کے واقعہ کے بعد اپنے مظلوم پدر بزرگوار پر چالیس سال تک گریہ و بکاء کرتے رہے، اور بنی امیّہ کے ظلم وستم کا مقابلہ شمشیر اشک کے ذریعہ کرتے رہے۔

**مدّت عمر:**

حضرت زین العابدین علیہ السّلام دو سال اور کچھ مہینہ تک اپنے جد بزگوار حضرت امیر المؤمنین علیہ السّلام، اور تقریبا بارہ سال اپنے عمو امام مجتبی علیہ السّلام، اور ۲۳ یا ۲۴ سال اپنے پدر بزگوار امام حسین علیہ السّلام کے ہمراہ، اور تقریبا ۳۵ سال امت اسلامیہ کی رہبری اور ہدایت میں گزارے کہ مجموعی طور پر حضرت کی عمر شریف کو ۵۸ سال ذکر کیا ہے.

**مدّت امامت:**

حضرت زین العابدین علیہ السّلام دس محرّم الحرام، سن ۶۱ ہجری اپنے پدر بزگوار کی شہادت کے بعد، ۲۳ یا ۲۴ سال کے سن میں منصب امامت وخلافت پر فائز ہوئے اور ۱۲ یا ۲۵ محرم الحرام سن ۹۴ یا ۹۵ ہجری تک تقریبا ۳۵ سال انسانیت کی ہدایت ورہبری فرماتے رہے

**شہادت:**

حضرت کو ہشام بن عبدالملک مروان نے، روز شنبہ، ۱۲ یا ۲۵ محرم الحرام سن ۹۴ یا ۹۵ ہجری قمری میں زہر، دیا اور آن حضرت اپنے خالق برحق سے جا ملے.

Presented by www.ziaraat.com

**محلّ دفن:**

امام علیہ السّلام کے پیکر مطّہر و مقدّس کو قبرستان بقیع میں ان کے عمو امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام کے پاس دفن کیا گیا.

**تعداد فرزندان:**

شیخ مفید نے حضرت زین العابدین علیہ السّلام کی ۱۵ اولاد ذکر کی ہیں:

۱۔محمد باقر کہ جن کی والدہ امام حسن علیہ السّلام کی بیٹی امّ عبداللہ تھیں.

۲۔عبداللہ، جن کی بیٹی فاطمہ اسماعیل ابن امام جعفر صادق علیہ السّلام کی ماں تھیں.

۳۔حسن

۴۔حسین

۵۔زید

۶۔عمر

۷۔حسین اصغر

۸۔عبدالرحمن

۹۔سلیمان

۱۰۔علی (سب سے چھوٹے فرزند)

۱۱۔خدیجہ

Presented by www.ziaraat.com

۱۲۔حمد اصغر

۱۳۔فاطمہ

۱۴۔علیہ

۱۵۔امّ کلثوم.[۱]

**معاصر خلفاء:**

یزید بن معاویہ بن ابی سفیان، اسکا بیٹا معاویۃ بن یزید، مروان بن حکم، عبد الملک بن مروان، ولید ابن عبد الملک.

**آنحضرت کی نماز:**

دو رکعت ہے، کہ جس کی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سو مرتبہ آیۃ الکرسی یا سورہ توحید پڑھا جاتا ہے، نماز سلام کے بعد، تسبیح حضرت فاطمہ زہراء علیہ السّلام پڑھی جاتی ہے؛ اور اس کے بعد اپنی حاجات بارگاہ خداوند عالم سے طلب کی جاتی ہیں [۲]

**مشہور اصحاب و انصار**

۱۔جابر بن عبد اللہ انصاری.

۲۔عامر بن واثلہ کنانی.

۳۔سعید بن مسیّب.

۴۔سعید بن جہان کنانی.

---

۱۔منتہی الامال، شیخ عباس قمی، جلد ۲، صفحہ ۴۳

۲۔تلخیص از اصول کافی: ج ۱، ص ۴۶۶

Presented by www.ziaraat.com

۵۔سعید بن جبیر.

۶۔محمد بن جبیر.

۷۔ابو خالد کابلی.

۸۔قاسم بن عوف.

۹۔اسماعیل بن عبداللہ بن جعفر.

۱۰۔ابراہیم بن محمد حنفیہ.

۱۱۔حسن بن محمد حنفیہ.

۱۲۔حبیب بن ابی ثابت.

۱۳۔ابو حمزہ ثمالی.

۱۴۔فرات بن أحنف.

۱۵۔جابر بن محمد بن ابی بکر.

۱۶۔ایوب بن حسن.

۱۷۔علی بن رافع.

۱۸۔ابو محمد قرشی.

۱۹۔ضحاک بن مزاحم.

۲۰۔طاوس بن کیسان.

۲۱۔حمید بن موسی.

۲۲۔آبان بن تغلب.

Presented by www.ziaraat.com

۲۳۔سدیر بن حکیم.

۲۴۔قیس بن رمانہ.

۲۵۔ہمام بن غالب (مشہور شاعر،فرزدق).

۲۶۔عبداللہ برقی.

۲۷۔یحییٰ بن ام طویل.

## حالات اور ذمہ داریاں

امام زین العابدینؑ کا دور بہت سخت اور دشوار تھا۔ یہاں تک کہ آپ خود ارشاد فرماتے ہیں: ''اگر کسی پر کفر کی تہمت لگائی جاتی تو یہ اس سے بہتر تھا کہ اس پر تشیع کا الزام لگایا جاتا۔''[۱]

نیز فرمایا: ''مکّہ اور مدینہ میں بیس لوگ ایسے نہیں ہیں جو ہم سے محبت کرتے ہوں۔''[۲]

آپ کے دور میں اموی خاندان لوگوں پر پوری طرح سے غالب تھا کہ لوگوں پر ظلم وستم روا رکھنے کے علاوہ ان کے دین کی تحریف پر بھی تُل گئے تھے۔ چنانچہ صحابیِ رسول ۰، جناب انس بن مالک گریہ کرتے ہوئے کہا کرتے تھے: ''جو باتیں زمانِ رسول میں موجود تھیں، ان میں سے کچھ بھی نہیں ملتا۔ جو چیزیں ہم نے رسول اللہ سے

---

۱۔شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید، ج ۲

۲۔شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید جلد ۴

Presented by www.ziaraat.com

سیکھی ہیں ان میں سے صرف نماز بچی ہے کہ اس میں بھی بدعتیں پیدا ہوگئی ہیں [۱]"

مشہور مورخ مسعودی کہتا ہے: "علی بن الحسین علیہم السّلام نے خفیہ طور پر تقیہ کے ساتھ اور انتہائی کٹھن دور میں امامت کی ذمہ داری سنبھالی [۲]" امام علیہ السّلام نے دوراندیشی اور اعلیٰ تدابیر اختیار کرتے ہوئے بہترین انداز سے کام کیا اور وحی کے روشن چراغ کو بجھنے سے بچایا۔ آپ علیہ السّلام نے آسمان سے نازل ہونے والے خالص دین کو طوفانِ حوادث کے درمیان سے صحیح سلامت نکال کر اگلی نسلوں کے حوالے کیا اور اہلبیت علیہم السّلام کے نام کو زندہ رکھا۔ مناسب حالات فراہم نہ ہونے کی وجہ سے قیام سے پرہیز، دعا کے قالب میں عظیم ثقافتی کام کا بیڑہ اٹھانا، ہر مناسب موقع پر شعور کو جھنجھوڑنا، عزائے سیدالشہداء علیہ السّلام میں زاروقطار رونا حصولِ مقصد میں آپ کے کامیاب اقدامات کا ایک حصہ ہے۔

## تہذیبی حملے کا زبردست مقابلہ

دین اسلام کسی بھی دور میں اپنی تہذیب وثقافت پر حملوں سے محفوظ نہیں رہا اور نہ ہے۔ بعض اوقات معصومین علیہم السّلام کے دور میں بھی یہ حملے عروج پر پہنچ جاتے تھے اور ایسے ہی خطروں کا مقابلہ کرتے ہوئے عاشورا جیسا خونی معرکہ درپیش آجاتا تھا۔ امام سجّاد علیہ السّلام بھی ایک ایسے دور میں زندگی گزار رہے تھے کہ جب اخلاقی

---

۱۔ امام سجاد قہرمان مبارزہ با تہاجم فرہنگی جلد ۱

۲۔ اثبات الوصیہ، مسعودی جلد ۴

Presented by www.ziaraat.com

اقدار اور خالص اسلامی تہذیب کو طاقِ فراموشی کے سپرد کیا جا رہا تھا اور پست اقدار اور اخلاقی کمزوریاں جا بجا پھیلی ہوئی تھیں۔ امام نے ان ناگوار حالات میں بھی دشمن کے لئے میدان کو خالی نہ چھوڑا۔ امام علیہ السّلام نے علیٰ الاعلان قیام سے پرہیز کرتے ہوئے اس بات کی کوشش کی کہ دشمن ان کی جانب متوجہ نہ ہو جائے۔ اس کے بجائے، دھیمے اور خفیہ طریقے سے نیک انسانوں کی تربیت اور ان کو درست نظریات کی تعلیم نیز ان کو آنکھیں کھولنے کا پیغام دیتے ہوئے تہذیب و ثقافت پر حملے کا مقابلہ کیا اور اس تہذیبی حملے کے میدان میں کامیاب و کامران رہے۔ اس بارے میں ہم صرف ایک حوالہ پیش کریں گے یعنی صحیفہ کاملہ، جو کہ خدا مخالف اور غیر اسلامی تہذیبوں کے حملوں کے مقابل صدیوں سے ہدایت کی تشنہ اور تکامل کی خواہاں روحوں کے لئے آبِ گوارا کی مانند ہے۔

## قیام نہ کرنے کا سبب

عظیم لوگوں کی کامیابی کا ایک راز حالات سے آگاہی اور اپنے زمانے کی پہچان ہے۔ یہ حضرات اپنے اردگرد ہونے والے حالات و واقعات کا درست جائزہ لینے کے بعد اپنے رویے کا انتخاب کرتے ہیں۔ لہٰذا نہ ہمیشہ تحریک چلاتے ہیں اور نہ ہمیشہ صلح کی حالت میں رہتے ہیں۔ بلکہ زمانے کی مصلحت اور حالات کے تقاضے ان کے لئے جنگ یا صلح کو معین کرتے ہیں۔

امام سجّاد علیہ السّلام بھی اس قاعدے سے مستثنیٰ نہیں تھے۔ آپ نے درست طور پر

Presented by www.ziaraat.com

اور قابل ستائش انداز سے مصلحت کو دیکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ دین کی استقامت و پائداری کے لئے اب مقابلے کا انداز بدلنا ہوگا۔ درحقیقت معاشرے میں حکم فرما سخت وحشت انگیز اور آمرانہ فضا اور ظالم اموی حکومت کے سخت تسلط کی وجہ سے ہر قسم کی مسلحانہ تحریک کی شکست پہلے ہی سے واضح تھی اور کوئی معمولی سی بھی حرکت حکومتی جاسوسوں سے چھپ نہیں سکتی تھی۔

اسی بنا پر امام علیہ السّلام یہ دیکھ رہے تھے کہ درست اور عاقلانہ طریقہ کار یہی ہے کہ مقابلہ کا انداز بدل دیا جائے اور دعا کے قالب میں ظالم کا مقابلہ کر کے اگلی نسلوں تک اپنا پیغام پہنچایا جائے۔گویا امام سجّادعلیہ السّلام انہیں دردناک حالات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے دعا کے قالب میں خدائے متعال سے عرض کرتے ہیں: (خدایا!) کتنے ہی ایسے دشمن تھے جنہوں نے شمشیر عداوت کو مجھ پر بے نیام کیا اور میرے لئے اپنی چھری کی دھار کو باریک اور اپنی تندی وسختی کی باڑ کو تیز کیا اور پانی میں میرے لئے مہلک زہروں کی آمیزش کی اور کمانوں میں تیروں کو جوڑ کر مجھے نشانہ کی زد پر رکھ لیا اور ان کی تعاقب کرنے والی نگاہیں مجھ سے ذرا بھی غافل نہ ہوئیں اور دل میں میری ایذارسانی کے منصوبے باندھتے اور تلخ جرعوں کی تلخی سے مجھے پیہم تلخ کام، بناتے رہے [۱]۔‘‘

امام سجّادعلیہ السّلام نے آزادی کے ساتھ تحریک چلانے کے لئے حالات کو

---

۱۔صحیفہ کاملہ دعائے ۴۹

Presented by www.ziaraat.com

نامناسب دیکھتے ہوئے بالواسطہ مقابلہ کیا اور حقیقی اسلام کی ترویج اور استحکام کے لئے حکیمانہ سیاست اختیار کی جس کے بعض نکات درج ذیل ہیں:

### ا۔عاشوراء کی یاد کو تازہ رکھنا

امام حسین علیہ السّلام اور ان کے اصحاب کی شہادت اموی حکومت کے لئے بہت مہنگی ثابت ہوئی تھی۔ رائے عامہ ان کے خلاف ہوگئی تھ اور اموی حکومت کا جواز خطرے میں پڑ گیا تھا۔ چنانچہ اس اندوہناک واقعے کی یاد کو تازہ رکھنے اور اس کے عظیم اثرات کے حصول کے لئے امام علیہ السّلام شہدائے کربلا پر گریہ کرتے رہے اور ان کی یاد کو زندہ رکھتے ہوئے، گریہ کی صورت میں مقابلہ جاری رکھا۔ اگرچہ یہ بہتے آنسو جذباتی بنیادوں پر استوار تھے لیکن اس کی اجتماعی برکات اور سیاسی آثار بھی بے نظیر تھے۔ یہاں تک کہ عاشورا کے نام کی بقا کا راز امام زین العابدین علیہ السلام کے اسی گریہ وزاری اور عزاداری کو قرار دیا جاسکتا ہے۔

### ۲۔وعظ و نصیحت

اگرچہ امام سجّاد علیہ السّلام اپنے دور کے گھٹن آلود ماحول کی وجہ سے اپنے افکار و نظریات کو کھل کر بیان نہ کر سکے، لیکن ان ہی باتوں کو وعظ و نصیحت کی زبان سے ادا کر دیا کرتے تھے۔ ان مواعظ کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ امام علیہ السّلام حکمت کے ساتھ، لوگوں کو موعظہ کرتے ہوئے جو چیز چاہتے ان کو سکھا دیا کرتے تھے۔ اور اس دور میں صحیح اسلامی نظریات کی تعلیم کا بہترین انداز یہی تھا۔

Presented by www.ziaraat.com

## ۳۔ درباری علماء کا سامنا اور ان سے مقابلہ

درباری علماء، عوام النّاس کے اذہان اور ان کے افکار کو فاسق و فاجر حکمرانوں کی جانب راغب کرتے تھے تاکہ حکومت کو قبول کرنے کے لئے رائے عامہ کو ہموار کیا جائے اور حکمران اس سے اپنے مفادات حاصل کرسکیں۔ بنابریں، امام سجّاد علیہ السّلام گمراہی اور بربادی کی جڑوں سے مقابلہ کرتے ہوئے بنیادی سطح پر حقیقی اسلامی ثقافت کی ترویج کے لئے کوششیں کرتے تھے اور لوگوں کو ان جڑوں کے بارے میں خبردار کیا کرتے تھے جن سے ان ظالموں کو روحانی غذا ملتی تھی۔

## ۴۔ انکشافات کے لئے ہر مناسب موقع سے فائدہ اٹھانا

امام سجّاد علیہ السّلام کے دور میں تحریک کے لئے حالات مناسب نہ تھے، لیکن حالات کی سختی آپ کو مناسب مواقع پر حقائق کے انکشاف سے باز نہ رکھ سکے۔ بطورِ مثال اپنی اسیری کے دوران جب دربارِ یزید میں آپ کو کچھ دیر گفتگو کا موقع ملا، تو منبر پر جا کر فرمایا:

”اے لوگو! جو مجھے نہیں پہچانتا میں اس سے اپنا تعارف کرواتا ہوں، میں مکہ ومنیٰ کا بیٹا ہوں، میں صفا و مروہ کا فرزند ہوں، میں فرزندِ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہوں کہ جن کا مقام سب پر واضح اور جن کی رسائی آسمانوں تک ہے۔ میں علی مرتضیٰ اور فاطمہ زہرا علیہم السّلام کا بیٹا ہوں۔۔ میں اس کا بیٹا ہوں جس نے تشنہ لب جان دی اور اس کا بدن خاکِ کربلا پر گرا۔

Presented by www.ziaraat.com

اے لوگو! خدائے متعال نے ہم اہلبیت علیہم السّلام کی خوب آزمائش کی ۔ کامیابی، عدالت اور تقویٰ کو ہماری ذات میں قرار دیا۔ ہمیں چھ خصوصیات سے برتری اور دوسرے لوگوں پر سرداری عطا فرمائی ۔ حلم وعلم، شجاعت اور سخاوت عنایت کی اور مومنین کے قلوب کو ہماری دوستی اور عظمت کا مقام اور ہمارے گھر کو فرشتوں کی رفت و آمد کا مرکز قرار دیا[۱]۔"

قال الامام زین العابدین علیہ السلام: آلا و انّ ابغض الناس الی اللہ مَن یقتدی بسنّۃ امام ولا یقتدی باعمالہ [۲]

ترجمہ: "حضرت امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: آگاہ ہو جاؤ کہ خدا کے نزدیک منفورترین شخص وہ ہے جو شیوۂ امام (ع) کا معتقد تو ہو لیکن عملی سیرت کی پیروی نہ کرے۔"

# منتخب واقعات

## حضرت آدم علیہ السّلام سے امام سجّاد علیہ السّلام تک

مرحوم حضینی اور دوسرے بزرگوں نے نقل کیا ہے:

---

۱۔ مناقب آل ابیطالبؑ، ابن شہر آشوب جلد ۴

Presented by www.ziaraat.com

ایک شخص جس کا نام عسکر- غلام امام محمدؐ تقی علیہ السّلام تھا اپنے والد کے حوالے سے بیان کرتے ہیں:

ایک دن میں حضرت علیؑ بن موسی الرّضا علیہ السّلام کی خدمت اقدس میں شرفیاب ہوا میں نے عرض کیا کہ: یا ابن رسول اللہ! رسولصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اہل بیت میں فقط امام چہارم، حضرت علیؑ بن الحسین علیہما السّلام ہی کیوں (سیّد العابدین) کے لقب سے مشہور ہوئے؟

امام رضا علیہ السّلام نے جواب میں فرمایا: خداوند عالم نے قرآن میں تاکید فرمائی ہے کہ ہم نے بعض پیامبروں کو بعض پر برتری عطا فرمائی ہے پھر فرمایا: لیکن جو سوال تو نے ہمارے جد امام زین العابدین علیہ السّلام کے بارے میں کیا ہے اس کا جواب یہ ہے، بیشک میرے پدر بزرگوار نے اپنے آباء واجداد سے نقل کیا ہے کہ: ایک دن امام علیؑ بن الحسین علیہما السّلام نماز میں مشغول تھے، کہ اچانک شیطان ایک ہیبت ناک شکل، سرخ آنکھوں کے اژدہے کی صورت میں زمین کے اندر سے ظاہر ہوا اور آنحضرت کے محراب عبادت کی طرف جانے لگا[1]

لیکن امام سجّاد علیہ السّلام نے اس کی جانب ذرا سی بھی توجہ نہیں کی اور اپنا رابطہ عبودیت بارگاہ معبود سے منقطع نہ ہونے دیا.

اژدہا اپنا پھن پھیلائے امام علیہ السّلام کے پیر کی انگلیوں کی طرف آیا اور آگ

---

[1] ۔ احادیث میں ہے ملائکہ کتے اور سور کے علاوہ ہر صورت میں ظاہر ہو سکتے ہیں اور جنات ان دو کی شکل میں بھی

Presented by www.ziaraat.com

جیسا زہر آپ کی جانب پھینکا، لیکن حضرت سکون واطمنان کامل کے ساتھ عبادت الٰہی میں مصروف رہے اوراسکی جانب ذرہ برابر بھی توجہ نہ فرمائی.

جس وقت شیطان اس محبوب خدا کو اذیت آزار دینے میں مصروف تھا، اچانک آسمان سے ایک تیر آ کر اس ملعون کے پیوست ہوگیا جیسے ہی تیر لگا اس نے چیخ و پکار کی فوراا اپنی اصلی حالت میں آ گیا اور امام سجّاد، زین العابدین علیہ السّلام کے پاس کھڑا ہو کر، معصوم کے قول کا اعتراف کرتے ہوئے کہنے لگا: انت زین العابدین انت زین العابدین آپ سجدہ گزاروں کے سردار؛ اور عابدوں کی زینت ہیں اور یہ نام بھی فقط آپ ہی کے لئے زیبا ہے.

اسکے بعد کہنے لگا: میں شیطان ہوں اور حضرت آدم سے لیکر آج تک سب کو دھوکا دینے اور بہکانے کی کوشش کر چکا ہوں لیکن آپ کی برابر کسی کو بھی قوی نہ پایا.

شیطان حضرت کے پاس سے چلا گیا لیکن آپ اسی طرح محو عبادت رہے [1].

**نعمت کا اظہار اور توفیق پر شکر**

امام زین العابدین علیہ السّلام کے اصحاب اور راویان حدیث میں سے ایک شخص جس کا نام زہری ہے کہتا ہے:

ایک دن امام کے ساتھ عبد الملک مروان کے پاس گیا؛ عبد الملک، نے حضرت سجّاد علیہ السّلام کا شایان شان استقبال کیا اور جب اسکی نظریں، امام زین العابدین علیہ

---

ا۔ ہدایۃ الکبری حضینی: ، ۲۱۴س ،۱۱بحار الانوار: ج ،۴۶ص ،۵۸ح ،۱۱بہ نقل از مناقب ابن شہرآشوب

Presented by www.ziaraat.com

السّلام کے چہرہ و پیشانی مبارک پرسجدوں اور اشکوں کے نشان پر پڑیں تو کہنے لگا:

اے ابو محمدؑ! کیوں اپنے آپ کو عبادت میں اتنی زحمت میں ڈالتے ہو، حالانکہ خدا نے تمام خوبیاں اور نیکیاں آپکے وجود میں عطا فرمادی ہیں رسول خدا سے بھی جو قربت ونسبت آپکو حاصل ہے کسی دوسرے کو نہیں ہے، جو علم و کمالات اور فضائل آپکے پاس موجود ہیں وہ کسی دوسرے کے پاس نہیں ہیں!

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: جو کچھ بھی تو نے خداوند عالم کی جانب سے ہمارے لئے نعمت فضل اور توفیق کے بارے میں کہا ہے، ان سب چیزوں کے لئے ہمیں خداوند عالم کا شکر ادا کرنا چاہیئے.

اور پھر فرمایا: پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حالانکہ تمام گذشتہ وآیندہ خطائیں بخشی ہوئی تھیں {یعنی معصوم تھے} لیکن اتنی نمازیں پڑھتے تھے کہ ان کے پیروں پر ورم آجاتا تھا، اتنے روزے رکھتے تھے کہ گلا خشک ہوجاتا تھا اور فرماتے تھے: کیا میں خدا کا شکر گزار بندہ نہ بنوں

پھر حضرت نے اپنے کلام کو آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا: تعریف اس خداوند عالم کی جس نے ہمیں تمام مخلوقات پر برتری بخشی اور ہمیں اچھا بدلہ عطا فرمایا، اور دنیا وآخرت میں تمام تعریفیں فقط اسکی ذات مبارک سے مخصوص ہیں.

خدا کی قسم! اگر میرے بدن کے ٹکڑے ٹکڑے بھی ہوجائیں اور خدا کی عبادت کی وجہ سے میرا سانس بھی ختم ہوجائے، خدا کی نعمتوں کا ایک فیصد بھی شکر ادا نہ ہوسکے گا.

Presented by www.ziaraat.com

کیسے ممکن ہے اس کی نعمتوں کو شمار کیا جائے؟! اور کس طرح اس کی نعمتوں میں سے کسی نعمت کا شکر ادا کیا جائے؟! خدا مجھے کبھی اپنی نعمتوں کے شکر سے غافل نہ دیکھے. اور اگر اہل خانہ اور دوسرے عزیز و اقارب کا میرے اوپر کوئی حق نہ ہوتا،، خدا کی عبادت و بندگی و مناجات کے علاوہ کوئی کام انجام نہ دیتا اور سوائے تسبیح خدا کے زبان نہ کھولتا یہاں تک کہ میری سانسیں ٹوٹ جاتیں.

زہری کہتے ہیں: پھر امام رونے لگے اور عبد الملک بھی رونے لگا اور بولا: کتنا فرق ہے اس شخص میں جس نے آخرت کے لئے تلاش اور کوشش کی اور اس شخص میں جسے دنیا کی طلب میں کوئی خوف و شرم نہیں ہے اسے احساس ہی نہیں ہے کہ کہاں سے آ رہا ہے؟ اور وہ کیا ہے؟ اور کیسا ہے؟ پس ایسے لوگوں کا آخرت میں کوئی حصہ نہ ہوگا۔[1]

## رہبری کا دعوی اور پتھر کی گواہی

امام محمّد باقر علیہ السّلام بیان فرماتے ہیں:

امام حسین علیہ السّلام کے شہید ہونے کے کچھ روز بعد، ایک دن محمّد بن حنفیّہ نے حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام سے عرض کیا: اے بھتیجے! آپ جانتے ہیں کہ رسول خدا صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے امامت کی وصیتیں اور امانتیں میرے والد امیر المومنین علیہ السّلام کے سپرد کیں انھوں نے الٰہی امانتوں کو میرے بھائی امام

---

۱۔ بحار الانوار: ج ۴۶، ص ۵۲، ح ۱۰

Presented by www.ziaraat.com

حسن مجتبیٰ علیہ السّلام کو عطا کیا ان کے بعد وہ امانات الٰہی امام حسین علیہ السّلام کو دی گئیں اور وہ کربلا کے میداں میں شہید ہو گئے

اور آپ جانتے ہیں کہ آپ کے والد بزرگوار نے امامت کے بارے میں کوئی وصیت نہیں فرمائی ، اور کیونکہ آپ ابھی جوان ہیں اور میں تمہارا بزرگ اور چچا ہوں اور تمہارے لئے باپ کی طرح ہوں میرا تجربہ بھی زیادہ ہے .

اس لئے امر امامت میں مجھ سے نزاع نہ کیجئے کیونکہ وہ میرا حق ہے.

امام سجّاد علیہ السّلام نے محمد حنفیہ کے جواب میں فرمایا: اے چچا! تقوائ الٰہی کا خیال رکھئے اور خدا سے ڈریئے اور جس چیز میں آپکا حق نہیں اس میں دعویداری مت کیجئے، میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں بے عقلوں اور نادانوں کی صف میں کھڑے نہ ہوئیے.

بیشک میرے والد بزگوار امام حسین علیہ السّلام نے عراق جانے سے پہلے مجھ سے عہد کیا تھا، اور الٰہی امانتوں کو میرے سپرد فرمایا تھا اور یہ وہ امانتیں ہیں جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے وصی کے سپرد فرمائی تھیں.

اس چیز کے دعویدار مت بنئے جس کے آپ مستحق نہیں ہیں، یہ آپ کے لئے بہت خطرناک ہے موت جلد ہی آپکے دامن گیر ہونے والی ہے جان لو کہ خداوند متعال نے وصایت و امامت اور اپنی امانات کو فقط ذرّیہ امام حسین علیہ السّلام میں قرار دیا ہے.

Presented by www.ziaraat.com

اگر آپ چاہیں تو حجر اسود کے پاس چل کر اس سے گواہی طلب کرتے ہیں.

امام باقر علیہ السّلام فرماتے ہیں: جب محمدّ حنفیہ، امام علیہ السّلام کے ساتھ حجر اسود کی طرف آئے تو امام زین العابدین علیہ السّلام نے محمدّ حنفیہ سے فرمایا: آپ خدا سے طلب کریں کہ یہ سنگ آپ کے لئے گویا ہو اور شہادت دے.

محمدّ حنفیہ نے جتنی بھی دعائیں کیں لیکن کوئی اثر ظاہر نہیں ہوا، ان کے بعد امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا اب میں دعا کرتا ہوں کیونکہ اگر حق آپکے ساتھ ہوتا تو اس پتھر سے جواب آتا .

محمدّ حنفیہ نے کہا: اب آپ دعا کیجئے.

پھر امام سجّاد علیہ السّلام نے کوئی دعا کی اور اس پتھر سے فرمایا: تجھے قسم دیتا ہوں اس کی جس نے تمام انبیاء اور اولیاء کے میثاق اور عہد کو تیرے اندر قرار دیا، گواہی دے کہ امامت و وصایت میرے پدر بزرگوار کے بعد ہم دونوں میں سے کس کا حق ہے.

اچانک پتھر ہلنے لگا، ایسا محسوس ہونے لگا جیسے اپنی جگہ سے ہٹ جائیگا؛ اس کے بعد فصیح عربی میں گویا ہوا: خداوندا! میں شہادت دیتا ہوں کہ حق وصایت و امامت امام حسین علیہ السّلام کے بعد ان کے فرزند امام علی ابن الحسین علیہ السّلام کا حق ہے.

محمدّ بن حنفیہ نے جب یہ معجزہ دیکھا، حق کو قبول کیا امام سجّاد علیہ السّلام کی امامت و

Presented by www.ziaraat.com

وصایت کی گواہی دی اور تمام مسائل میں ان کی اطاعت اور پیروی کی ۱۔

### کنکری پر مہر فرمانا

اصول کافی میں ہے کہ ایک عورت جس کی عمر ۱۱۳ سال کی ہو چکی تھی ایک دن امام زین العابدین علیہ السّلام کے پاس آئی اس کے پاس وہ کنکری تھی جس پر حضرت علی علیہ السّلام، امام حسن علیہ السّلام، امام حسین علیہ السّلام کی مہر امامت لگی ہوئی تھی اس کے آتے ہی آپ نے فرمایا کہ وہ کنکری لا جس پر میرے آباؤ اجداد کی مہریں لگی ہوئی ہیں اس پر میں بھی مہر کر دوں چنانچہ اس نے کنکری دے دی آپ نے اسے مہر کر کے واپس کر دیا، اور اس کی جوانی بھی پلٹا دی، وہ خوش وخرم واپس چلی گئی ۲۔

### غروب خورشید کے بعد ہدایت کرنے والے

کنگر ابو خالد کابلی جو امام کے اصحاب میں سے تھے بیان کرتے ہیں:

ایک دن امام سجّاد زین العابدین علیہ السّلام کی بارگاہ میں شرفیاب ہوا اور ان سے دریافت کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کون لوگ واجب الاطاعہ ہیں؟

حضرت نے فرمایا: اے کنگر! وہ اشخاص، لوگوں اور دینی امور میں اولی الامر ہیں جنہیں خداوند عالم نے امام وخلیفہ بنایا ہو۔ ان میں سب سے پہلے رسول خدا صلی اللہ علیہ

---

۱۔ کافی: ج ۱، ص ۳۴۸، ح ، ۱۵ احتجاج طبرسی: ج ، ۲ ص ، ۱۴۷ ح ۱۸۵

۲۔ دمعہ ساکبہ جلد ۲ ص ۴۳۶

Presented by www.ziaraat.com

وآلہ وسلم کے بعد جناب امیر المؤمنین حضرت علیؑ بن ابی طالب علیہم السّلام پھر حضرت امام حسن علیہم السّلام، ان کے بعد حضرت امام حسین علیہم السّلام ہیں؛ اور ان کے امت مسلمہ کی ولایت ورہبری میرے ذمہ ہے.

کنگر کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا ایک روایت حضرت امیر علیؑ بن ابی طالب علیہ السّلام سے نقل ہوئی ہے کہ آپ نے فرمایا: زمین کبھی بھی حجت خدا سے خالی نہیں ہوسکتی آپ کے بعد حجت خدا کون ہے؟

حضرت نے فرمایا: میرے بیٹے جن کا نام توریت میں باقر ہے وہ تمام علوم وفنون کو شکافتہ کرنے والے ہیں، ان کے بعد ان کے بیٹے جعفر خدا کی حجّت ہیں ان کا نام آسمانوں میں صادق ہے.

میں نے عرض کیا : یاابن رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! آپ تو سب کے سب صادق وامین ہیں تو بس انھیں صادق کیوں کہا جائیگا.

حضرت نے فرمایا: بیشک میرے والد امام حسین علیہ السّلام نے اپنے والد امیر المومنین علیہما السّلام سے نقل کیا، کہ پیغمبر خدا ﷺ نے فرمایا ہے : جب میرا بیٹا جعفر بن محمدّ دنیا میں آئے تو انکا لقب صادق رکھنا.

کیونکہ ان کے ایک پانچویں فرزند کا نام بھی جعفر ہے جو جسارت کے ساتھ امامت کا دعویدار ہوگا اسے خداوندعالم کی بارگاہ میں جعفر کذّاب ومفتری علی اللّہ کے نام سے یاد کیا جائیگا، کیونکہ وہ امام وقت سے حسد کی وجہ سے اس چیز کا دعوی کریگا جس کی وہ

Presented by www.ziaraat.com

اہلیت نہیں رکھتا.

اس کے بعد امام سجّاد علیہ السّلام بہت روئے اور فرمایا: میں اچھی طرح دیکھ رہا ہوں کہ جعفر کذّاب، اپنے زمانے طاغوت کے ساتھ ہم پیمان ہوگیا ہے اور طمع و حسادت کی وجہ سے- بارہویں- حجت خدا کا منکر ہوگیا ہے۔

میں نے عرض کیا : اے آقا! یہ جو کہتے ہیں بارہویں امام غیبت فرمائینگے کیا یہ حقیقت ہے؟ اور کیا یہ ممکن ہے؟

حضرت نے فرمایا: ہاں خدا کی قسم یہ بات ہمارے پاس موجود کتاب میں مرقوم ہے اور وہ تمام واقعات اور حالات جو امام آخر کی غیبت کے زمانے میں رونما ہونگے سب اس کتاب میں موجود ہیں. [۱]

## فقراء مدینہ کی کفالت

علامہ ابن طلحہ شافعی لکھتے ہیں کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام فقراء مدینہ کے سو گھروں کی کفالت فرماتے تھے اور سارا سامان ان کے گھر پہنچایا کرتے تھے، جنہیں آپ کبھی معلوم نہ ہونے دیتے تھے کہ یہ سامان خورد و نوش رات کو کون دے جاتا ہے آپ کا اصول یہ تھا کہ بوریاں پشت پر لاد کر گھروں میں روٹی اور آٹا وغیرہ پہنچاتے تھے اور یہ سلسلہ تا حیات جاری رہا، بعض معززین کا کہنا ہے کہ ہم نے اہل مدینہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے کہ امام زین العابدین کی زندگی تک ہم خفیہ غذائی رسد

---

۱۔ اکمال الدّین شیخ صدوق: ص ۳۱۹ ح ۲، احتجاج مرحوم طبرسی: ج ۲، ص ۱۵۲ ح ۱۸۸

Presented by www.ziaraat.com

سے محروم نہیں ہوئے۔ [۱]

## حسن بصری کی شرمندگی

حسن بصری - کہ جو صوفی مسلک درویش تھا - حج کے عظیم موقع پر کچھ حاجیوں کو وعظ ونصیحت کرنے میں مشغول تھا.

امام علیؑ بن الحسین علیہما السّلام وہاں سے گزرے تو آپ نے دیکھا کہ حسن بصری لوگوں کو نصیحت کرنے میں مشغول ہے.

حضرت ٹھہر گئے اور اس سے ارشاد فرمایا: اے حسن بصری ! کچھ دیر خاموش رہو تم سے کچھ سوال کرنا ہے اگر اس حالت اور کیفیت میں جو تیرے اور خدا کے درمیان ہے، اگر تجھے موت آ جائے تو کیا تو راضی ہے؟ اور کیا تو خدا کے دربار میں حاضر ہونے کے لئے آمادہ ہے

حسن بصری نے کہا: نہیں ابھی آمادہ نہیں ہوں

حضرت نے فرمایا: کیا نہیں چاہتا کہ تو اپنی افکار اور نظریات کا دوبارہ جائزہ لے اور اپنے اندر تبدیلی لائے؟

حسن بصری کچھ دیر سر جھکائے بیٹھا رہا اور پھر بولا: جو کچھ بھی اس بارے میں کہونگا اس میں حقیقت نہیں ہوگی.

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: کیا تو سوچ رہا ہے کہ کوئی دوسرا پیغمبر آئیگا؟ اور تو

---

۱۔ مطالب السؤل ص ۲۶۵، نور الابصار ص ۱۲۶

Presented by www.ziaraat.com

اس کے نز دیکیوں میں سے ہو جائیگا ؟

اس نے جواب دیا: نہیں میں ایسا نہیں سوچ رہا

حضرت نے فرمایا: کیا تو اس دنیا کے علاوہ کسی اور دنیا کا منتظر ہے کہ جس میں شائستہ کام انجام دیگا اور نجات پا جائیگا ؟

وہ بولا : نہیں میری ایسی کوئی تمنا نہیں ہے.

امام علیہ السّلام نے فرمایا: کیا تم نے ایسا کوئی عقلمند دیکھا ہے جو اپنی ترقی تو چاہتا ہو اور اس سے راضی ہو لیکن ترقی کے راستوں پر قدم نہ رکھے؛ اپنے آپ کو تبدیل نہ کرے اور دوسروں کو وعظ و نصیحت کرے؟!

امام علیہ السّلام اتنا فرما کر آگے بڑھ گئے.

حسن بصری نے پوچھا: یہ شخص کون تھا جس نے اس مجمع میں اتنی حکمت آمیز گفتگو میرے ساتھ کی؟

اس کے جواب میں کہا گیا: وہ علیّ بن الحسین امام زین العابدین علیہما السّلام تھے

اس کے بعد کسی نے حسن بصری کو وعظ و نصیحت کرتے نہ دیکھا [۱]

بنیاد کعبہ معظمہ اور نصب حجر اسود

۷۱ ھ میں عبد الملک بن مروان نے عراق پر لشکر کشی کر کے مصعب بن زبیر کو قتل کیا پھر ۷۲ ھ میں حجاج بن یوسف کو ایک عظیم لشکر کے ساتھ عبد اللہ بن زبیر کو قتل

---

۱۔ احتجاج طبرسی: ج ۲، ص ۱۴۰، ح ۱۷۹

Presented by www.ziaraat.com

کرنے کے لیے مکہ معظمہ روانہ کیا۔ [1]

وہاں پہنچ کر حجاج نے ابن زبیر سے جنگ کی ابن زبیر نے زبردست مقابلہ کیا اور بہت سی لڑائیاں ہوئیں، آخر میں ابن زبیر محصور ہو گیا اور حجاج نے ابن زبیر کو کعبہ سے نکالنے کے لیے کعبہ پر سنگ باری شروع کر دی، یہی نہیں بلکہ اسے کھدوا ڈالا، ابن زبیر جمادی الثانی ۷۳ھ میں قتل ہوا (تاریخ ابن الوردی)۔ اور حجاج جو خانہ کعبہ کی بنیاد تک خراب کر چکا تھا اس کی تعمیر کی طرف متوجہ ہوا۔

علامہ صدوق کتاب علل الشرائع میں لکھتے ہیں کہ حجاج کے ہدم کعبہ کے موقع پر لوگ اس کی مٹی تک اٹھا کر لے گئے اور کعبہ کو اس طرح لوٹ لیا کہ اس کی کوئی پرانی چیز باقی نہ رہی، پھر حجاج کو خیال پیدا ہوا کہ اس کی تعمیر کرانی چاہئے چنانچہ اس نے تعمیر کا پروگرام مرتب کر لیا اور کام شروع کرا دیا، کام کی ابھی بالکل ابتدائی منزل تھی کہ ایک اژدھا برآمد ہو کر ایسی جگہ بیٹھ گیا جس کے ہٹے بغیر کام آگے نہیں بڑھ سکتا تھا

لوگوں نے اس واقعہ کی اطلاع حجاج کو دی، حجاج گھبرا اٹھا اور لوگوں کو جمع کر کے ان سے مشورہ کیا کہ اب کیا کرنا چاہیئے جب لوگ اس کا حل نکالنے سے قاصر رہے تو ایک شخص نے کھڑے ہو کر کہا کہ آج کل فرزند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت امام زین العابدین علیہ السّلام یہاں آئے ہوئے ہیں، بہتر ہو گا کہ ان سے دریافت کیا جائے یہ مسئلہ ان کے علاوہ کوئی حل نہیں کر سکتا، چنانچہ حجّاج نے آپ کو تشریف

---

[1]۔ ابوالفداء۔

Presented by www.ziaraat.com

لانے کی زحمت دی، آپ نے فرمایا کہ اے حجاج تو نے خانہ کعبہ کو اپنی میراث سمجھ لیا ہے تو نے تو بنائے جناب ابراہیم علیہ السّلام کو اکھڑوا کر راستہ میں ڈلوا دیا ہے "سن تجھے خدا اس وقت تک کعبہ کی تعمیر میں کامیاب نہ ہونے دیے گا جب تک تو کعبہ کا لٹا ہوا سامان واپس نہ منگائے گا، یہ سن کر اس نے اعلان کیا کہ کعبہ سے متعلق جو شے بھی کسی کے پاس ہو وہ جلد سے جلد واپس کرے، چنانچہ لوگوں نے پتھر مٹی وغیرہ جمع کر دی جب آپ اس کی بنیاد استوار کی اور حجاج سے فرمایا کہ اس کے اوپر تعمیر کراؤ "فلذالك صار البيت مرتفعا" پھر اسی بنیاد پر خانہ کعبہ کی تعمیر ہوئی۔

کتاب الخرائج والجرائح میں علامہ قطب راوندی لکھتے ہیں کہ جب تعمیر کعبہ اس مقام تک پہنچی جس جگہ حجر اسود نصب کرنا تھا تو یہ دشواری پیش ہوئی کہ جب کوئی عالم، زاہد، قاضی اسے نصب کرتا تھا تو "يتزلزل ويضطرب ولا يستقر" حجر اسود متزلزل اور مضطرب رہتا اور اپنے مقام پر ٹھہرتا نہ تھا یہاں تک کہ امام زین العابدین علیہ السّلام بلائے گئے اور آپ نے بسم اللہ کہہ کر اسے نصب کر دیا، یہ دیکھ کر لوگوں نے اللہ اکبر کا نعرہ بلند کیا[۱]۔

علماء و مورخین کا بیان ہے کہ حجاج بن یوسف نے یزید بن معاویہ ہی کی طرح خانہ کعبہ پر منجنیق سے پتھر وغیرہ پھنکوائے تھے۔

## عبدالملک بن مروان کا حج

---

۱۔ دمعہ ساکبہ جلد ۲ ص ۴۳۷

Presented by www.ziaraat.com

بادشاہ دنیا عبدالملک بن مروان اپنے عہد حکومت میں اپنے پایہ تخت سے حج کے لیے روانہ ہو کر مکہ معظمہ پہنچا اور بادشاہ دین حضرت امام زین العابدین بھی مدینہ سے روانہ ہو کر پہنچ گئے مناسک حج کے سلسلہ میں دونوں کا ساتھ ہو گیا، حضرت امام زین العابدین آگے آگے چل رہے تھے اور بادشاہ پیچھے چل رہا تھا عبدالملک بن مروان کو یہ بات ناگوار ہوئی اور اس نے آپ سے کہا کیا میں نے آپ کے باپ کو قتل کیا ہے جو آپ میری طرف متوجہ نہیں ہوتے، آپ نے فرمایا کہ جس نے میرے باپ کو قتل کیا ہے اس نے اپنی دینا و آخرت خراب کر لی ہے کیا تو بھی یہی حوصلہ رکھتا ہے اس نے کہا نہیں میرا مطلب یہ ہے کہ آپ میرے پاس آئیں تاکہ میں آپ سے کچھ مالی سلوک کروں؛

آپ نے ارشاد فرمایا مجھے تیرے مال دنیا کی ضرورت نہیں ہے مجھے دینے والا خدا ہے یہ کہہ کر آپ نے اسی جگہ زمین پر ردائے مبارک ڈال دی اور کعبہ کی طرف اشارہ کر کے کہا، میرے مالک اسے بھر دے، امام کی زبان سے الفاظ کا نکلنا تھا کہ ردائے مبارک موتیوں سے بھر گئی، آپ نے اسے راہ خدا میں دیدیا[1]

## اخلاق کی دنیا میں

امام زین العابدین علیہ السلام چونکہ فرزند رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تھے اس لئے آپ میں سیرت محمدیہ کا ہونا لازمی تھا علامہ محمد ابن طلحہ شافعی لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے

---

۱۔ دمعہ ساکبہ، جنات الخلود ص ۲۳

Presented by www.ziaraat.com

آپ کو برا بھلا کہا، آپ نے فرمایا بھائی میں نے تو تیرا کچھ نہیں بگاڑا، اگر کوئی حاجت رکھتا ہے تو بتا تا کہ میں پوری کروں، وہ شرمندہ ہو کر آپ کے اخلاق کا کلمہ پڑھنے لگا [۱]۔

علامہ ابن حجر مکی لکھتے ہیں، ایک شخص نے آپ کی برائی آپ کے منہ پر کی آپ نے اس سے بے توجہی برتی، اس نے مخاطب کر کے کہا، میں تم کو کہہ رہا ہوں، آپ نے فرمایا، میں حکم خدا "واعرض عن الجاہلین" جاہلوں کی بات کی پرواہ نہ کرو پر عمل کر رہا ہوں [۲]۔ علامہ شبلنجی لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ سے آ کر کہا کہ فلاں شخص آپ کی برائی کر رہا تھا آپ نے فرمایا کہ مجھے اس کے پاس لے چلو، جب وہاں پہنچے تو اس سے فرمایا بھائی جو بات تو نے میرے لیے کہی ہے، اگر میں نے ایسا کیا ہو تو خدا مجھے بخشے اور اگر نہیں کیا تو خدا تجھے بخشے کہ تو نے بہتان لگایا۔

ایک روایت میں ہے کہ آپ مسجد سے نکل کر چلے تو ایک شخص آپ کو سخت الفاظ میں گالیاں دینے لگا آپ نے فرمایا کہ اگر کوئی حاجت رکھتا ہے تو میں پوری کروں، اچھا، یہ پانچ ہزار درہم لے، وہ شرمندہ ہو گیا۔ ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص نے آپ پر بہتان باندھا، آپ نے فرمایا میرے اور جہنم کے درمیان ایک گھاٹی ہے، اگر میں نے اسے طے کر لیا تو پرواہ نہیں جو جی چاہے کہو اور اگر اسے پار نہ کر سکا تو میں اس سے زیادہ برائی کا مستحق ہوں جو تم نے کی ہے [۳]۔

---

۱۔ مطالب السؤل ص ۲۶۷

۲۔ مطالب السؤل ص ۲۶۷

۳۔ نور الابصار ص ۱۲۷۔۱۲۶

Presented by www.ziaraat.com

علامہ دمیری لکھتے ہیں کہ ایک شامی حضرت علی کو گالیاں دے رہا تھا، امام زین العابدین نے فرمایا بھائی تم مسافر معلوم ہوتے ہو، اچھا میرے ساتھ چلو، میرے یہاں قیام کرو، اور جو حاجت رکھتے ہو بتاؤ تا کہ میں پوری کروں وہ شرمندہ ہو کر چلا گیا [۱] ۔علامہ طبری لکھتے ہیں کہ ایک شخص نے آپ سے بیان کیا کہ فلاں شخص آپ کو گمراہ اور بدعتی کہتا ہے، آپ نے فرمایا افسوس ہے کہ تم نے اس کی ہمنشینی اور دوستی کا کوئی خیال نہ کیا، اور اسکی برائی مجھ سے بیان کر دی، دیکھو یہ غیبت ہے، اب ایسا کبھی نہ کرنا [۲] ۔جب کوئی سائل آپ کے پاس آتا تھا تو خوشحال و مسرور ہو جاتے تھے اور فرماتے تھے خدا تیرا بھلا کرے کہ تو میرا زاد راہ آخرت اٹھانے کے لیے آ گیا ہے [۳] ۔امام زین العابدین علیہ السّلام صحیفہ کاملہ میں ارشاد فرماتے ہیں خداوندا میرا کوئی درجہ نہ بڑھا مگر یہ کہ اتنا ہی خود میرے نزدیک مجھ کو گھٹا دے اور میرے لیے کوئی ظاہری عزت نہ پیدا کر مگر یہ کہ خود میرے نزدیک اتنی ہی باطنی لذت پیدا کر دے۔

## بلند خصائل وصفات

حضرت باقر العلوم علیہ السّلام نے اپنے پدر گرامی حضرت سجّاد، زین العابدین علیہ السّلام کے صفات وخصائل بیان کرتے ہوئے جن خصلتوں کی طرف اشارہ فرمایا ہے قابل توجہ ہیں:

---

۱۔حیواۃ الحیوان جلد ا ص ۱۲۱

۲۔احتجاج ص ۳۰۴

۳۔مطالب السؤل ص ۲۶۳

Presented by www.ziaraat.com

امیر المؤمنین حضرت علیؑ علیہ السّلام کی طرح ہر شب و روز میں ایک ہزار رکعت نماز پڑھتے تھے، کھجور کے پانچ سو درخت تھے جن میں ہر ایک کے پاس دو رکعت نماز انجام دیا کرتے تھے، جب نماز کے لئے آمادہ ہوتے تھے خشوع اور تواضع کے ساتھ، اور نماز کے لئے قیام کرتے وقت پورے بدن پر اس طرح لرزہ طاری ہوتا تھا جیسے کسی عظیم و جلیل بادشاہ کا حقیر و ناچیز غلام لرزتا ہے؛ اور آپکا پورا بدن خوف و خشیت الٰہی سے تھرانے لگتا تھا.

آپ کی نماز ایسی ہوتی تھی جیسے کوئی بندہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں آخری اور وداعی نماز پڑھ رہا ہو.

نماز کے وقت کسی جانب یا کسی شخص کی طرف توجہ نہیں کرتے تھے؛ اور خداوند عالم کی طرف پوری توجہ اس طرح ہوتی تھی کہ کبھی عبا شانوں سے ہٹ جاتی تھی اور آپ توجہ نہیں فرماتے تھے جب آپ سے عرض کیا جاتا آقا آپ اس کی طرف کیوں نہیں متوجہ ہوتے تو آپ فرماتے تھے کیا نہیں جانتے ہو کہ کس کے سامنے کھڑے ہیں اس کے سامنے کس کی مجال جو اپنا ذہن اس کی طرف سے ہٹا سکے؟!

لوگ کہتے تھے: ہم پر خاک ہو ہم اپنی نمازوں کی وجہ سے ہلاک ہو گئے؛ حضرت فرماتے تھے: نافلہ پڑھا کرو اس لئے کہ نافلہ سے فریضہ کے نقص کا جبران ہوتا ہے

حضرت، تاریک راتوں میں کھجور، آٹا، دینار وغیرہ کے تھیلے اپنی پشت پر رکھ کر فقراء اور نیازمندوں میں تقسیم کرنے کے لئے لے جاتے تھے اور اکثر ایسا ہوتا تھا کہ کہ آپ

Presented by www.ziaraat.com

نقاب لگا کر جاتے تھے کہ مبادا کوئی پہچان لے.

جب حضرت کی شہادت ہوئی تو اس وقت لوگوں کو معلوم ہوا وہ محسن، ہمدرد چوتھے امام حضرت سجّاد امام زین العابدین علیہ السّلام تھے.

ایک دن ایک شخص امام سجّاد علیہ السّلام کے پاس آیا اور کہنے لگا حضرت میں آپ سے بہت محبت کرتا ہوں، تو آپ نے فرمایا: خدایا میں تجھ سے پناہ چاہتا ہوں اس حال سے کہ لوگ مجھ سے محبت کریں اور میں تیرے غیظ وغضب کا مستحق قرار پاؤں.

میرے پدر بزگوار کی ایک کنیز سے ان کی زندگی کے بارے میں سوال کیا گیا تو اس نے کہا حضرت گھر میں جو کچھ ان سے متعلق ہوتا تھا خود انجام دیتے تھے اور دوسروں کے امور میں بھی ان کی مدد کرتے تھے۔

ایک دن میرے پدر ایک محلہ سے گزر رہے تھے تو آپ نے دیکھا کچھ لوگ ان کے بارے میں بدگوئی کر رہے ہیں آپ رک گئے اور فرمایا: تم نے جو کچھ بھی میرے بارے میں کہا اگر اس میں صداقت ہے اور میں ان صفات کا حامل ہوں تو خداوند عالم مجھے معاف فرمائے اور اگر تم لوگ جھوٹ کہتے ہو تو خدا تمہاری بخشش فرمائے.

جب بھی کوئی طالب علم آپ کی خدمت میں وارد ہوتا تو آپ فرماتے تھے: مرحبا اس شخص کے لئے جو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر عمل کر رہا ہے، اور فرماتے تھے جو بھی تحصیل علم کے لئے گھر سے باہر نکلتا ہے تو اس کے ہر قدم پر زمین تسبیح کرتی ہے.

میرے والد بزگوار، امام سجّاد علیہ السّلام نے سو غریب ونادار گھروں کی سرپرستی اور

Presented by www.ziaraat.com

کفالت اپنے ذمہ لے رکھی تھی جن کی ہر طرح کی احتیاج کو برطرف فرماتے تھے.

وہ کوشش فرماتے تھے کہ ہمیشہ ان کے دسترخوان پر غریب اور نادار افراد بیٹھیں؛ اور جو معلول وفالج زدہ ومعذور ہوتے تھے تو حضرت خود اپنے دست مبارک سے انھیں لقمہ بنا کر کھلاتے تھے اور اگر ان کے گھر میں کوئی ان کی نگھداری کرنے والی ہوتی تھی تو اس کے لئے بھی غذا بھجواتے تھے. [1]

## دشمن کی ہلاکت

محدّثین اور مورخین نے لکھا ہے کہ:

کربلا کے المناک واقعہ، اور بنی امیہ کے تختہ حکومت پلٹنے اور مختار ثقفی کے قیام کے بعد.

ابراہیم ابن مالک اشتر جو مختار ثقفی کے سرداروں میں سے تھے، انھوں نے عبید اللّٰہ بن زیاد ملعون کو نہر خارز کے کنارے ہلاک کیا اور پھر اسکا سر کچھ دوسرے قاتلین امام حسین علیہ السّلام کے سروں کے ساتھ حضرت مختار علیہ السّلام کے پاس بھیجا، تو مختار علیہ السّلام نے فورا وقت تلف کئے بغیر حکم دیا عبید اللہ ملعون کا سر امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام اور ان کے چچا محمّد حنفیّہ کے پاس لے جایا جائے.

جب وہ سر امام سجّاد علیہ السّلام کے پاس لایا گیا، تو آپ دسترخوان پر بیٹھے کھانا

---

۱۔ خصال مرحوم شیخ صدوق: ج ۲ ص ۵۱۷ ح ۴

Presented by www.ziaraat.com

تناول فرما رہے تھے.

جیسے ہی حضرت کی نگاہیں اس سر پر پڑیں تو آپ نے فرمایا: جب ہمیں عبید اللہ ابن زیاد کی مجلس میں لیجایا گیا، وہ ملعون کھانے میں مشغول تھا اور میرے والد حضرت ابا عبداللہ الحسین علیہ السّلام کے سر اطہر کو اپنے سامنے رکھے ہوئے تھا.

میں نے اسی وقت خدا کی بارگاہ سے طلب کیا خدایا اس دنیا سے جانے سے پہلے اس ملعون کا کٹا ہوا سر دیکھوں.

میں اس خدا کا شکرادا کرتا ہوں کہ جس نے میری دعا کو مستجاب فرمایا

اس کے بعد امام علیہ السّلام نے اس ملعون کے سر کو دور پھینک دیا اور اپنا سر مبارک سجدہ میں رکھ کر فرمایا:

حمد وثنا اور شکر کرتا ہوں اس خداوند عالم کا کہ جس نے میری دعا قبول فرمائی اور اسی دنیا میں میرے باپ کے خون ناحق کا بدلہ دشمن سے لیا .

اور پھر آخرمین فرمایا: خدا مختار کو اچھا بدلہ دے. [1]

## تنہا حامی اور فرشتہ الٰہی

سعید بن مسیّب- جو کہ امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام کے صحابی تھے- بیان کرتے ہیں:

جب دشمن نے مدینہ منوّرہ پر حملہ کیا اور لوگوں کے مال و دولت کو غارت کیا اور

---

۱۔ اعیان الشّیعۃ: ج۱ ص ۶۳۶

Presented by www.ziaraat.com

مسجد النبی تین شب و روز دشمن کے محاصرہ میں تھی.

ہم اس مدت میں امام سجّاد علیہ السّلام کے ساتھ حضرت رسول اللہ ﷺ کی قبر مطہر پر آ کر زیارت کرتے تھے لیکن دشمن کو ہمارا پتہ نہ چلتا تھا اور نہ ہی دشمن ہمیں دیکھ پاتا تھا

اور جب قبر مطہر کے پاس جاتے تھے تو امام حضرت سجّاد علیہ السّلام قبر اطہر سے باتیں کرتے تھے لیکن ہمیں سنائی نہیں دیتی تھیں.

انھیں ایام میں جب ہم ایک روز زیارت میں مشغول تھے اور حضرت قبر سے باتیں فرمارہے تھے تو اچانک ایک گھوڑ اسوار ظاہر ہوا جس نے سبز لباس زیب تن کیا ہوا تھا اور اس کے ہاتھ میں ایک اسلحہ تھا اور موجود دشمن چاہتے تھے کہ قبر مطہر کی بے حرمتی کریں، وہ گھوڑ اسوار ہر اس دشمن کی طرف جو بے حرمتی کا قصد کرتا تھا اپنے اسلحہ کا رخ کرتا تھا وہ دشمن وہیں ہلاک ہو جاتا تھا.

اور جب قتل و غارت گری کا زمانہ ختم ہوا اور دشمن مدینہ منورہ سے باہر چلے گئے، امام سجّاد حضرت زین العابدین علیہ السّلام نے بنی ہاشم کی تمام عورتوں کے زیورات اور قیمتی اشیاء جمع کیں اور اس سبز پوش محافظ کو دینا چاہیں تو اس نے امام زین العابدین علیہ السّلام سے عرض کیا:

یا ابن رسول اللہ ﷺ ! میں خدا کے فرشتوں میں سے ایک فرشتہ ہوں اور جب میں نے دیکھا دشمن مدینہ منورہ کی بے حرمتی کا قصد کر رہے ہیں تو میں نے بارگاہ

Presented by www.ziaraat.com

خداوندی میں التماس کی کہ مجھے اس مقدس شہر سے دفاع اور آپ کی حفاظت کے لئے بھیجا جائے تو خدا نے مجھے اجازت دیدی [1]

## زہد وقناعت

مرحوم قطب الدّین راوندی نے اپنی کتاب میں امام پنجم، حضرت باقر العلوم علیہ السّلامسے نقل کیا ہے:

ایک دن عبد الملک بن مروان کعبہ الٰہی کے طواف میں مشغول تھا اور امام سجّاد حضرت زین العابدین علیہ السّلام بھی بغیر عبد الملک کی طرف توجہ دئے طواف میں مشغول تھے اور اپنی پوری توجہ صاحب بیت کی طرف لگائے ہوئے تھے.

عبد الملک نے جب حضرت کو دیکھا تو اپنے ہمراہیوں سے دریافت کیا کہ یہ شخص کون ہے کہ جو ہماری طرف سے اظہار بے نیازی کر رہا ہے تو اس سے کہا گیا یہ علیّ بن الحسین، زین العابدین ہیں.

عبد الملک جہاں تھا وہیں بیٹھ گیا اور حکم دیا کہ انہیں میرے پاس لایا جائے جب حضرت کو اس کے پاس لائے تو عبد الملک نے عرض کیا: یا ابن رسول اللہ ﷺ! میں آپ کے والد بزگوار- امام حسین علیہ السّلام- کا قاتل نہیں ہوں پھر آپ میری طرف سے کیوں بے اعتنائی فرماتے ہیں؟

---

[1] ۔ بحار الانوار: ج ۴۵ ص ۱۳۱، ح ۲۱ مناقب ابن شہر آشوب: ج ۳، ص ۲۸۴

Presented by www.ziaraat.com

حضرت نے فرمایا: میرے باپ کے قاتل کی دنیا اس کے ناشایست فعل کی وجہ سے تباہ تھی ہی اور آخرت بھی تباہ ہوگئی اور اگر تو بھی چاہتا ہے کہ تیری دنیا و آخرت بھی تباہ ہو جائے تو میرے ساتھ جو سلوک چاہے انجام دے

عبدالملک نے عرض کیا میرا ایسا کوئی قصد نہیں ہے؛ لیکن میں چاہتا ہوں کہ اگر کبھی فرصت ہو تو میرے پاس تشریف لائیں تا کہ ہماری دنیا سے بھی کچھ استفادہ کرسکیں

اس کے اس کلام پر امام سجاد علیہ السلام زمیں پر بیٹھ گئے اور اپنی عبا کے دامن کو کھول کے خداوند عالم کی بارگاہ میں دست بہ دعا ہوئے اور عرض کیا: خدایا اپنے دوستوں اور مخلص بندوں کی عظمت و منزلت اسے دکھا دے.

اچانک عبا کا دامن نایاب اور گرانقدر جواہرات سے بھر گیا جس سے عبدالملک اور اسکے اطرافیوں کی آنکھیں خیرہ ہوگئیں.

پھر امام نے عبدالملک کی طرف رخ کر کے فرمایا: اے عبدالملک! جو خدا کے نزدیک اتنی عظمت و منزلت کا حامل ہو اسے تمہاری دنیا کی کیا احتیاج؟ پھر خدا کی بارگاہ میں عرض کیا خدایا انھیں واپس لے لے مجھے ان کیا ضرورت ہے. [۱]

## طوق وزنجیر سے نجات

ابن شہاب زُہَری - کہ جو حضرت سجّاد امام زین العابدین صلوات اللّٰہ وسلامہ علیہ

---

۱۔ الخرائج والجرائح: ج ۱، ص ۱۹۴، مجموعہ نفیسۃ: ص ۲۰۹، بحارالانوار: ج ۴۶، ص ۱۲۰، ح ۱۱

Presented by www.ziaraat.com

کے دوستوں اور چاہنے والوں میں سے تھے۔ بیان کرتے ہیں: جس دن عبدالملک بن مروان نے امام سجّاد علیہ السّلام کو گرفتار کیا اور شام بھیج دیا امام کے ہمراہ کثیر تعداد میں فوجی بھی روانہ کئے حضرت بڑی سخت مشکل میں مبتلا تھے.

زُہَری کہتے ہیں: میں نے فوج کے ایک سردار سے بات کی کہ اتنی اجازت دیدے کہ میں امام علیہ السّلام کو وداع کرلوں ؛ اس نے مجھے اجازت دی اور میں امام کی خدمت میں شرفیاب ہوا، جیسے ہی میں امام علیہ السلام کے حضور میں وارد ہوا میں نے دیکھا کہ حضرت ایک چھوٹے سے کمرے میں ہیں حضرت کے پیروں کو زنجیر کے ذریعہ گردن مبارک سے باندھ دیا گیا ہے، اور ہاتھوں میں بھی رسیاں کسی ہوئی تھیں.

میں اس جگر فگار منظر کو دیکھ کر تڑپ اٹھا آنکھوں میں آنسو آ گئے امام سے عرض کیا آقا: کاش میں آپ کی جگہ ہوتا اور میں یہ منظر نہ دیکھتا.

امام علیہ السّلام نے فرمایا: اے زہری! تم سوچ رہے ہو کہ یہ طوق و زنجیر مجھے غمزدہ اور مایوس کر رہے ہیں؟!

اگر ارادہ کروں تو یہ سب میرے لئے ناچیز ہیں.

پھر امام نے اپنے پیروں اور ہاتھوں کو حرکت دی تو تمام طوق و بیڑیاں پیروں میں گر پڑے؛ جب میں نے یہ دیکھا تو امام کی خدمت اقدس سے رخصت ہوا کچھ دیر بعد میں نے دیکھا کہ کچھ فوجی اور حکومت کے جاسوس امام کی تلاش میں پھر رہے

Presented by www.ziaraat.com

ہیں اور کہہ رہے ہین ہمیں نہیں معلوم کہ وہ آسمان پر چلے گئے یا زمین نگل گئی ہم کثیر تعداد میں فوجی اپنی نگرانی میں رکھے ہوئے تھےلیکن رات میں معلوم نہیں کس طرح غائب ہو گئےان کی طوق وزنجیر کمرے کے فرش پر پڑی ہوئیں تھیں اور کمرہ خالی تھا

زہری کہتے ہیں: میں فورا عبد الملک کے پاس گیا تا کہ پورے حالات معلوم کروں، جب عبدالملک کے پاس گیا کچھ باتوں کے بعد عبدالملک نے مجھ سے کہا ان چند دنوں میں جب سے علیؑ بن الحسین علیہما السّلام غائب ہوئے ہیں ایک بار میرے پاس آئے اور فرمایا اے عبدالملک تجھے مجھ سے کیا سروکار؟ اور تو مجھ سے کیا چاہتا ہے؟

میں نے عرض کیا: میں چاہتا ہوں کہ آپ میرے پاس رہیں

فرمایا: لیکن میں نہیں چاہتا۔اس واقعہ کے بعد سے میں عجیب وحشت میں مبتلا ہوں [۱]

## مہمان کبریاءاس کا محبوب ترین بندہ

مرحوم طبرسی نے اپنی کتاب احتجاج میں ذکر کیا ہے:

ایک سال بارش نہ ہونے کی وجہ سے مکہ میں قحط وخشک سالی سے لوگ پریشان تھے،خشک سالی بھی ایسی کہ جس سے کوئی بھی امان میں نہیں تھا.

اسی لئے بعض افراد جیسے مالک بن دنیار،ثابت بنانی ،ایّوب سجستانی ،حبیب فارسی

---

۱۔اثبات الہداۃ: ج ،۳ص ۱۹ح ۳۸

Presented by www.ziaraat.com

وغیرہ دعا اور نماز استسقاء کے لئے مسجد الحرام میں آئے اور خانہ کعبہ کا طواف کرنے کے بعد دعا ونماز میں مشغول ہو گئے لیکن جتنی بھی دعائیں کیں مستجاب نہ ہوئیں اور بارش کا ایک قطرہ بھی نہ برسا.

اسی درمیان ایک خوبصورت اور غمگین ومحزون جوان وارد ہوا اور طواف زیارت کعبہ کے بعد لوگوں کی طرف منھ کر کے خطاب کیا: کیا تم لوگوں میں کوئی خداوند رحمٰن ورحیم کا پیارا ومحبوب نہیں ہے

لوگوں نے کہا: اے جوان! ہمارا کام دعاء وطلب کرنا ہے استجابت وقبولیت خداوند عالم کے ہاتھوں میں ہے.

جوان نے فرمایا: اگر تم میں سے ایک شخص بھی محبوب الٰھی ہوتا تو اسکی دعا مستجاب ہوتی؛ پھر انھیں اشارہ کیا کہ خانہ کعبہ کے پاس سے ہٹ جائیں اور پھر خود خانہ خدا کے نزدیک آنے کے بعد سر سجدے مین رکھ دیا اور بارگاہ الٰھی میں عرض کیا: (سَیِّدی بِحُبِّكَ لی إلاّ سَقَیْتَھُمُ الْغَیْثَ)؛ اے میرے مولا اور سردار! تجھے قسم دیتا ہوں اس محبت کی جو تجھے مجھ سے ہے، ان لوگوں کو بارش کے پانی سے سیراب فرما.

ابھی دعا ختم نہ ہوئی تھی کہ ایک بادل آیا اور بارش مشک کے منھ کے پانی کی طرح بادلوں سے مکہ پر نازل ہونے لگی.

ثابت بنانی کہتے ہیں: میں نے اس جوان سے پوچھا تجھے کہاں سے معلوم کہ خدا تجھ سے محبت کرتا ہے؟

Presented by www.ziaraat.com

اس جوان نے فرمایا: اگر خدا مجھ سے محبت نہ کرتا تو مجھے اپنے گھر کی زیارت کے لئے نہ بلاتا اب جب مجھے گھر کی زیارت کی اجازت دی ہے تو وہ مجھ سے محبت بھی کرتا ہے؛ اسی لئے جب میں نے دعا کی تو میری دعا مستجاب ہوئی.

اس کے بعد جوان نے یہ اشعار پڑھے جن کا مطلب یہ ہے:

جو بھی خدا کو پہچانتا اور اس کی معرفت رکھتا ہو؛ لیکن پھر بھی اسے دوسروں کی مدد کی ضرورت محسوس ہوتی ہو تو وہ شقی اور بے چارہ ہے.

خدا کے بندے کے لئے تقویٰ اور پرہیزگاری کے علاوہ کیا چیز فائدہ مند ہو سکتی ہے؟

جبکہ وہ جانتا ہے تمام عزتیں، سعادتیں اور خوش بختیاں فقط باتقویٰ اور پرہیزگار افراد کے لئے ہونگی.

ثابت بنانی کہتے ہیں: اس کے بعد میں نے مکہ کے رہنے والوں سے دریافت کیا کہ یہ شخص کون تھا؟

انھوں نے جواب دیا: وہ علیؑ بن الحسین بن علیؑ بن ابی طالب -یعنی امام سجّاد، زین العابدین- علیہم السّلام ہیں. [1]

## ثمرہ انکساری

ایک دن امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام اپنے اصحاب اور چاہنے

---

۱۔ مستدرک الوسائل: ج ۶، ص ۲۰۹، ح ۱۸، احتجاج طبرسی: ج ۲ ص ۱۴۹، ح ۱۸۶

Presented by www.ziaraat.com

والوں کے درمیان بیٹھے ہوئے تھے،کہ ان کا ایک عزیز حسن ابن حسن نامی، امام کی طرف آیااور نزدیک آ کر امام کی شان میں گستاخی کرنے لگاامام علیہ السلام نے سکوت فرمایااور اسے کسی طرح کا کوئی جواب نہیں دیااور نہ ہی اس بدتمیز اور کم عقل کے مقابل کسی طرح کا عکس العمل دکھایا.اسے جو کچھ کہنا تھا اس نے کہا اور امام کی مجلس سے خارج ہوگیا.

اس وقت، امام سجّاد علیہ السّلام نے جلسہ میں موجود افراد کی طرف رخ فرما کر خطاب فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ اس شخص کی بدتمیزی کا جواب دوں جو شخص میرے ساتھ چلنا چاہتا ہے چلے.

حاضرین نے کہا: یابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ہم سب چاہتے ہیں کہ آپ کے ساتھ چلیں اور جو کچھ کہنا ہے اس سے کہیں اور ہم آپ کی پوری طرح حمایت کریں.

پھر حضرت نے اپنی نعلین مبارک پہنیں اور اصحاب کے ہمراہ اس کے گھر کی طرف جانے لگے راستے میں اپنے اصحاب کو اس آیت مبارکہ سے انھیں نصیحت فرماتے تھے(وَالْكَاظِمِينَ الْغَيْظَ وَالْعَافِينَ عَنِ النَّاسِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ)[1]

اسی آیت سے اصحاب نے اندازہ لگا لیا کہ حضرت علیہ السّلام اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کاارادہ رکھتے ہیں.

---

۱۔سورہ آل عمران: آیہ ۱۳۴

Presented by www.ziaraat.com

جب اس کے گھر کے نزدیک پہونچے تو آپ نے اپنے ایک ساتھی سے فرمایا آواز دو اور اس سے کہو کہ علیؑ بن الحسین آئے ہیں.

جب اس بدزبان شخص نے سنا کہ امام زین العابدین آئے ہیں تو سمجھا شاید میری بدتمیزی کا بدلہ لینے آئے ہیں.

اس شخص نے دروازہ کھولا اور بھاگنے کا ارادہ کرنے لگا امام علیہ السّلام نے اس سے فرمایا: تم میرے پاس آئے اور میری طرف طرح طرح کی نسبتیں دیں جو منھ میں آیا وہ کہا جو باتیں تم نے کہیں اگر وہ میرے اندر ہیں تو خداوند عالم سے اپنی مغفرت طلب کرتا ہوں اور جو کچھ تو نے کہا ہے وہ جھوٹ اور تہمت تھیں تو خداوند عالم سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تجھے معاف فرمادے

جب اس شخص نے امام زین العابدین علیہ السّلام کے اس کریمانہ اخلاق کا مشاہدہ کیا تو، حضرت کے سینہ سے لگ گیا اور معذرت خواہی کرنے لگا اور بولا : اے میرے سردار! جو کچھ میں نے آپ کی شان میں کہا وہ جھوٹ اور تہمت تھا اور میں خود ان سب باتوں کا مستحق ہوں اور آپ سے معافی کا خواستگار ہوں.[1]

## تمسک بہ خدا اور نجات واقعی

مختلف کتابوں میں ذکر ہوا ہے:

ایک دن حضرت سجّاد، امام زین العابدین علیہ السّلام نماز میں مشغول تھے اور

---

۱۔ ارشاد شیخ مفید: ص ۲۵۱، اعیان الشّیعۃ: ج ۱ ص ۴۳۳

Presented by www.ziaraat.com

آپکے فرزند محمد باقر سلام اللہ علیہ - جو کہ بچہ تھے - اس کنویں کے کنارے جو آپ کے گھر کے صحن میں تھا کھڑے تھے اور جب ان کی والدہ نے چاہا انھیں اپنی آغوش میں لے لیں اچانک کنویں میں گر گئے.

ماں فریاد و بکاء کرتی ہوئیں اپنے بچے کی مدد کے لئے بلانے لگیں امام کے پاس آئیں اور عرض کیا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! جلدی میری مدد کو آئیے آپ کے فرزند کنویں میں گر کر غرق ہو گئے ہیں...

امام سجّاد علیہ السّلام نے اگر چہ اپنی زوجہ کی آواز سنی لیکن پورے اطمنان وسکون کے ساتھ نماز میں مشغول رہے اور اپنے خالق مہربان سے ارتباط کو قطع نہ فرمایا

امام علیہ السلام کی زوجہ جب اس حالت سے نالاں ہوئیں تو کہنے لگیں:

آپ اہل بیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایسے ہو کہ جنہیں دنیا اور اس سے متعلق چیزوں سے کوئی سروکار نہیں ہے!

جب حضرت نے اپنی نماز کو کامل کرلیا تو سکون واطمنان کے ساتھ کھڑے ہوئے اور کنویں کی جانب تشریف لے گئے جب کنویں کے کنارے پہونچے اپنے مبارک ہاتھوں کو کنویں کے اندر کیا اور اپنے فرزند محمد باقر علیہ السّلام کو پکڑ کر باہر نکال لیا۔

جب ماں کی نگاہیں بچے پر پڑیں کہ مسکراہٹ چہرے پر ہے اور لباس بھی خشک ہے تو سکون ہوا، اس وقت امام سجاد علیہ السلام نے ان سے فرمایا: اے خاتون، خدا پر کامل اعتماد رکھو اور اپنے بچے کو سنبھالو.

Presented by www.ziaraat.com

امام کی زوجہ اپنے بچے کی سلامتی سے خوش ہوئیں اور امام کے کلام سے جذبہ ارتقاء پیدا ہوا.

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: میں نے اپنی پوری توجہ نماز میں خدا کی طرف لگا رکھی تھی اور خدا نے تیرے بچے کو خطرے سے نجات دلائی. [1]

## مساکین کی خبر گیری اور زاد آخرت

امام علیّ بن الحسین، حضرت سجّاد علیہ السّلام کے ایک صحابی بیان کرتے ہیں:

میں نے ایک ٹھنڈی اور بارانی رات میں حضرت کو دیکھا، کہ کچھ لکڑیاں اور آٹا اپنی کمر پر حمل کئے ہوئے ایک طرف تشریف لے جا رہے ہیں.

میں آگے آیا اور دریافت کیا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ کے ساتھ کیا ہے اور آپ کہاں تشریف لے جا رہے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: مجھے ایک سفر پر جانا ہے جس میں ضروریات وساز وسامان کی احتیاج ہے.

میں نے عرض کیا: اگر آپ اجازت فرمائیں تو میں اپنے خدمتگار کو آپ کی مدد کے لئے ہمراہ کر دوں؟

حضرت نے قبول نہیں فرمایا تو میں نے عرض کیا: تو پھر مجھے اجازت دیجئے کہ لکڑیاں اٹھا کر آپکے ساتھ چلوں؟

---

[1] ۔ جامع الاحادیث الشّیعۃ: ج ۵، ص ۴۲، ح ۵۰. بحار الانوار: ج ۸۱ ص ۲۴۵، ح ۳۶

Presented by www.ziaraat.com

امام علیہ السّلام نے جواب میں فرمایا: یہ میرا کام ہے اسے اس کی منزل پہونچانا میرے لئے ضروری ہے تا کہ یہ مستحقوں تک پہونچ جائے.

اس کے بعد امام نے فرمایا: تجھے اپنے حق کی قسم دیتا ہوں واپس جا اور میرے پیچھے نہ آنا.

اسی لئے میں واپس آ گیا اور حضرت علیہ السّلام تنہا تشریف لے گئے.

اس واقعہ کے کچھ دن گزرنے کے بعد میں نے دوبارہ، امام سجّاد علیہ السّلام کو دیکھا اور ان سے سوال کیا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے فرمایا تھا کہ میں ایک سفر پر جانے والا ہوں لیکن میں تو سفر کوئی علامت آپ کے اندر نہیں دیکھ رہا ہوں؟!

حضرت نے فرمایا: ہاں ایک سفر پر جانے والا ہوں لیکن وہ سفر نہیں جسے تم سوچ رہے ہو، بلکہ میری مراد اس سفر سے سفر آخرت تھی، کہ جس کے لئے ہمیں آمادہ رہنا چاہئے.

پھر فرمایا: جو یہ جانتا ہے کہ اسے دنیا سے آخرت کی طرف کوچ کرنا ہے، وہ حرام کام سے پرہیز کرتا ہے اور محتاجوں کی مدد کرتا ہے.[1]

## پہاڑ کی بلندی پر، خوان جنت منگانا

لیث بن سعد بیان کرتے ہیں:

سن ١١٣ ہجری قمری میں خانہ کعبہ کی زیارت اور حج بیت اللہ سے شرفیاب ہوا، جب

---

١۔ علل الشرائع مرحوم شیخ صدوق: ص ٢٣١، ح ٥

Presented by www.ziaraat.com

مکّہ میں وارد ہوا اور نماز ظہر و عصر سے فارغ ہو گیا.

کوہ ابو قبیس- جو خانہ کعبہ کے پاس ہے- کے اوپر گیا وہاں میں نے ایک شخص کو دیکھا جو نماز و دعا میں مشغول ہے؛ دعا کے بعد خدا کی بارگاہ سے اس نے طلب کیا: اے خدا! مجھے انگور کی خواہش ہے اور میرے دونوں لباس بھی بوسیدہ ہو گئے ہیں.

ابھی اس کی دعا تمام بھی نہ ہوئی تھی کہ اچانک دیکھا کہ ایک انگور بھرا ہوا طشت اس کے سامنے ظاہر ہوا، میں نے ایسے انگور کبھی نہ دیکھے تھے؛ اس کے ساتھ دو لباس برد یمانی جیسے بھی تھے.

جب وہ شخص چاہتا تھا کہ کھانا شروع کرے تو میں بھی اس شخص کے پاس پہونچا اور کہا میں بھی اس میں شریک ہوں.

انھوں نے پوچھا کیوں؟

میں نے عرض کیا: جب آپ دعا کر رہے تھے تو میں آمین کہ رہا تھا.

انھوں نے فرمایا: تو پھر آگے آؤ اور میرے ساتھ کھاؤ اور خیال رکھنا اس میں سے کوئی چیز مخفی نہ کرنا.

جب ہم نے انگور کھالئے تو اس نے کہا ان دو لباس میں سے ایک اپنے لئے پسند کرلو میں نے عرض کیا مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔

انھوں نے فرمایا: تو پھر انھیں پہننے میں میری مدد کرو جب لباس پہن لیا تو وہاں سے چلنے لگے، یہاں تک کہ صفا اور مروہ میں سعی کی جگہ پہونچے تو ایک شخص آیا اس

Presented by www.ziaraat.com

نے کہا میرے پاس لباس نہیں ہے مجھے لباس عطا کیجئے.

انھوں نے ان دو لباس میں سے ایک بدن سے اتارا اور اس شخص کو دے دیا.

لیث بن سعد کہتا ہے میں نے ہیں نہیں پہچانا کہ وہ کون ہیں تو لوگوں سے دریافت کیا کہ وہ کون بزرگ ہیں؟

جواب دیا: وہ حضرت علیؑ بن الحسین، امام سجّاد، زین العابدین علیہ السّلام ہیں.[1]

مصیبت میں حضرت یعقوب علیہ السّلام سے کہیں زیادہ

اسماعیل بن منصور بیان کرتے ہیں:

امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام کربلا کے بعد بے انتہا گریہ و بکاء فرماتے تھے.

ایک دن امام کے ایک صحابی نے دریافت کیا: یابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ نے شدت گریہ و بکاء سے اپنی حالت خراب کر رکھی ہے آقا آخر آپ کب تک گریہ فرمائیں گے؟

امام سجّاد علیہ السّلام نے ذکر و تسبیح الٰہی میں مصروف رہتے ہوئے اپنا سر بلند کیا اور فرمایا: تیرے حال پر وائے ہو تجھے معلوم ہے کہ کیا ہوگیا اللہ کے نبی، حضرت یعقوب علیہ السّلام نے، حضرت یوسف علیہما السّلام کے فراق میں اتنا گریہ فرمایا کہ ان کی بینائی جاتی رہی اور آنکھیں سفید ہوگئیں، حالانکہ صرف ایک بیٹے کو کھویا تھا.

---

۱۔ کشف الغمّۃ مرحوم اربلی: ج ۲، ص ۷۶ ۳

Presented by www.ziaraat.com

لیکن میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ کس طرح میرے باپ کو انکے اصحاب کے ساتھ شہید کیا گیا.

ایک اور صحابی اسماعیل کہتے ہیں: امام سجّاد علیہ السّلام، جناب عقیل کی اولاد سے بہت محبت کرتے تھے جب حضرت سے سبب دریافت کیا گیا تو اپ نے فرمایا؟

جب انھیں دیکھتا ہوں تو کربلا کی یاد میں کھو جاتا ہوں [۱]

## ماں کے حق کی رعایت

مرحوم سیّد محسن امین، نے علامہ مجلسی کی کتاب مرآت الجنان سے نقل کیا ہے:

امام علیؑ بن الحسین، حضرت زین العابدین علیہ السّلام اپنی والدہ گرامی کا بہت احترام فرماتے تھے اور ایک لمحہ بھی ان کی خدمت سے غافل نہ ہوتے تھے.

ایک دن کچھ اصحاب نے امام علیہ السّلام سے عرض کیا: یاابن رسول اللہ ﷺ! آپ نے دوسروں سے زیادہ اپنی والدہ گرامی کی خدمت کی ہے اور کرتے ہیں؛ لیکن ہم نے ایک بار بھی نہیں دیکھا کہ آپ ان سے پہلے یا ان کے ساتھ کھانا تناول فرمائیں

حضرت سجّاد علیہ السّلام نے اپنے اصحاب کے جواب میں فرمایا: میں ڈرتا ہوں کہ ماں کے ساتھ دسترخوان پر بیٹھوں اور وہ لقمہ لے لوں جس کو وہ کھانا چاہتی ہیں اسی لئے میری یہ کوشش ہوتی ہے کہ ان کے ساتھ نہ کھاؤں. [۲]

---

۱۔ مستدرک الوسائل: ج ۲ ص ۶۶، ح ۱۹۴ کامل الزیارات: ص ۱۰۷، ح ۲

۲۔ اعیان الشّیعۃ: ج ۱، ص ۶۳۴

Presented by www.ziaraat.com

## جہاد اور حج

امام جعفر صادق علیہ السّلام سے بھی نقل ہوا ہے کہ: ایک دن عبّاد بصری - جو صوفیوں اور درویشوں کا رئیس تھا- نے مکہ اور مدینہ کے راستہ میں، حضرت سجّاد امام زین العابدین علیہ السّلام سے ملاقات کی اور کہنے لگا: اے علیّ بن الحسین! تم نے دشمنوں اور مخالفوں سے جہاد و جنگ کو اسکی سختی کی وجہ سے ترک کر دیا.اور مکّہ معظّمہ کی جانب حج کرنے چل دئے کیونکہ بہت آسان اور سادہ ہے؟!ورجب کہ قرآن کریم میں خداوند عالم فرماتا ہے: بیشک خداوند عالم نے مومنین سے ان کی جان ومال کو جنت کے بدلے خرید لیا ہے تا کہ خدا کی راہ میں جہاد کریں ماریں اور مرجائیں... اور اس جہاد میں عظیم سعادت ہے.

امام سجّاد علیہ السّلام نے اطمنان وسکون کے ساتھ فرمایا: قرآن کریم کی آیت کو پوری طرح آخر تک پڑھو؟

عبّاد بصری نے آیت پڑھی: توبہ کرنے والے عابد وشکر گزار ہیں جو ہمیشہ رکوع اور سجود میں مصروف ہیں اور امر بہ معروف ونہی از منکر کرتے ہیں اور احکام وحدود الٰھی کی حفاظت کرتے ہیں

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: جس زمانہ میں بھی ان اوصاف اور خصوصیات کے مالک افراد موجود ہوں، ان لوگوں کا جہاد اور قیام حج سے افضل ہوتا ہے. [۱]

---

۱۔ فروع کافی: ج۵ ص ۲۲ ح۱

Presented by www.ziaraat.com

## تقیہ اور جان کی حفاظت

حضرت باقر العلوم صلوات اللّٰہ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں:

ایک سال، یزید ابن معاویۃ بن ابی سفیان، حج کے ارادہ سے مکہ معظمہ کی طرف عازم ہوا.

راستے میں مدینہ منورہ سے گذر ہوا، اس نے وہیں پر قیام کا ارادہ کیا، ایک شخص کو بھیجا تا کہ کسی قریشی شخص کو بلا کر اس کے پاس لائے.

جیسے ہی اس شخص کو یزید کے پاس لائے یزید نے اس سے کہا: کیا تجھے اس بات کا اعتراف ہے کہ تو میرا بندہ ہے، اور اگر میں چاہوں تو تجھے غلاموں کی طرح بیچوں یا اپنا غلام بنالوں؟.

اس قریشی شخص نے کہا: اے یزید! خدا کی قسم، تجھے اور تیرے باپ کو قبیلہ قریش پر کوئی برتری نہیں ہے؛ اور اسلام کی رو سے بھی تو پر برتر نہیں ہے اس لئے جو کچھ تو کہ رہا ہے میں اس کا کیسے اعتراف کر سکتا ہوں.

یزید نے جیسے ہی اس کی بات کو سنا آگ بگولہ ہوگیا اور بولا؟: اگر تو قبول نہیں کریگا تو تیرے قتل کا حکم صادر کردونگا.

اس شخص نے یزید کی طرف رخ کر کے کہا بیشک میرا قتل حسین ابن علی علیہ السّلام سے زیادہ اہم نہیں ہے.

یزید نے اس کے قتل کا حکم صادر کردیا؛ اور حکم دیا حضرت سجّاد، امام زین

Presented by www.ziaraat.com

العابدین علیہ السّلام کو اس کے پاس لایا جائے.

جیسے ہی امام مظلوم علیہ السّلام کو یزید کے سامنے لایا گیا، یزید نے وہی دہرایا جو اس قریشی شخص سے کہہ چکا تھا، حضرت سجّاد علیہ السّلام سے کہا کہ وہ اعتراف کریں.

حضرت نے فرمایا: اگر میں قبول نہ کروں تو کیا اسی شخص کی طرح میرے قتل کا حکم بھی صادر کریگا؟

یزید ملعون نے جواب دیا: ہاں اگر تم نے اقرار نہیں کیا تو تمہارا بھی انجام ویسا ہی ہوگا جیسا اس شخص کا ہو چکا ہے.

امام علیہ السّلام نے جب دیکھا کہ یزید، حجت خدا کو ختم کرنے پر کمر بستہ ہے فرمایا: میں مجبوری اور کراہیت میں اس بات کا جو تو نے کہی اعتراف کرتا ہوں.

اس وقت یزید خبیث نے حضرت سجّاد، زین العابدین علیہ السّلام سے خطاب کرتے ہوئے عرض کیا: تم نے اپنے اس طریقہ سے اپنی جان کی حفاظت کی اور میرے ارادہ کو ناکام کر دیا[1]

## گوہر خیز خشک روٹیاں

زہری - جو کہ حضرت سجّاد علیہ السّلام کے اصحاب میں سے ہیں - بیان کرتے ہیں:

ایک روز ایک محفل میں امام زین العابدین علیہ السّلام کی بارگاہ میں کچھ دوست اور دشمن جمع تھے، میں بھی بیٹھا ہوا تھا، کہ اچانک ایک شخص جو امام کے چاہنے والوں

---

۱۔ روضۃ کافی: ص ۸ ۲۳۳ بحار الانوار: ج ۴۶ ص ۱۳۷ ح ۲۹

Presented by www.ziaraat.com

میں سے تھا غم واندوہ کے عالم میں وارد ہوا، حضرت نے فرمایا: کیوں غمزدہ ہو؟ تمہیں کیا ہوگیا ہے؟

اس نے عرض کیا: یاابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں چار دینار کا مقروض ہوں اور میرے پاس ادا کرنے کے لئے کچھ بھی نہیں ہے، اور میرا خاندان بھی بہت بڑا ہے ان کے خرچے کے لئے بھی میرے پاس درآمد کا کوئی ذریعہ نہیں ہے.

اس وقت، امام سجّاد علیہ السّلام نے اپنے چاہنے والے کے حال پر گریہ کیا لوگوں نے دریافت کیا: آقا! آپ گریہ کیوں فرمارہے ہیں؟

حضرت نے فرمایا: گریہ سے دل کے غم واندوہ کی تسکین ہوتی ہے اور اس سے بڑھ کر اور کیا مصیبت ہوسکتی ہے کہ ہمارے چاہنے والوں میں کوئی مومن مشکل میں مبتلا ہو اور ہم اسے پورا نہ کرسکیں.

اسی درمیان میں حاضرین محفل سے جانے لگے، اور دشمن جاتے ہوئے اپنی ناپاک زبان سے جملہ بازی کرکے نمک پاشی کررہے تھے، یہ لوگ- ائمّہ اطہار علیہم السّلام- دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم ہر چیز اور ہر کام پر استطاعت رکھتے ہیں، اور جو کچھ خدا سے طلب کریں گے وہ پورا ہوجائیگا، لیکن یہ تو ایک مشکل کے حل کرنے سے بھی عاجز ہیں.

اس محتاج شخص نے، ان لوگوں کے طعنے سنے اور حضرت سے عرض کیا آقا ان لوگوں کی باتوں کو تحمل کرنا میرے لئے اپنی مشکلات کو تحمل کرنے زیادہ سخت ہے.

Presented by www.ziaraat.com

حضرت نے فرمایا: خدا کوئی راستہ تیری مشکلات کو برطرف کرنے کا پیدا کریگا، پھر امام علیہ السّلام نے اپنی ایک کنیز سے فرمایا: جو کھانا سحر و افطار کے لئے ہے اسے لاؤ؛ کنیز دو سوکھی روٹیاں لیکر آئی.

حضرت نے اپنے چاہنے والے سے فرمایا: این دو روٹیوں کو لو، خداوند عالم ان کے ذریعہ تجھ پر خیر و برکت نازل فرمائیگا، اس شخص نے وہ روٹیاں لیں اور وہاں سے چلا گیا.

راستہ میں ایک مچھلی بیچنے والے کے پاس سے گزر ہوا اس سے کہا: مجھے ایک مچھلی دیدو میں اس کے بدلے میں ایک روٹی تمہیں دونگا، اس شخص نے قبول کیا اور مچھلی کے بدلے ایک روٹی لے لی.

وہ شخص جب گھر پہونچا تو اس نے اپنی اہلیہ کو مچھلی دینے سے پہلے اسے صاف کرنا شروع کیا، اور جیسے ہی اس نے اس کے شکم کو پارہ کیا اس میں سے ایک گران قیمت گوہر نکلا، اس نے خوشی کے ساتھ اسے نکالا اور دوڑ کر بازار جانے لگا ابھی دروازے کے پاس پہونچا ہی تھا.

کسی نے اس کے دروازے پر دستک دی اس نے دروازہ کھولا دیکھا وہی مچھلی بیچنے والا ہے، اس نے کہا کہ یہ تمہاری روٹی ہے اسے ہم نے کھانے کی بہت کوشش کی لیکن یہ بہت خشک تھی ہم سے نہیں کھائی گئی: مجھے ایسا لگتا ہے کہ تمہارے حالات سازگار نہیں ہیں، تم اپنی یہ روٹی لو اور میں نے مچھلی بھی تمہیں بخش دی.

Presented by www.ziaraat.com

کچھ دیر بعد کسی دوسرے شخص نے دروازہ کھٹکھٹایا، جب اس نے دروازہ کھولا، دروازہ بجانے والے نے کہا کہ: حضرت زین العابدین علیہ السّلام نے فرمایا ہے: خداوند عالم نے تیری مشکل برطرف کردی ،اب ہماری روٹیاں واپس کردو، کیونکہ ہمارے علاوہ کوئی اوران روٹیوں کونہیں کھاپائیگا.

اس کے بعداس شخص نے اس گوہرکو بازار میں اچھی قیمت میں فروخت کیا،اپنا قرضہ اسی سے اداکیا؛اوراپنی زندگی کو سازوسامان دینے کے بعدایک مناسب کام میں سرمایہ لگادیا جس سے اس کی اوراس کے اہل وعیال کی زندگی کا گزرہوتارہا[1]

## نادان دشمن سے سلوک

جب اہل بیت امام حسین علیہ السّلام کو قیدی بنا کر شام میں داخل کیا گیا،ان کے درمیان حضرت سجّاد، امام زین العابدین علیہ السّلام بھی بیماری اورناتوانی کی حالت میں طوق وزنجیر میں قید ہو کر آئے، یزید لعنۃ اللّٰہ علیہ کی جھوٹی افواہوں کو سچ سمجھنے والے شامی،خوشیوں کے شادیانے بجاتے آئے.

لوگوں کے درمیان ایک بوڑھا آدمی بھی تھااس نے کہا: اس خدا کا شکرجس نے تمہارے مردوں کوقتل کیااورفتنہ وفساد کی آگ بجھ گئی؛اوراس نے ان شکستہ دلوں کو برا بھلاکہنا شروع کیا.

---

۱۔بحارالانوار:ج ۴۶،ص ۱۲۰ءامالی صدوق:ص ۴۵۳الخرائج والجرائح مرحوم راوندی: ج۲ص۷۰۸ح۳

Presented by www.ziaraat.com

امام علیہ السّلام نے اپنی اسی حالت میں فرمایا: اے پیر مرد! جو کچھ تو نے کہا میں نے سنا اور کچھ نہ کہا یہاں تک کہ تیری بات ختم ہوگئی، جو کچھ تیرے دل میں آیا تو نے کہا اب خاموش ہو کر میری بات بھی سن؟

اس بوڑھے آدمی نے کہا جو کچھ کہنا ہے بیان کرو.

حضرت نے فرمایا: کیا تو نے قرآن پڑھا ہے؟

بوڑھے نے کہا: ہاں.

حضرت نے فرمایا: قرآن کی اس آیت کو بھی پڑھا ہے:

(قُلْ لا اسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اجْرا إلاَّ الْمَوَدَّةَ فی الْقُرْبی) یعنی: میں تم سے اپنے اہل بیت کی محبت کے علاوہ کوئی بدلہ طلب نہیں کرتا.

بوڑھے نے جواب دیا: ہاں، میں نے اسے پڑھا ہے.

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: ہم اہل بیت -قُربی- ہیں؛ اور کیا تو نے قرآن کریم کی یہ آیت پڑھی ہے(وَآتِ ذَا الْقُرْبی حَقَّه) ؛ اہل بیت اور قرابتداروں کے حق کو ادا کیجئے۔

بوڑھے نے بھی کہا: ہاں، اسے بھی پڑھا ہے. حضرت نے فرمایا: بیشک وہ افراد ہم ہی ہیں؛ تو اب ہمارے حق کو کس طرح ادا کیا جانا چاہیئے؟

بوڑھے نے کہا: کیا آپ واقعا وہی لوگ ہیں؟

حضرت نے فرمایا: ہاں؛ اور پھر فرمایا: کیا تم نے قرآن کریم کی یہ آیت بھی پڑھی

Presented by www.ziaraat.com

ہے(وَاعۡلَمُوا اَنَّمَا غَنِمۡتُمۡ مِنۡ شَیۡءٍ فَاِنَّ لِلّٰہِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوۡلِ وَلِذِی الۡقُرۡبٰی )؛ جو بھی غنائم اور منافع سے تمہیں حاصل ہو، اس کا پانچواں حصہ-خمس کے عنوان سے-رسول خدااور ان کے اہل بیت کو دیا جائے؟

بوڑھے نے کہا: ہاں.

اس وقت امام علیہ السلام نے فرمایا: ہم اہل بیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور کیا یہ آیت بھی پڑھی ہے(اِنَّمَا یُرِیۡدُ اللّٰہُ لِیُذۡهِبَ عَنۡکُمُ الرِّجۡسَ اَهۡلَ الۡبَیۡتِ وَیُطَهِّرَکُمۡ تَطۡهِیۡرًا ) یعنی: خداوند عالم نے تم اہل بیت کو ہر طرح کے گناہ اور گندگی سے محفوظ رکھا ہے

اس وقت اس شامی نے اپنے ہاتھ آسمان کی طرف بلند کئے اور عرض کیا: خدایا میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں، میں نے سالوں قرآن پڑھا لیکن کبھی سمجھا نہیں تھا آج میں نے قرآن سمجھا ہے.۱

## امام کی برکت سے حجاج کرام جنات کے مہمان

امام سجّاد، حضرت زین العابدین صلوات اللّہ وسلامہ علیہ اپنے کچھ چاہنے والوں کے ساتھ حج کے لئے مکہ معظمہ کی طرف عازم ہوئے، اس وقت امام علیہ السلا م اپنے کچھ اصحاب کے ساتھ کچھ پیچھے اور راور کچھ اصحاب خدام کے ساتھ آگے جارہے تھے جب وہ عسفان مقام-حاجیوں کے آرام کی منزل- پر پہونچے انھوں نے ایک جگہ خیمہ

---

۱۔احتجاج مرحوم طبرسی: ج۲ص ۱۲۰،ح۱۷۲

Presented by www.ziaraat.com

لگایا اور فرش بچھا دئے.

جب حضرت نزدیک تشریف لائے تو آپ نے پوچھا یہاں کیوں سامان اتار دیا یہاں تو جنوں میں سے ان لوگوں کے ٹھہرنے کا مقام ہے جو ہمارے چاہنے والوں میں سے ہیں؛ ہمارا یہاں ٹھہرنا ان کے لئے زحمت کا سبب ہے.

اصحاب نے کہا ہمیں اس بارے میں نہیں معلوم تھا جب امام علیہ السّلام کے حکم کے مطابق اصحاب نے ساز و سامان جمع کرنا شروع کیا تو اچانک آواز آئی: یا بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ یہاں سے تشریف نہ لے جائیں آپکا وجود مبارک اس مقام پر ہمارے لئے شرف و فضیلت کا سبب ہے.

پھر جنوں نے ایک طبق بھیجا اور عرض کیا: ہم چاہتے ہیں آپ ہمارے مہمان رہیں اور جو ہم نے پیش کیا ہے اسے تناول فرمائیں.

اصحاب امام علیہ السّلام، نے دیکھا، اچانک خیمہ کے ایک گوشہ سے ایک طبق جس میں انار، انگور اور دوسرے پھل بھرے ہوئے ہیں اندر آ رہا ہے لیکن وہ کسی لانے والے کو نہ دیکھ سکے، بس وہ آوازیں سن رہے تھے اور پھلوں کا طبق دیکھ رہے تھے.

اسکے بعد امام نے اپنے تمام اصحاب کو کھانے کی دعوت دی تو سب نے مل کر کھایا اور پھر وہاں سے روانہ ہو کر مکہ کی جانب رخ کیا۔[1]

## حضرت خضر بھی دست بوسی کو حاضر ہوتے ہیں

---

۱۔ الخرائج والجرائح: ج ۲ ص ۵۸۷ ح ۱۰

Presented by www.ziaraat.com

ابوحمزہ ثمالی - جو اصحاب امام سجّاد، زین العابدین علیہ السّلام اور احادیث کے راوی بھی ہیں - بیان کرتے ہیں:

ایک دن حضرت علیہ السّلام کے ساتھ مدینہ منوّرہ سے باہر جارہا تھا، جب مدینہ کے پاس ایک باغ میں پہونچا تو حضرت نے مجھ سے فرمایا: ایک مدّت پہلے اسی طرح کے ایک دن اسی باغ میں تھے میں نے غمگینی کی حالت میں اس باغ کی دیوار سے ٹیک لگا رکھی تھی، کہ اچانک ایک شخص کو سفید لباس میں ملبوس آتے دیکھا وہ میرے مقابل آ کر کھڑا ہو گیا اور مجھے دیکھنے لگا.

کچھ دیر گزرنے کے بعد اس نے مجھ سے سوال کیا: آپ کیوں غمگین ہیں؟

کیا تم دنیا کے لئے غم میں ڈوبے ہوئے ہو؟

اگر ایسا ہے تو سنو دنیا تمام اچھے برے لوگوں کے لئے ہے.

امام فرماتے ہیں میں نے کہا: نہیں میرا رنج وغم دنیا کے لئے نہیں ہے.

اس شخص نے کہا: کیا آخرت کے لئے ملول ہو؟ آخرت سب کے لئے یقینی وعدہ گاہ ہے اور اس دن حکم چلانے والا فقط خداوند احد ہے.

میں نے کہا: میرا غم آخرت کے لئے بھی نہیں ہے.

اس نے کہا پھر کس چیز کی وجہ سے اتنے غمزدہ ہیں؟

میں نے کہا: میری پریشانی عبداللہ ابن زبیر کی وجہ سے ہے.

وہ سفید پوش مرد مسکرایا اور کہا: کیا کسی ایسے شخص کو دیکھا ہے جو خداوند رحیم پر پورا

Presented by www.ziaraat.com

بھروسہ رکھے اور ناامید ہو؟

میں نے کہا: نہیں.

اس نے کہا: کیا کبھی دیکھا ہے کہ کوئی شخص خداوند عالم کی بارگاہ سے کچھ طلب کرے اور خالی ہاتھ لوٹے؟

میں نے کہا: نہیں.

پھر اس نے کہا: کیا تم نے دیکھا ہے کسی ایسے شخص کو جو خدا سے ڈرے لیکن زندگی میں کامیاب نہ ہو؟

میں نے کہا: نہیں.

ان حکمت آمیز کلمات کو کہنے بعد وہ سفید پوش مرد وہاں سے چلا گیا اور میری نظروں سے اوجھل ہو گیا.

ابوحمزہ ثمالی کہتے ہیں: امام سجّاد علیہ السّلام نے اپنے کلام کے آ کر میں فرمایا: وہ شخص حضرت خضر نبیّ علیہ السّلام تھے. [1]

## مخبر غیب کا جن زدہ لڑکی کو شفا عطا کرنا

مرحوم قطب الدّین راوندی، نے حضرت باقر العلوم علیہ السّلام سے روایت کرتے ہوئے بیان کیا ہے:

ایک شخص جس کا نام ابو خالد کابلی تھا ایک مدت تک امام سجّاد، حضرت زین

---

۱۔ بحار الانوار: ج ۴۶ ص ۱۴۵ نقل از خرائج وجرائح مرحوم راوندی

Presented by www.ziaraat.com

العابدین علیہ السّلام کی خدمت کرتا رہا جب ایک لمبا عرصہ گزر گیا تو اپنی والدہ کو دیکھنے کی غرض سے سفر کا ارادہ کیا اور امام سجاد علیہ السلام کے پاس آیا اور شام جانے کی اجازت طلب کی.

امام علیہ السّلام نے اس سے خطاب کیا: اے ابو خالد کابلی شام کا رہنے والا ایک آدمی- جو مشہور اور مالدار ہے- اپنی بیٹی کے ساتھ جو جن زدگی میں مبتلا ہے- آئیگا. اس کا باپ کسی ایسے شخص کی تلاش میں ہے جو اس کا علاج کر سکے؛ تو تم اس کے پاس جانا اور کہنا میں اس لڑکی کا علاج کر سکتا ہوں لیکن دس ہزار درہم لونگا.

جب اگلا دن نمودار ہوا، وہ شامی شخص مدینہ میں وارد ہوا، ابو خالد کابلی امام علیہ السّلام کے حکم کے مطابق اس کے پاس آئے اور کہا: اگر دس ہزار درہم مجھے دے تو میں تیری بیٹی کا علاج کر سکتا ہوں.

لڑکی کے باپ نے اس کی بات کو قبول کیا اور وعدہ کیا اگر اس کی بیٹی صحیح وسالم ہوگئی تو دس ہزار درہم عطا کرونگا.

ابو خالد کابلی امام سجّاد علیہ السّلام کے پاس آئے اور پورا واقعہ نقل کیا.

حضرت نے ان سے فرمایا: شامی شخص بے وفائی کریگا اور وعدہ کے مطابق درہم ادا نہین کریگا؛ لیکن اس کے باوجود تم لڑکی کے پاس جانا اور اس کے بائیں کان کو پکڑ کر کہنا: اے خبیث! علیّ بن الحسین فرماتے ہیں: جتنی جلدی ہو سکے اس لڑکی کے جسم سے نکل اور چلا جا.

Presented by www.ziaraat.com

ابو خالد کابلی نے حضرت کے پیغام کو پہونچایا لڑکی کو اس جن سے نجات مل گئی اور پوری طرح صحیح وسالم ہوگئی.

لیکن جب ابو خالد نے حسب وعدہ دس ہزار درہم کا مطالبہ کیا تو اس شامی شخص نے بغیر ادا کئے ہوئے انہیں گھر سے باہر نکال دیا.

اس کے بعد ابو خالد، امام زین العابدین علیہ السّلام کے پاس آئے اور پورا واقعہ تفصیل کے ساتھ نقل کیا.

حضرت نے جواب میں فرمایا: میں نے کہا تھا کہ وہ شامی شخص دھوکہ باز ہے وہ درہم نہیں دیگا، لیکن جان لو کہ اس کی بیٹی دوبارہ اسی مشکل میں مبتلا ہو جائیگی، اور اسکا باپ تمہارے پاس آئیگا.

پس جب وہ آئے تو اس سے کہنا: کیونکہ تم نے اپنا وعدہ پورا نہیں کیا تھا اس لئے ایسا ہوا ہے؛ اب تجھے اتنے ہی درہم علیّ بن الحسین، زین العابدین علیہ السّلام کو دینے ہونگے تا کہ تیری بیٹی کا علاج کروں اور پھر وہ کبھی اس مشکل مین مبتلا نہیں ہوگی.

مختصر یہ کہ اس شامی شخص نے وہ درہم امام سجّاد علیہ السّلام کو دئے؛ اور ابو خالد نے دوبارہ وہی کلمات اس کے بائیں کان میں کہے اور کہا اگر اب تو واپس آیا تو خداوند عالم کے قہر کی آگ میں جلا دونگا.

امام محمّد باقر علیہ السّلام فرماتے ہیں: اس طرح اس لڑکی کا علاج ہوگیا اور جب وہ شخص شام کے لئے روانہ ہوگیا تو میرے والد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام نے

Presented by www.ziaraat.com

ان درہموں کو ابو خالد کابلی کو دیا اور انہیں اجازت دی تا کہ وہ اپنی والدہ سے ملنے شام جاسکیں.[۱]

## جمعہ کے روز فقیروں کی خوشحالی

ابو حمزہ ثمالی بیان کرتے ہیں:

جمعہ کی ایک صبح، ہم نے صبح کی نماز حضرت سجّاد علیہ السّلام کی امامت میں پڑھی، اس کے بعد حضرت علیہ السّلام اپنے بیت الشرف کی طرف چلے گئے.

اور جب گھر میں داخل ہوئے، اپنی کنیزوں میں سے ایک کنیز کو جس کا نام سکینہ تھا آواز دی اور فرمایا: آج جمعہ ہے جو بھی فقیر اور ضرورت مند گھر کے دروازے پر آئے اسے خالی ہاتھ نہ جانے دینا.

میں نے حضرت سے عرض کیا کہ ہر سوال کرنے والا تو مستحق نہیں ہے؟

آپ نے فرمایا: میں جانتا ہوں لیکن ڈرتا ہوں کہیں وہی شخص جو واپس جائے حقیقت میں ضرورتمند نہ ہو اور اس کی وجہ سے ہم سخت عقاب میں گرفتار ہو جائیں.

جیسا کہ حضرت یعقوب علیہ السّلام، روزانہ ایک گوسفند قربانی فرما کر فقراء اور ضرورتمندوں کو کھلاتے تھے اور اس میں سے کچھ خود اور اہل خانہ کھاتے تھے.

لیکن ایک مرتبہ جمعہ کی شام میں ایک غریب، ضرورتمند اور روزہ دار حضرت یعقوب علیہ السّلام کے دروازہ پر آیا اور عرض کیا: مجھ غریب اور بھوکے کی مدد کیجئے،

---

۱۔ الخرائج والجرائح: ج ۱، ص ۲۶۲ ح ۷، بحار الانوار: ج ۴۶، ص ۱۳۱ ح ۲۴

Presented by www.ziaraat.com

لیکن اہل خانہ کی طرف سے کوئی جواب نہیں آیا اس سائل نے اپنی ضرورت کو کئی مرتبہ دہرایا؛ اور جب رات ہوگئی اور وہ بھوکا ہی رہا تو اس نے اپنی شکایت خداوند عالم کی بارگاہ میں کی اور بغیر کچھ کھائے سو گیا اور اس سے اگلے دن بھی روزہ رکھا.

اسی رات میں خداوند عالم کی طرف سے جناب یعقوب علیہ السلام پر وحی ہوئی: تم نے میرے بندوں میں سے ایک بندہ کو ناامید کیا ہے اب تم سخت آزمائش میں مبتلا ہوؤ گے.

اے یعقوب! میرے سب سے محبوب پیامبر وہ ہیں جو ضرورتمندوں پر رحم کرتے ہیں اور ہر آں ان کا خیال رکھتے ہیں اور انہیں اپنی پناہ میں رکھتے ہیں جو بھی میرے بندوں میں سے کسی بندہ کو ناامید کریگا سخت عذاب میں مبتلا ہوگا، اب تم بھی تقدیر کے رنج وغم برداشت کرنے کے لئے تیار ہو جاؤ.

جب حضرت نے تفصیل سے جناب یعقوب و یوسف علیہما السّلام کا قصہ بیان فرمادیا تو ابوحمزۃ ثمالی کہتے ہیں: میں نے حضرت سجّاد علیہ السّلام سے عرض کیا: جب جناب یوسف علیہ السّلام کو کنوئیں میں ڈالا گیا کتنے سال کے تھے؟

حضرت نے جواب دیا: نو سال کے تھے، میں نے عرض کیا: جناب یعقوب علیہ السّلام کے گھر سے مصر کتنی دور تھا؟

آپ نے فرمایا: بارہ روز کے پیدل راستہ کی برابر.

اور پھر فرمایا: حضرت یوسف اپنے بھائیوں میں سب سے زیادہ خوبصورت تھے

Presented by www.ziaraat.com

لیکن اپنے بھائیوں کے حسد سے نہ بچ سکے اور پھر کنوئیں میں گرنے اور قیدی ہونے اور جناب یعقوب علیہ السّلام کے نابینا ہونے اور دوبارہ ملاقات کا واقعہ تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا، کہ اس واقعہ میں اس کے کچھ ترجمہ پر ہی اکتفا کیا گیا ہے۔ [۱]

## لغویات زندگی اور خسارہ آخرت

حضرت ابوعبداللہ، امام جعفر صادق علیہ السّلام بیان فرماتے ہیں:

مدینہ منورہ میں ایک بے کار اور آوارہ لڑکا تھا جس کا کام لوگوں کو لطیفے سنا کر ہنسانا تھا۔

ایک دن اس نے اپنے آپ سے کہا میں نے سب کو ہنسا دیا سوائے ایک شخص علیّ بن الحسین، امام سجّاد علیہ السّلام کے؛ کسی دن کوئی ایسا کام کروں جس سے وہ اور ان کے اصحاب ہنسیں۔

ایک دن جب حضرت زین العابدین علیہ السّلام اپنے دو چاہنے والوں کے ساتھ ایک مقام سے گزر رہے تھے، اس شخص نے امام کی عبا کو جوان کے شانوں کے نیچے دبی ہوئی تھی لیا اور فرار کر گیا۔

امام علیہ السّلام کے اصحاب نے اس کا پیچھا کیا اور اس سے عبا چھین لی اور اس وقت جب امام علیہ السّلام کسی فکر میں غرق تھے وہ عبا آپ کو پیش کی گئی۔

امام علیہ السّلام نے اپنی عبا لی اور اپنے دوش پر ڈالی امام نے اپنے اصحاب

---

۱۔ علل الشرائع: ص ۵۹۴، ح ۱ تفسیر عیّاشی: ج ۲، ص ۱۶۷، ح ۵

Presented by www.ziaraat.com

سے پوچھا یہ شخص جو عبا لیکر بھا گا تھا کیا کام کرتا ہے؟

اصحاب نے کہا: یہ ایک بے کار شخص ہے جو لطیفوں سے لوگوں کو ہنسا تا ہے اور اسی طرح اپنی زندگی چلاتا ہے.

حضرت نے فرمایا: اس سے کہو: وائے ہو تیرے حال پر! کیا تو نہیں جانتا، ایک ایسا دن بھی آنے والا ہے کہ جس دن سب کے اعمال کا حساب کتاب ہوگا، اس دن نقصان کا اندازہ ہوگا اور تو شرمندہ ہوگا. [1]

## درندہ جانور کی مشکل کشائی

مرحوم قطب الدین راوندی نے اپنی کتاب میں لکھا ہے:

ایک دن امام سجّاد علیہ السّلام، اطراف مدینہ میں اپنے باغات میں گھوم رہے تھے، جب ایک باغ کی طرف گئے تو راستے میں ایک بھیڑئے کو دیکھا کہ اس کے بدن کے بال گر گئے اور رونے و گڑ گڑانے میں مصروف ہے.

جب حضرت اس کے پاس گئے تو آپ نے فرمایا اٹھو اور جاؤ میں اس کے لئے دعا کرونگا انشاء اللہ مشکل نہیں ہوگی.

بھیڑیا اٹھا اور چلا گیا ایک شخص جو امام علیہ السّلام کے ساتھ تھا اس نے پوچھا اس بھیڑئے کا کیا واقعہ ہے؟

امام علیہ السّلام نے فرمایا: بھیڑیا کہہ رہا تھا: میری بیوی کے یہاں ولادت ہونے

---

۱۔ اءمالی شیخ مفید: ص ۲۱۹، ح ۷

Presented by www.ziaraat.com

والی ہے وہ دردوں کی وجہ سے پریشان ہے ہماری مدد کیجئے اور کچھ ایسا کیجئے جو سب کچھ خیر وعافیت سے تمام ہو جائے اور میں نے بھی وعدہ کیا کہ ہم اور ہمارے شیعہ اور اولاد تمہیں کوئی نقصان نہیں پہونچائیں گے؛ اس کے بعد بھیڑیا اطمنان کے ساتھ چلا گیا

دوسروں کو خود اور اپنے اہل خانہ سے بہتر سمجھنا

امام حسن عسکری علیہ السّلام نے اپنے جد بزرگوار حضرت باقر العلوم علیہ السّلام سے نقل فرمایا ہے:

امام کے اصحاب میں سے ایک صحابی جن کا نام زُہَری غم ورنج کی حالت میں امام زین العابدین علیہ السّلام کی خدمت میں وارد ہوئے.

جیسے ہی امام علیہ السّلام کی نظریں اس پر پڑیں، فرمایا: کیوں اتنے غمزدہ ومحزون ہو؟

زُہَری نے کہا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! دوستوں اور آشناؤں کی جانب سے ایک کے بعد ایک مصیبتیں مجھ پر ڈالی جارہی ہیں ؛ اور میرے اس وقت کے مقام ومنزلت پر آنکھیں گاڑے ہوئے ہیں، اس صورت کس طرح دوستوں سے امید رکھی جاسکتی ہے.

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: اے زُہَری! اپنی زبان پر مہار لگاؤ؛ اگر تم لوگوں کا خیال رکھو تو لوگ بھی تمہارا خیال رکھیں گے.

زُہَری نے کہا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ! میں نے کبھی کسی کو مایوس

Presented by www.ziaraat.com

نہیں کیا اور جو کچھ میرے پاس ہے اسے ہر ایک کے لئے پیش کیا ہے.

حضرت نے فرمایا: خیال رکھو غرور وتکبر کو اپنے پاس نہ آنے دینا اور کوشش کرو جو کچھ بھی بولو دلنشین اور جذاب ہو، اور یہ مت سوچو جو کچھ بھی سن رہے ہو وہ سب باطل اور جھوٹ ہے، ہمیشہ دوسروں کے کام اور کلام میں غور وفکر کرو، اور کوشش کرو دوسروں کے لئے فراخ دلی کا مظاہرہ کرو.

پھر امام علیہ السّلام نے فرمایا: جو شخص زندگی کے مختلف طرح کے مسائل میں اپنی عقل کو استعمال نہ کرے، اور اپنی آنکھ، کان بند کرنے کے بعد آگے بڑھنا چاہے وہ بہت جلدی ہلاک ہوگا.

اے زُہری! کتنا اچھا ہو اگر تم مسلمانوں کو اپنے گھر کے افراد کی طرح دیکھو، جو تم سے بڑے ہیں انہیں باپ کی طرح، جو تم سے چھوٹے ہیں انہیں اولاد کی طرح؛ اور جو تمہارے ہم عمر ہیں انہیں بھائی کی طرح دیکھو.

کیا تم چاہتے ہو کہ تمہارے گھر والوں میں سے کسی پر کوئی ظلم وزیادتی ہو؛ یا ان میں سے کسی کو کوئی نقصان پہونچے؛ یا یہ کہ بلا وجہ ان کی عزت وآبرو خطرے میں پڑے؟

اگر شیطان ملعون تمہارے ذہن میں یہ وسوسہ ڈالے کہ تم کسی مسلمان سے برتر ہو، تو دیکھو کہ اگر وہ تم سے بڑا ہے تو کہو کہ وہ مجھ سے پہلے ایمان لایا ہے اور اس نے مجھ سے زیادہ کار خیر وعمل صالح انجام دئے ہیں پس وہ مجھ سے برتر ہے.

اور اگر وہ تم سے چھوٹا ہے تو کہو کہ میں نے اس سے زیادہ غلطیاں اور گناہ کئے ہیں؛

Presented by www.ziaraat.com

پس وہ مجھ سے برتر ہے.

لیکن وہ جو تیرے ہم سن وسال ہیں ان کے بارے میں سوچ کہ مجھے اپنے گیاہوں پر تو یقین ہے لیکن ان کے بارے میں مشکوک ہوں اوران کے گناہ کا مجھے یقین نہیں ہے پس وہ مجھ سے برتر ہے.

اوراگر مسلمان تمہاری عزت کریں تمہیں احترام دیں تو کہو کہ وہ بامعرفت و بااخلاق ہیں؛اوراگر تمہیں نیچا سمجھیں تو کہو یہ میری خلاف کاریوں کی وجہ سے ہے اوراس تحقیر میں ،میں خود قصوروارہوں.

اگر تم معاشرہ میں اس طرح رہو تو بہترین زندگی گزاروگے،تم سے محبت کرنے والے دوستوں کی تعداد زیادہ ہوگی اورتمہارے دشمنوں کی تعداد بہت کم ہوجائیگی.

اورجان لوکہ بہترین انسان وہ ہے جواپنے جیسے انسانوں کی مدد کرتاہے اگرچہ اسے ان سے کوئی اچھائی نہ ملی ہو؛اورخود کو تمام افراد سے بے نیاز نہ رکھے.[۱]

## عملی طورپر درس انکساری

امام جعفرصادق علیہ السّلام بیان فرماتے ہیں:

جب بھی حضرت سجّاد،امام زین العابدین علیہ السّلام چاہتے تھے کچھ لوگوں کے ساتھ سفرپر جائیں،آپ کی یہ کوشش ہوتی تھی کہ کوئی آپ کو نہ پہچانے، اوراپنے قافلہ کے ساتھیوں سے شرط رکھتے تھے کہ وہ ان کے تمام امورمیں شریک رہیں گے.

---

۱۔احتجاج طبرسی:ج۲ص ،۱۵۲ح۱۹۱

Presented by www.ziaraat.com

ایک بار کے سفر میں ایک شخص نے امام کو پہچان لیا اس نے دوسروں سے کہا کیا تم جانتے ہو یہ شخص کون ہے؟

انھوں نے کہا: نہیں ہم انہیں نہیں جانتے.

اس شخص نے کہا یہ امام زین العابدین علیہ السّلام ابن امام حسین علیہ السّلام ہیں، جیسے ہی ان لوگوں نے پہچانا امام علیہ السّلام کے ہاتھوں اور پیروں کو چوما؛ اور عرض کیا: اے فرزند رسول خدا! آپ ہمیں جہنم کی آگ میں مبتلا فرما رہے تھے، اگر ہم سے کوئی گستاخی ہوگئی ہو تو ہماری پوری زندگی بدبختی کی ہوگی اے ہمارے آقا و مولا آپ نے ایسا کیوں کیا! کیوں نا آشنا طریقہ سے ہمارے ساتھ سفر کیا؟

حضرت نے فرمایا: میں ایک بار اپنے جاننے والوں کے ساتھ سفر پر گیا، وہ لوگ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے میری نسبت کی وجہ سے مجھے کوئی کام نہیں کرنے دیتے تھے اور ہر وقت خدمت میں مشغول رہتے تھے.

اس بار بھی مجھے ڈر تھا کہ کہیں لوگ مجھے پہچان نہ لیں اور اس بار کی طرح مجھے کوئی کام انجام نہ دینے دیں اور میں دوسروں کی طرح کام میں شریک نہ ہوسکوں اور جو میرے لئے ضروری ہے اسے انجام نہ دے سکوں.

اسی لئے میرا اصحاب اور چاہنے والوں کی نگاہوں سے چھپے رہنا ہی بہتر ہے [1]

طاؤس یمانی بھی اسی طرح بیان کرتے ہیں:

---

۱۔ وسائل الشّیعۃ: ج ۱۱ص ۴۳۰ح ۲۱، اعیان الشّیعۃ: ج۱ص ۶۳۵، عیون اخبار الرّضا علیہ السّلام: ج۲ص ۱۴۵ح ۱۳

Presented by www.ziaraat.com

ایک روز مسجد الحرام میں، میزاب خانہ کعبہ کے نیچے ایک شخص کو بہت زیادہ گریہ وزاری کرتے ہوئے خداوند عالم سے مناجات کرتے دیکھا.

جب اپنے محبوب خدا کی بارگاہ میں راز و نیاز سے فارغ ہوا تو میں آگے آیا تاکہ دیکھوں یہ شخص کون ہے جو اتنے اخلاص و تواضع سے خدا کی بارگاہ میں دعا مانگ رہا تھا، میں نے توجہ کے ساتھ دیکھا تو وہ شخص کوئی عام انسان نہیں، بلکہ حضرت زین العابدین، امام سجّاد علیہ السّلام تھے.

میں حضرت کے نزدیک گیا اور عرض کیا: یا ابن رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ! میں نے آپ کو اتنا گریہ وزاری کرتے دیکھا حالانکہ تین بے مثال فضیلتیں جو آپ کے پاس ہیں کسی اور میں نہیں ہیں:

پہلے یہ کہ آپ رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے فرزند ہیں.

دوسرے یہ کہ آپ کے جد امجد قیامت میں آپ کے شفیع ہیں.

تیسرے یہ کہ خداوند عالم کی رحمت آپ کے لئے ہے.

حضرت نے فرمایا: اے طاوس! یہ جو تم نے کہا کہ میں اولاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہوں یہ صحیح ہے؛ لیکن یہ میرے نجات پانے کے لئے کافی نہیں ہے، کیونکہ قیامت کے روز رشتہ داری اور قرابت کا کوئی فائدہ نہیں ہے.

اسے شفاعت بھی کوئی فائدہ نہیں پہونچا سکتی کیونکہ خداوند عالم نے فرمایا ہے:

شفاعت، ان لوگوں کو حاصل ہوگی جن سے خدا راضی ہوگا.

Presented by www.ziaraat.com

اور خداوند عالم کا لطف اور رحمت خود اس کے فرمان کے مطابق متقی اور پرہیزگاروں کو شامل ہوگا

اور میں اپنے آپ کو ان میں شامل نہیں سمجھتا ۱

## کیفیت زیست

مرحوم شیخ طوسی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے:

ایک دن امام سجّاد زین العابدین علیہ السّلام کی خدمت میں ایک شخص وارد ہو اس نے پوچھا: اے رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹے! آپ نے رات کس طرح اور کس صورت میں گزاری؟ اور اب کس حالت میں ہیں؟

حضرت نے اس کے جواب میں فرمایا: رات تو بسر ہوگئی لیکن اب اس حالت میں ہوں کہ آٹھ چیزیں میرا پیچھا کر رہی ہیں اور مجھ سے کچھ طلب کر رہی ہیں:

۱۔خداوند عالم، کہ جو مجھ سے اطاعت اور اپنے احکام کی پیروی اور وظائف پر عمل کو طلب کرتا ہے.

۲۔پیغمبر اسلام صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم کہ جو اچھے کام اور مستحبات مجھ سے طلب فرماتے ہیں.

۳۔اہل عیال، کہ جو اپنی زندگی کی ضروریات اور نان ونفقہ چاہتے ہیں.

۴۔ہوائے نفس، کہ جو اپنی خواہشات کی تکمیل چاہتی ہے.

---

۱۔بحارالانوار: ج ۴۶،ص ۱۰۱، ح ۸۹

Presented by www.ziaraat.com

۵۔شیطان،کہ جواپنا مطیع اورفرمانبردار بنانا چاہتا ہے.

۶۔خدا کے دوفرشتے ،کہ جو ہر جگہ اور ہر حال میں میرے ساتھ ہیں اور مجھ سے صداقت اورنیک کام چاہتے ہیں.

۷۔ملک الموت وعزرائیل،کہ جوکسی وقت میری جان طلب کرسکتا ہے.

۸۔اورآخرمیں قبر،کہ جومیرے بدن اورجسم کواپنے اندرلینا چاہتی ہے.

پھر امام علیہ السّلام نےفرمایا: اب اس شخص کا حال کیسا ہوسکتا ہے جو اتنے طلبکاروں کے درمیان ہروقت گھراہوا ہو. [۱]

اسی طرح مرحوم قطب الدّین راوندی رحمہ اللّٰہ علیہ -کہ جن کی قبر شریف حضرت معصومہ علیہا السّلام کے صحن مطہرّ کے درمیان ہے-اپنی کتاب میں ذکرفرماتے ہیں حضرت باقرالعلوم علیہ السّلام نے ارشادفرمایاہے:

ایک روز میرے والدامام سجّادسلام اللّٰہ علیہ سخت مریض ہوگئے اوربستر بیماری پر لیٹنے پرمجبورہوگئے ، ان کے والد بزرگوار امام حسین علیہ السّلام نے ان کی عیادت کرتے ہوئے فرمایا:کسی چیزکی خواہش ہے؛اگرکوئی خواہش ہوتواسے پورا کروں؟

حضرت سجّادعلیہ السّلام نے جواب دیا: میں چاہتا ہوں میرا بھروسہ اورتوکل خداوند عالم پررہے، کیونکہ وہ میرا حال دیکھ رہاہے؛اوراگرمیرا شفا حاصل کرنااس کی مصلحت میں ہوگا تووہ ضرورشفاعنایت فرمائیگا،اورمیں ہرحال میں اس کی رضامیں راضی ہوں

---

۱۔اعیان الشّیعۃ: ج۱ص ۶۴۵

Presented by www.ziaraat.com

امام حسین علیہ السلام نے اپنے فرزند، زین العابدین علیہ السّلام سے فرمایا: احسنت، تمہارا طریقہ بالکل حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی طرح ہے، جب زندگی کی سخت ترین مشکلات میں مبتلا ہوئے اور دشمنوں نے انھیں منجنیق پر رکھ دیا تاکہ بھڑکتی ہوئی آگ میں ڈال دیں جبرئیل علیہ السّلام ان کی مدد کے لئے آئے اور عرض کیا: اے ابراہیم علیہ السّلام جو بھی تمہاری خواہش ہو اسے پورا کروں؟

انھوں نے جواب میں فرمایا: میں ہر حال میں خدا کی رضا میں راضی ہوں؛ اور وہی میری پناہ گاہ اور تکیہ گاہ ہے، جو بھی اس کی مصلحت ہو اسی کو وہ انجام دیگا اور وہی صحیح ہے

## تعلیم اصول دین کی اہمیت

امام حسن عسکری علیہ السّلام بیان فرماتے ہیں:

ایک روز ایک شخص ایک دوسرے آدمی کو پکڑے ہوئے امام سجاد علیہ السّلام کی خدمت میں آیا، لانے والا شخص دعویٰ کر رہا تھا کہ دوسرے شخص نے اس کے باپ کو قتل کیا ہے.

جب امام سجّاد سلام اللّٰہ علیہ کے حضور میں حاضر ہوئے، تو کچھ دیر گفتگو کے بعد متہم شخص نے اپنے گناہ کا اعتراف کرلیا اور بولا : میں نے ہی اس کے باپ کا قتل کیا ہے.

امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: قاتل سے قصاص لینا چاہئے اور پھر مقتول کے بیٹے سے اس کے معاف کرنے کے لئے کہا لیکن اس نے قبول نہیں کیا اور قصاص لینے

Presented by www.ziaraat.com

کی تاکید کرتا رہا.

اس وقت، امام علیہ السّلام نے مقتول کے بیٹے کی طرف رخ کر کے فرمایا: اگر تم اپنے آپ کو مقتول سے بہتر سمجھتے ہو اور اس پر اپنی برتری کے قائل ہو تو بہتر ہے کہ اسے بخش دو.

اس نے جواب میں کہا: یابن رسول اللہ! اس قاتل کا میرے اوپر حق ہے اور میں اس کا مقروض ہوں لیکن جو حق اور اس کا قرضہ میری گردن پر ہے وہ اتنا قیمتی نہیں ہے جس کی وجہ سے میں اسے اپنے باپ کے قتل سے بری کر دوں.

حضرت نے فرمایا: تمہارا کیا مطلب ہے اور کیا چاہتے ہو؟

اس نے کہا: اگر وہ خود چاہے، تو قصاص کے بدلہ دیت پر راضی ہوسکتا ہوں.

امام سجّاد علیہ السّلام نے پوچھا: اس کا جو حق تمہارے اوپر ہے وہ کیا ہے؟

اس نے کہا: یاابن رسول اللھصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم! اس نے عقاید کے مسائل توحید ومعارف الہی، رسالت ونبوّت رسول اللّہ صلّی اللّہ علیہ وآلہ، اور اسی طرح امامت و ولایت ائمّہ واہل بیت عصمت وطہارت علیہم السّلام کی مجھے تعلیم دی ہے.

حضرت نے فرمایا: کیایہی سبب بخشش اور معاف کرنے کے لئے کافی نہیں ہے جسے تم چھوٹا سمجھ رہے ہو؟!

حضرت نے آگے فرمایا: خدا کی قسم! ایسے حق کی اہمیت اور عظمت زمین کے تمام انسانوں -سوائے انبیاء وائمّہ علیہم السّلام- کے خون سے اوپر ہے؛ اور اگر اس طرح

Presented by www.ziaraat.com

کے انسان کا خون بہایا جائے تو پوری دنیا کے لوگ اس کی بھرپائی نہیں کر سکتے [۱]

## مجلس ومحفل اور گفتگو کرنے والے کا احترام

حضرت صادق آل محمدّ صلوات اللّٰہ علیہم اجمعین بیان فرماتے ہیں:

ایک دن ایک مسلمان شخص امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام کی بارگاہ اقدس میں وارد ہوا سلام کرنے کے بعد امام علیہ السلام سے عرض کیا:

اے رسول خدا کے فرزند! ایک روز فلاں مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے کہ میں نے سنا کہ ایک شخص آپ کی توہین اور شان میں گستاخی کر رہا ہے، اپنی بیہودہ باتوں میں اس نے کہا: علیّ بن الحسین علیہما السّلام گمراہ اور بدعت گزار ہیں.

امام زین العابدین سلام اللّٰہ علیہ، نے فرمایا: تم نے مجلس اور حاضرین کے حق کا خیال نہیں کیا، کیونکہ جو باتیں وہاں ہوئی تھیں وہ اس مجلس کی امانت تھیں، تم نے کیوں اس مجلس میں بولنے والے کی باتوں کو افشاء کیا، مجلس سے باہر بیان کیا اور اس کے رازوں کو فاش کیا!؟

اور تو نے میرے حق کا بھی خیال نہیں کیا کیونکہ جو لوگ میرے بارے میں سوچتے ہیں اسے تو نے میرے سامنے بیان کر دیا.

اور پھر حضرت نے فرمایا: کیا تم نہیں جانتے کہ موت کا جال ہر ایک کو شکار کرنے

---

۱۔ احتجاج طبرسی: ج ۲ ص ۱۵۶ ح ۱۹۰، نقل از تفسیر امام حسن عسکری علیہ السّلام: ص ۵۹۵

Presented by www.ziaraat.com

والا ہے؟!

اور اس کے بعد دوبارہ زندہ ہو کر قیامت میں محشور ہونا ہے اور خداوند عالم کی بارگاہ عدل وانصاف میں، اعمال وگفتار کا جواب دینا ہے اس عدالت میں جس کا قاضی وحاکم خود خداوند حکیم وخبیر ہوگا.

اور پھر امام علیہ السّلام نے اپنی نصیحتوں اور فرمائشوں کو آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا:

دوسروں کے پیچھے چغل خوری اور غیبت سے پرہیز کرو ورنہ جہنم کے آتشی کتوں کی ہم نشینی اختیار کرنا ہوگی. [1]

## جانور آزاری بھی قابل سزا ہے

حضرت ابوجعفر، امام محمد باقر صلوات اللّٰہ وسلامہ علیہ بیان فرماتے ہیں:

ایک روز میرے والد، امام سجّاد، حضرت زین العابدین علیہ السّلام اپنے کچھ اصحاب کے ساتھ شہر مدینہ کے اطراف میں سیر واستراحت کی غرض سے گئے، میں بھی ان کے ساتھ تھا.

جب دستر خوان بچھایا جاچکا اور لوگ کھانے میں مشغول ہوگئے، اچانک ایک ہرن میرے والد بزرگوار کے پاس گزرا، میرے والد امام سجّاد علیہ السّلام نے ہرن سے خطاب کیا:

---

١۔ احتجاج طبرسی: ج ۲ص ۱۴۵، ح ۱۸۳

اے ہرن! میں علیؑ بن الحسین بن علیؑ بن ابی طالب ہوں، میری ماں فاطمہ زہراء علیہا السّلام، رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلمکی بیٹی ہیں، آؤ ہمارے ساتھ کھانا کھاؤ.

ہرن نے سنا اور دسترخوان کے قریب آیا اور کھانا کھانے میں مشغول ہوگیا.

تھوڑی دیر بعد ایک صحابی نے ہرن کی طرف اشارہ کرکے اس کو ڈرانا چاہا، ہرن نے بھاگنے کا ارادہ کیا تو میرے والد بزرگوار نے فرمایا:

اس جانور کو مت ڈراؤ کیونکہ وہ میری پناہ میں ہے اور پھر ہرن کی طرف خطاب کرتے ہوئے فرمایا ڈرو نہیں تم میری پناہ میں ہو اور کسی کو تم سے کوئی مطلب نہیں ہے

ہرن پھر اطمنان کے ساتھ کھانے میں مشغول ہوگیا، اسی درمیان میں کسی نے ہرن کی پشت پر ہاتھ لگایا تو امام علیہ السّلام ناراض ہوگئے اور فرمایا تم نے ہرن کے میرے اوپر کئے ہوئے اعتماد کو ٹھیس پہونچائی ہے تم اس بات کا سبب بنے ہو کہ ہرن ہم پر اعتماد نہ کرے

پھر فرمایا: میں اب تم سے گفتگو نہیں کرونگا اور یاد رکھو جو کام تم نے آج ایک جانور کو ڈرا کر انجام دیا ہے تمہیں اس کا نقصان اٹھانا پڑیگا.

کچھ دن بعد وہ شخص اپنے اونٹ کے ساتھ مدینہ کے اطراف میں گھوم رہا تھا، کہ اچانک اس کا اونٹ بھاگ گیا لوگوں نے بہت تلاش کیا لیکن وہ اونٹ نہیں ملا.[۱]

## خدا کے لئے انسانی صفات کا قائل ہونا باعث عذاب

۱۔ اثبات الہداۃ: ج ۳، ص ۳۹ و ۴۰

Presented by www.ziaraat.com

مرحوم علاّ مہ مجلسی نے شیخ الطایفہ مرحوم طوسی رحمۃ اللہ علیہم سے نقل کیا ہے:

ایک دن حضرت سجّاد، امام زین العابدین علیہ السّلام حج کے ارادہ سے مکہ معظمہ کی طرف عازم ہوئے.

مدینہ سے مکہ کے راستہ میں، ایک ایسے صحرا سے گزر ہوا جہاں راہزن حجاج اور مسافروں کو لوٹنے کے لئے کمین لگائے بیٹھے تھے.

جیسے ہی امام علیہ السّلام چوروں کے نزدیک پہونچے، ایک چور سامنے آیا اور امام کا راستہ بند کر دیا اور حضرت کو مکہ معظمہ کے راستے میں آگے بڑھنے سے مانع ہوا.

امام زین العابدین علیہ السّلام نے پورے اطمئنان اور سکون کے ساتھ اس چور سے خطاب کیا اور فرمایا: کیا چاہتے ہو؟ اور کس چیز کی تلاش میں ہو

چور نے جواب دیا: تمہیں قتل کرنا چاہتا ہوں تا کہ تمہارا مال لوٹ سکوں.

حضرت نے فرمایا: میں اپنی مرضی سے اپنے مال میں تجھے شریک کرنا چاہتا ہوں اور اپنی مرضی سے تجھے آدھا دے سکتا ہوں.

راہزن نے کہا: مجھے قبول نہیں ہے بس جو میں نے کہا ہے اسے انجام دونگا.

حضرت سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: میں اس بات پر بھی راضی ہوں کہ اپنے سفر کے خرچے کی برابر اپنے مال میں سے خود رکھوں باقی تجھے دیدوں.

لیکن چور نے امام زین العابدین علیہ السّلام کی کسی بات کو تسلیم نہیں کیا اور اپنی ضد پر ڈٹا رہا.

Presented by www.ziaraat.com

جب حضرت نے اس کے اس رویہ کو دیکھا تو آپ نے سوال کیا، تیرا مالک و پروردگار کہاں ہے؟

چور نے جواب دیا: وہ سو رہا ہے

اس وقت امام علیہ السّلام نے کچھ کلمات اپنی زبان پر آہستہ آواز سے ادا کئے، جیسے کلمات ادا ہوئے دو خطرناک شیر نمودار ہوئے اور چور پر حملہ کر دیا ایک نے سر پر اور دوسرے نے پیر پر حملہ کیا اور دونوں اپنی اپنی طرف کھینچنے لگے.

پھر امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: تو سوچ رہا تھا کہ تیرا مالک اور پروردگار سو رہا ہے؟!

اس کے بعد امام علیہ السلام نے اپنے مکہ کے سفر کو امن وسکون کے ساتھ جاری رکھا.[۱]

## معیار زوجیت ایمان اور تقویٰ

آسمان امامت وولایت کے پانچویں ستارے امام محمد باقر صلوات اللّٰہ وسلامہ علیہ فرماتے ہیں:

ایک سفر پر میرے والد بزرگوار، حضرت سجّاد، امام زین العابدین علیہ السّلام مکہ معظمہ کی طرف جارہے تھے، ایک عورت جس کا خاندان کوئی مشہور ومعروف خاندان نہیں تھا سے خواستگاری کا پیغام دیا اور عقد فرمایا.

---

۱۔امالی شیخ طوسی: ص ۶۰۵، بحارالانوار: ج ۴۶، ص ۴۱، ح ۳۶

Presented by www.ziaraat.com

امام علیہ السّلام کے ایک صحابی کو جیسے ہی اس بات کی خبر ہوئی بہت ناراض ہوا اور فورا امام علیہ السّلام کے پاس آیا کہ امام نے کیوں ایسے غیر معروف خاندان میں عقد کیا ہے.

جب اس نے تحقیق کی تو معلوم ہوا وہ لوگ گمنام ہونے کے ساتھ غریب بھی ہیں، تو اس نے عرض کیا:

یابن رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میری جان آپ پر فدا ہولیکن آپ نے یہ کام کیوں کیا؟

کیوں ایسے گھر میں عقد کیا ہے جو نہ مشہور ہے اور نہ مالدار یہ بات لوگوں کے درمیان بھی گفتگو کا موضوع بنی ہوئی ہے [۱]

امام سجّاد صلوات اللہ علیہ نے فرمایا: میں سوچتا تھا کہ تم اچھی فکر اور اچھی سیرت کے انسان ہو، خداوند عالم نے اسلام کے ذریعہ تمام خرافات اور اونچ نیچ والی باتوں کو باطل وناجائز کر دیا ہے، اور اس طرح کے خیالات کی مذمت کی ہے.

زوجہ کے انتخاب میں جس چیز کا خیال رکھنا چاہئے وہ ایمان وتقوا-عفت وقناعت -ہے، اور جو کچھ لوگ آج کل سوچتے ہیں وہ سب جاہلیت کے زمانے کی فکر اور سوچ

---

۱- کیونکہ اس زمانے کا رواج یہ تھا کہ زوجہ کو اسی خاندان سے انتخاب کیا جا سکتا تھا کہ جو مشہور اور صاحب ثروت ہو، اور غریب خاندانوں میں شادی کرنا عیب شمار کیا جاتا تھا. شاید حضرت سجّاد علیہ السّلام کا اپنے اس قدم کے ذریعہ مقصد اس خرافی تہذیب کا مقابلہ کرنا اور اسے ختم کرنا تھا

Presented by www.ziaraat.com

ہے. ۱

اس لئےعورت کے انتخاب میں جس چیز کا خیال رکھنا چاہئے وہ ثروت ،شہرت ، مقام،عیش وعشرت کی چیزیں،خوبصورتی وغیرہ نہیں ہے؛ بلکہ جو چیز انسان کو بزرگی و عظمت عطا کرتی ہے اور اچھی زندگی کے قابل بناتی ہے وہ خدا پر ایمان اور اسکی معنویت اورتقویٰ ہے.

زیارت امام،وسیلہ نجات وسعادت

ابن شہاب زُہری بیان کرتے ہیں:

رومیوں اورمسلمانوں کے درمیان جنگ کے وقت،میرے ایک دینی بھائی - جس سے میں بہت محبت کرتا تھا- اور جو بعد میں قتل اورشہید ہوگیااور مجھے آج تک افسوس ہےکہ میں اس کےساتھ کیوں نہیں تھا تاکہ اس کےساتھ ہی شہید ہوجاتا

میں نےایک رات اسےخواب میں دیکھا،میں نےاس سےکہا: تونےاپنے خدا کو کیسا پایا؟اورخدانے تیرے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

اس نےجواب دیا: خداوندمتعال نے مجھے جنگ وجہاد میں شرکت کی وجہ سے میرےسارےگناہ معاف کردئے.

اورحضرت رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلمواہل بیت صلوات اللّہ علیہم سے محبت کی وجہ سے میرے وقت کے امام،حضرت علیّ بن الحسین، زین العابدین علیہ السّلام کی

---

۱۔کتاب زہد حسین بن سعید کوفی اہوازی:ص۵۹ح۱۵۸

Presented by www.ziaraat.com

شفاعت حاصل ہوئی؛ اور جنت میں بلندترین مقامات مجھے عطا کئے گئے.

زُہری کہتے ہیں: اسی خواب میں، میں نے اس سے کہا: مجھے بہت افسوس ہے کہ کیوں میں تیرے ساتھ نہ تھا جو مجھے بھی شہادت نصیب ہوتی ؟!

اس نے جواب دیا تو خدا کے یہاں اس سے بھی بلند وعظیم مقامات حاصل کریگا

میں نے دریافت کیا: وہ کیسے؟ اور کس وجہ سے؟ میں نے تو ایسا کوئی خاص کام انجام نہیں دیا ہے!

اس نے جواب میں کہا: تو ہر جمعہ -کم سے کم- ایک بار اپنے آقا حضرت سجّاد، امام زین العابدین علیہ السّلام کی زیارت کو جاتا ہے؛ اور ان کے جمال منور پر نظر ڈالتا ہے اور محمّد وآل اوصلوات بھیجتا ہے، اور ان کے کلمات اور احادیث کو دوسروں تک پہونچاتا ہے، اور امر بہ معروف ونہی از منکر انجام دیتا ہے؛ خداوند عالم تجھے دشمنوں کے شر سے اپنے حفظ وامان میں لئے ہوئے ہے.

میں خواب سے اٹھا پورا منظر میری آنکھوں میں گھوم رہا تھا میں نے دل میں کہا یہ سب خواب ہے اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور پھر سو گیا دوبارہ وہی دوست اور بھائی خواب میں آیا اور پوچھا: کیا تجھے اس چیز کے بارے میں جو میں نے بتائی ہے کچھ شک وتردید ہے؟

پھر بولا: خیال رکھ شک وتردید کو دل میں نہ آنے دینا اور جو کچھ تو نے سنا ہے اس پر یقین واطمینان رکھ اور اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا؛ اور تیرے یقین واطمینان کے لئے،

Presented by www.ziaraat.com

حضرت سجّاد علیہ السّلام بھی جو کچھ میں نے تجھ سے کہا ہے خبر دیں گے.

جب میں سو کر اٹھا صبح کی نماز پڑھی، ایک شخص میرے پاس آیا اور بولا : میں امام علیؑ بن الحسین علیہ السّلام کی طرف سے آیا ہوں حضرت کو تم سے کچھ کام ہے، جلدی حضرت کے پاس آؤ.

اسی لئے جلدی تیار ہوا اور اپنے آقا کے بیت الشرف کی طرف گیا، جیسے ہی امام علیہ السّلام کی زیارت سے شرفیاب ہوا، آپ نے فرمایا: اے زُہری! گذشتہ رات تیرا برادر دینی تیرے خواب میں آیا تھا اور تجھ سے اس نے یہ باتیں کہیں -امام نے اس شہید کی بتائی ہوئی تمام باتیں بیان فرمائیں- پھر فرمایا: جو کچھ بھی اس نے تمہیں خبر دی ہے وہ سب سچ ہے اس پر ایمان کامل رکھو.[۱]

درد مند ناداران

امام محمّد باقر علیہ السّلام نے فرمایا ہے:

جب میرے والد امام سجّاد زین العابدین علیہ السّلام کی شہادت ہوئی اور میں ان کے بدن اطہر کو غسل وکفن دینا چاہتا تھا، کچھ اصحاب اور اہل خانہ کو میں نے جنازہ اطہر کے قریب بلایا.

جب حضرت کے بدن مقدّس سے غسل کے لئے لباس اتارا، تو حاضرین نے حضرت سجّاد علیہ السّلام کے اعضاء سجود کو دیکھا، طولانی سجدوں کی وجہ سے، پیشانی

---

۱۔ الثّاقب فی المناقب: ص ۳۶۲، ح ۳۰۱

Presented by www.ziaraat.com

گھٹنے، ہتھیلیاں اور پیروں پر سخت کھال اور کالے نشان پڑ چکے تھے کیونکہ آپ ہر روز وشب میں ایک ہزار رکعت نماز اور طولانی سجدے انجام دیتے تھے.

واور جب میرے والد بزرگوار امام سجّاد علیہ السّلام کے کاندھے اور کمر کو دیکھا، رسیوں کے نشانوں نے جگہ بنالی تھی جب کسی نے دریافت کیا کہ یہ نشان کیسے ہیں؟

تو میں نے لوگوں سے کہا: خدا کی قسم، اس راز کو میرے علاوہ کوئی نہیں جانتا اور اگر میرے والد بزرگوار ابھی حیات ہوتے تو تب بھی میں یہ راز نہ بتاتا.

پھر امام باقر علیہ السّلام نے فرمایا: جب رات کا کچھ حصہ ڈھل جاتا تھا اور اہل خانہ سوجاتے تھے، میرے والد وضو فرما کر دو رکعت نماز ادا کرتے تھے؛ اور پھر گھر میں جو بھی کھانے پینے کا سامان موجود ہوتا تھا اسے جمع کرنے کے بعد ایک تھیلے میں رکھتے اور گھر سے باہر لے جاتے تھے اس تمام سامان کو فقراء کے محلہ میں جا کر غریبوں اور یتیموں میں تقسیم کرتے تھے.

اور کوئی انہیں نہیں پہچانتا تھا بس اتنا جانتے تھے کہ کوئی آ کر ان کے درمیان کچھ تقسیم کر رہا ہے، اور ہر رات ان کا انتظار کرتے اور گھر کے دروازے کھلے رکھتے تھے تا کہ ان کا حصہ گھر کے دروازہ پر رکھا جاسکے.

اور یہ ٹھیٹیں جو شانوں اور کاندھوں پر دیکھ رہے ہو اسی سامان کے اٹھانے کے نشانات ہیں کہ جو فقراء اور غریبوں میں تقسیم کرتے تھے. [۱]

---

۱۔ مستدرک الوسائل: ج ۷، ص ۱۸۲، ح ۶

Presented by www.ziaraat.com

حضرت صادق آل محمدؑ علیہم السّلام نے اپنے بعض اصحاب سے فرمایا:

امام سجّاد، حضرت علیؑ بن الحسین علیہما السّلام ایک روز اپنے گھر کے دروازہ کے نزدیک تشریف فرما تھے، کہ اچانک کسی کے دروازہ بجانے کی آواز سنی.

حضرت نے کنیز سے فرمایا دیکھو کون ہے؟

جب کنیز دروازہ کے پیچھے پہونچی پوچھا کون ہے؟

جواب دیا: ہم آپکے کچھ شیعہ ہیں.

کنیز نے واپس آ کر امام کو خبر دی امام زین العابدین علیہ السّلام فورا کھڑے ہوئے اور جلدی سے دروازے کو کھول دیا؛ لیکن جیسے ہی امام کی نظر ان لوگوں پر پڑی امام رنجیدہ ہو گئے اور فرمایا: یہ لوگ جھوٹ بولتے ہیں کہ ہم تمہارے شیعہ ہیں اس لئے کہ شیعوں کا وقار ان کے چہرے پر ظاہر نہیں ہے اور ان کے جسم وصورت سے عبادت کے آثار نمایاں نہیں ہیں ! ان کے چہروں پر سجدوں کے نشانات نہیں ہیں !

اور پھر امام سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: ہمارے شیعہ اس طرح کی علامتوں سے پہچانے جاتے ہیں، ان کے بدن غم میں ڈوبے ہوئے، ان کے چہرے اور پیشانی پر بارگاہ الٰہی میں کثرت سجود کی وجہ سے نورانیت چھائی رہتی ہے. [1]

## خاص وقت میں امام کی نصیحتیں

---

۱۔ مستدرک الوسائل: ج ۴، ص ۴۶۸، ح ۶، صفات الشّیعہ صدوق: ص ۲۸، ح ۴۰

Presented by www.ziaraat.com

زُہری کہتے ہیں:

امام سجّاد علیہ السّلام کی حیات طیبہ کے آخری ایام میں آپ کی خدمت میں شرفیاب ہوا، جب میں حضرت کے پاس بیٹھا کچھ روٹی سبزی اور کاسنی میرے لئے لائی گئی ،حضرت نے مجھ سے فرمایا: تناول کرو

میں نے عرض کیا: یابن رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم! مجھے کھانے کی خواہش نہیں ہے.

حضرت نے فرمایا: اس سے کھاؤ کہ یہ سبزی کاسنی ہے کہ جس کے ہر پتہ جنت کے پانی کا عرق ہوتا ہے اور ہر مرض کے لئے شفا ہے.

زُہری کہتے ہیں: پھر اس طبق کے لے جانے بعد روغن لایا گیا امام علیہ السّلام نے فرمایا اس میں سے بھی کھاؤ.

میں نے عرض کیا: اس کی ضرورت نہیں تھی.

فرمایا: یہ روغن بنفشہ ہے اس میں بہت خاصیتیں ہیں اور تمام روغنوں پر اسے فوقیت حاصل ہے.

اسی درمیان امام سجّاد علیہ السّلام، کے فرزند حضرت باقر العلوم علیہما السّلام تشریف لائے؛ وہ دونوں بزرگوار سرگوشی میں کچھ راز و نیاز کی باتیں کرنے لگے میں نے صرف ایک جملہ سنا کہ امام نے فرمایا: بیٹا! خوش اخلاق اور خوش رفتار رہو.

مجھے احساس ہوگیا کہ حضرت اسرار امامت اپنے فرزند کے سپرد فرمارہے ہیں؛

Presented by www.ziaraat.com

میں کچھ آگے گیا اور امام سے عرض کیا: میرے آقا! اگر کچھ ہو جائے تو آپ کے بعد کس سے رجوع کیا جائے؟

امام سجّاد علیہ السّلام نے اپنے فرزند کی طرف اشارہ کر کے فرمایا: میرے اس بیٹے محمّد علیہ السّلام کی طرف یہی میرے جانشین و وارث ہیں، وہ اسرار علوم الٰہی کے مخزن ہیں، وہ باقر العلوم ہیں.

میں نے عرض کیا: باقر العلوم کے کیا معنیٰ ہیں؟

فرمایا: بہت جلد ہمارے چاہنے والے اور دانشمند افراد ان کے پاس جمع ہو جائیں گے اور یہ تمام علوم وفنون کی تشریح کرینگے.

اس کے بعد حضرت نے اپنے فرزند کو کسی کام سے باہر بھیج دیا، جب وہ واپس آئے تو میں نے سوال کیا: آپ نے اپنے بڑے بیٹے کو جانشین کیوں نہیں بنایا؟

فرمایا: امامت چھوٹے بڑے سے نہیں ہوتی، بلکہ رسول اللہصلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم، نے فرمایا ہے کہ اسی طرح ہمیں لوح محفوظ سے خبر ملی ہے.

میں نے عرض کیا: اوصیاء اور خلفاء حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنے لوگ ہیں؟

حضرت سجّاد علیہ السّلام نے فرمایا: جو کچھ ہم نے صحیفہ اور لوح میں دیکھا ہے اس کے مطابق، وصیوں کی تعداد بارہ ہے، اس میں ان کے نام صفات کے ساتھ ذکر ہوئے ہیں.

پھر فرمایا: میرے ساتویں فرزند محمد باقر کے صلب سے خدا کی بارہویں حجّت دنیا

Presented by www.ziaraat.com

میں آئیگی جن کا نام مہدی (عجّ) ہوگا۔[۱]

و امام سجّاد علیہ السّلام بھی دوسرے اہل بیت عصمت وطہارت علیہم السّلام کی طرح اپنے وقت کے ظالم وجابر خلفاء وسلاطین سے محفوظ نہیں تھے؛ بلکہ ہر دن کے ساتھ ایک نئی طرح کی مصیبت کا سامنا تھا۔

اور آخر میں ہشام بن عبد الملک مروان کے ذریعہ زہر سے شہید کیا گیا،

جب آپ شہادت کے بلند ترین درجہ پر فائز ہوئے، تو آپ کے بدن مطّہر و مقدّس کو آپ کے فرزند امام محمّد باقر علیہ السّلام نے غسل دیا؛ کفن اور نماز کے بعد، قبرستان بقیع میں، اپنے چچا امام حسن مجتبیٰ علیہ السّلام کے پاس دفن ہوئے

(صَلَواتُ اللّٰہِ وسَلامُہُ عَلَیْہِ یَوْمَ وُلِدَ وَیَوْمَ اسْتُشْہِدَ وَیَوْمَ یُبْعَثُ حَیّاً).

پانچ پرنجات

۱۔ مرحوم قطب الدّین راوندی نے اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے:

امام سجّاد صلوات اللّٰہ علیہ جب نماز صبح پڑھتے تھے؛ اپنے مصلے پر بیٹھے رہتے تھے جب تک کہ سورج طلوع نہ ہو جائے؛ اور طلوع خورشید کے بعد اپنی اور اہل خانہ کی سلامتی کے لئے دو رکعت نماز پڑھتے تھے اور پھر تھوڑا سا سوتے تھے۔

جب سو کر اٹھتے تھے تو اپنے دانت صاف کرتے اور مسواک کرتے تھے، اس کے

---

۱۔ بحار الانوار: ج ۴۶ ص ، ۲۳۳ ح ۱

Presented by www.ziaraat.com

بعد ناشتہ تناول فرماتے تھے. [۱]

۲۔ مرحوم کلینی ، نے حضرت صادق آل محمدؐ علیہم السّلام سے نقل کیا ہے:

جب امام سجّاد علیہ السّلام کے دامادوں میں سے کوئی گھر آتا تو امام سجّاد علیہ السّلام اپنی عبا کاندھوں سے اتار کر اسے بچھا دیتے تھے تا کہ وہ اس پر بیٹھیں.

اور پھر اپنے داماد سے فرماتے تھے: خوش آمدید، کہ تم اپنے گھر کا خرچہ چلانے والے اور نامحرموں کی نظر سے اپنی ناموس کی حفاظت کرنے والے ہو. [۲]

۳۔ ایک دن امام سجّاد علیہ السّلام نماز میں مشغول تھے، کہ آپ کی عبا اچانک شانوں سے گرگئی، حضرت اس کی طرف

توجہ دئے بغیر نماز پڑھتے رہے یہاں تک کہ نماز تمام ہوگئی.

جب نماز سے فارغ ہوئے تو ایک صحابی نے دریافت کیا: یا ابن رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہ وسلم! جب آپ کے کاندھوں سے ردا گری تو آپ نے اس کی طرف توجہ نہیں فرمائی اور اپنی نماز میں مشغول رہے!؟

امام علیہ السّلام نے فرمایا: تمہیں اس بات پر کیوں اعتراض ہوا!؟ کیا تم نہیں جانتے کہ نماز کے درمیان میں کس کے سامنے کھڑا تھا؛ اور کس سے گفتگو کررہا تھا؟

کیا تمہیں معلوم نہیں ہے کہ نماز کے درمیان، جتنی توجہ اور خلوص خداوند عالم کی طرف

---

۱۔ دعوات راوندی: ص ۷۱ ومستدرک الوسائل: ج ۶، ص ۳۵۰، ح ۳

۲۔ اصول کافی: ج ۱ ص ۳۳۸، ح ۸

Presented by www.ziaraat.com

ہو گا، اتنا ہی مقبولیت کی امید زیادہ ہو گی.

اس شخص نے کہا: وائے ہمارے حال پر، ہماری عبادتیں تو برباد ہو گئیں.

حضرت نے فرمایا: خداوند عالم کے لطف و کرم سے نا امید نہ ہوئیں کیونکہ خداوند عالم نافلہ نماز کے ذریعہ واجب نمازوں کی کمیوں کو برطرف فرما دیتا ہے. [۱]

۴۔ایک دن ایک شخص نے حضرت سجّاد علیہ السّلام کی بہت تعریف کی اور اور اپنی محبت کا اظہار کیا.

امام علیہ السّلام نے فرمایا: خدایا، میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ لوگ مجھ سے محبت کریں اور تو مجھ سے نفرت کرے.

اسی طرح بیان ہوا ہے:

جس دن عید عرفہ تھی، حضرت ایک محلہ سے گذر رہے تھے، دیکھا کہ کچھ لوگ بھیک مانگ رہے ہیں اور ہر کس و ناکس سے سوال کر رہے ہیں.

حضرت نے انہیں تعجب سے دیکھا اور فرمایا: تمہارے حال پر وائے ہو جو آج کے دن- روز عرفہ -غیر خدا سے، مدد کے طلبگار ہو، اور لوگوں کی مدد پر آنکھیں لگائے ہوئے ہو. [۲]

۵۔مرحوم کلینی رحمۃ اللّہ علیہ نے اپنی کتاب شریف کافی میں ذکر کیا ہے:

---

۱۔دعائم الاسلام: ج۱ص ۱۵۸، مستدرک الوسائل: ج ۴ص ۱۰۳، ح۲۹

۲۔بحار الانوار: ج۴۶ص ۶۲

Presented by www.ziaraat.com

ایک شخص جس کا نام سعید بن مسیّب تھا بیان کرتا ہے:

ایک دن میں امام سجّاد علیّ بن الحسین علیہما السّلام کی خدمت اقدس میں تھا، امام علیہ السّلام نماز میں مشغول تھے، جب نماز سے فارغ ہوئے ایک شخص نے دروازہ بجایا۔

حضرت نے فرمایا: کوئی فقیر - حاجت مند - آیا ہو تو اسے نا امید مت کرنا۔ [۱]

امام علیہ السّلام کے اقوال سے منتخب چالیس احادیث

۱۔ قالَ الاٗمامُ علیّ بنُ الحُسَین، زَیْنُ العابدین عَلَیْهِ السَّلامُ:

ثَلاثٌ مَنْ کُنَّ فیهِ مِنَ الْمُؤْمِنینَ کانَ فی کَنَفِ اللهِ، وَاٗظَلَّهُ اللهُ یَوْمَ الْقِیامَةِ فی ظِلِّ عَرْشِهِ، وَآمَنَهُ مِنْ فَزَعِ الْیَوْمِ الاٗکْبَرِ: مَنْ اٗعْطی النّاسَ مِنْ نَفْسِهِ ما هُوَ سائِلُهُم لِنَفْسِهِ، وَرَجُلٌ لَمْ یَقْدِمْ یَداً وَرِجْلاً حَتّی یَعْلَمَ اٗنَّهُ فی طاعَةِ اللهِ قَدِمَها اٗوْ فی مَعْصِیَتِهِ، وَرَجُلٌ لَمْ یَعِبْ اٗخاهُ بِعَیْبٍ حَتّی یَتْرُكَ ذلكَ الْعَیْبَ مِنْ نَفْسِهِ۔ [۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: مومنین میں سے جس میں بھی تین خصلتیں پائی جائیں وہ قیامت کے روز عرش الٰہی کے سایہ میں ہوگا اور محشر کی عظیم سختیوں اور مصائب سے محفوظ ہوگا۔

---

۱۔ کافی: ج ۴ ص ۱۵، ح ۴ حلیۃ الابرار: ج ۳، ص ۲۵۹، ح ۵

۲۔ تحف العقول: ص ۲۰۴، بحار الانوار: ج ۷۵ ص ۱۴۱، ح ۳

Presented by www.ziaraat.com

پہلے یہ کہ محتاجوں اور ناداروں کی مدد سے منہ نہ موڑے.

دوسرے یہ کہ کوئی قدم اٹھانے یا کوئی بات زبان سے کہنے سے پہلے یہ دیکھے کہ خداوند عالم کی رضا وخوشنودی اس کام میں ہے یا یہ کام خدا کی ناراضگی اور غصہ کا سبب ہوگا

تیسرے یہ کہ دوسروں کے عیب گنوانے سے پہلے اپنے اندر موجود عیبوں کو برطرف کرے.

۲۔قال علیہ السلام :ثَلاثٌ مُنجِیاتٌ لِلْمُؤمِن : کَفُّ لِسانِہِ عَنِ النّاسِ وَاغتِیابِہِمْ، وَإِشْغالُہُ نَفْسَہُ بِما یَنْفَعُہُ لِآخِرَتِہِ وَدُنْیاہُ، وَطُولُ الْبُکاءِ عَلی خَطیئَتِہِ.[1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: تین چیز انسان کی نجات کی موجب ہیں: لوگوں کی برائی اور غیبت سے زبان کو روکنا، خود کو ان کاموں میں مشغول کرنا جو اسکی دنیا وآخرت کے لئے مفید ہیں. اور ہمیشہ اپنی غلطیوں اور خطاؤں پر گریہ کرنا اور شرمندہ ہونا.

۳۔قال علیہ السلام : اَرْبَعٌ مَنْ کُنَّ فیہِ کَمُلَ إسْلامُہُ، وَمُحِّصَتْ ذُنُوبُہُ، وَلَقِیَ رَبَّہُ وَھُوَ عَنْہُ راضٍ: وِقاءٌ لِلّٰہِ بِما یَجْعَلُ عَلی نَفْسِہِ لِلنّاس، وَصِدْقُ لِسانِہِ مَعَ النّاسِ، وَالاِسْتِحْیاءُ مِنْ کُلِّ قَبیحٍ عِنْدَ اللہِ وَعِنْدَ

---

۱۔تحف العقول: ص 204، بحار الانوار: ج۷۵ ص ۱۴۰ ح ۳

Presented by www.ziaraat.com

النَّاسِ، وَحسُنِ خُلُقِهِ مَعَ اءهْلِهِ.[۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: جس میں یہ چار خصلتیں پائی جائیں اس کا یمان کامل اور گناہ بخشے جائیں گے، اور خدا سے اس حالت میں ملاقات کریگا کہ خدا اس سے راضی ہوگا:

۱۔تقویٰ اور پرہیزگاری کی خصلت، اس طرح کہ بغیر کسی امید اور توقع کے لوگوں کی خدمت کرے.

۲۔لوگوں سے زندگی کے تمام پہلوؤں میں صداقت کے ساتھ رفتار کرنا.

۳۔شرعی اور عرفی برائیوں سے پرہیز کرنا.

۴۔مومنین اور اپنے اہل وعیال سے اچھے اخلاق سے پیش آنا

۵۔قال علیه السلام : يَا ابْنَ آدَم ، إِنَّكَ لاتَزالُ بِخَيْرٍ ما دامَ لَكَ واعِظٌ مِنْ نَفْسِكَ، وَما كانَتِ الْمُحاسَبَةُ مِنْ هَمِّكَ، وَما كانَ الْخَوْفُ لَكَ شِعارا.[۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اے فرزند آدم، تاوقتیکہ، تمہارا نفس تمہارا خیر خواہ، اور اپنے امور کا محاسبہ کرتا رہے گا اور تمہارا جسم خوف خدا سے لرزاں رہے گا اس وقت تک خیر وسلامتی تمہارے قدم چومتی رہے گی.

---

۱۔مشکاۃ الانوار: ص ۱۷۲ بحارالانوار: ج ۶۶، ص ۳۸۵، ح ۴۸

۲۔مشکاۃ الانوار: ص ۲۴۶، بحارالانوار: ج ۶۷ ص ۶۴ ح ۵

Presented by www.ziaraat.com

۶۔ قال علیه السلام : وَامّا حَقُّ بَطْنِكَ فَانْ لاتَجْعَلْهُ وِعاءً لِقَليلٍ مِنَ الْحَرامِ وَلالِكَثيرٍ، وَاءنْ تَقْتَصِدَلَهُ فِي الْحَلالِ.[1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: پیٹ کا حق تمہارے اوپر یہ ہے کہ اسے حرام چیزوں کا- چاہے کم یا زیادہ- ظرف مت بناؤ بلکہ حلال چیزوں میں بھی فضول سے بچو.

۷۔قال علیه السلام : مَنِ اشْتاقَ إلى الْجَنَّةِ سارَعَ إلى الْحَسَناتِ وَسَلاعَنِ الشَّهَواتِ، وَمَنْ اءشْفَقَ مِنَ النارِ بادَرَ بِالتَّوْبَةِ إلى اللّهِ مِنْ ذُنُوبِهِ وَراجَعَ عَنِ الْمَحارِمِ[2]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جسے جنت کا اشتیاق وخواہش ہو وہ نیک کام دیر نہ کرے اور اپنی خواہشات کو پامال کردے اور جو جہنم کی آگ سے ڈرتا ہے وہ توبہ کرے اور گناہوں سے دوری کرے.

۸۔قال علیه السلام : طَلَبُ الْحَوائِجِ إلیَ النّاسِ مَذَلَّةٌ لِلْحَياةِ وَمَذْهَبَةٌ لِلْحَياءِ، وَاسْتِخْفافٌ بِالْوَقارِ وَهُوَ الْفَقْرُ الْحاضِرُ،قِلَّةُ طَلَبِ الْحَوائِجِ مِنَ النّاسِ هُوَ الْغِنَى الْحاضِرُ.[3]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: لوگوں کے سامنے ہاتھ

---

۱۔تحف العقول: ص ۱۸۶، بحارالانوار: ج۷۱ ص ۱۲، ح ۲

۲۔تحف العقول: ص ۲۰۳، بحارالانوار: ج ۷۵، ص۱۳۹ ح ۳

۳۔تحف العقول: ص۲۱۰ بحارالانوار: ج ۷۵، ص ۱۳۶، ح ۳

Presented by www.ziaraat.com

پھیلانا ذلت وخواری کا سبب، اور وقار کے پامال ہونے کی علامت ہے۔اس کی شرم وحیاء ختم ہوجائیگی اور ہمیشہ ضرورتمند رہیگا۔اور جتنا لوگوں سے کم امیدوار ہوگا اتنا ہی ان سے بے نیاز ہوجائیگا۔

۹۔قال علیہ السلام : اَلْخَیْرُ کُلُّہُ صِیانَۃُ الاٗنسانِ نَفْسَہُ۔ [۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: انسان کی سعادت اور نیک بختی اپنے اعضاء اور جوارح کی -بری چیزوں- سے حفاظت کرنا ہے۔

۱۰۔قال علیہ السلام : سادَۃُ النّاسِ فی الدُّنیا الاٗسخِیاء، وَسادَۃُ الناسِ فی الاٰخِرَۃِ الاٗتقیاءِ۔ [۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اس دنیا میں لوگوں کے سردار سخاوت کرنے والے، اور آخرت میں متقی اور پرہیزگاران کے سردار ہیں۔

۱۱۔ قال علیہ السلام : مَنْ زَوَّجَ لِلّٰہِ، وَوَصَلَ الرَّحِمَ تَوَّجَہُ اللّٰہُ بِتاجِ الْمَلَکِ یَوْمَ الْقِیامَۃِ [۳]

ترجمہ :امام زین العابدین علیہ السّلام ارشادفرماتے ہیں: جس نے خدا کی خوشنودی کے لئے اس دنیا میں شادی کی اور اپنے عزیزون کے ساتھ صلہ رحم کیا قیامت کے روز خدا اسے سربلند فرمائے گا۔

---

۱۔حف العقول:ص ۲۰۱، بحارالانوار:ج ۷۵، ص ۱۳۶ ح ۳

۲۔مشکاۃ الانوار:ص ۲۳۲ س ۲۰ بحارالانوار:ج ۷۸، ص ۵۰ ح ۷۷

۳۔مشکاۃ الانوار:ص ۱۶۶ س ۳

Presented by www.ziaraat.com

١٢۔قال علیہ السلام : إنَّ افضَلَ الجِھادِ عِفَّۃُ البَطْنِ وَالفَرْجِ.[١]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: انسان کاسب سے بڑا جہاد اپنے شکم اور اور شرمگاہ کو -حرام اور مشکوک چیزوں سے- بچانا ہے.

١٣۔ قال علیہ السلام : مَنْ زارَ اخاہُ فی اللہِ طَلَبا لِانجازِ مَوْعُودِ اللہِ، شَیَّعَہُ سَبْعُونَ الفَ مَلَكٍ، وَھَتَفَ بِہِ ھاتِفٌ مِنْ خَلْفٍ الاطِبْتَ وَطابَتْ لَكَ الجَنَّۃُ، فَاِذا صافَحَہُ غَمَرَتْہُ الرَّحْمَۃُ.[٢]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جوشخص اپنے دوست اور ساتھی کو خدا کی رضاء اور اس سے کئے ہوئے وعدے کو نبھانے کی غرض سے جائے ٧٠ ہزار فرشتے اس کے ساتھ چلتے ہیں اور اس سے کہا جاتا ہے تم آلودگیوں سے پاک ہوگئے اور جنت تمہیں مبارک ہو.اور جب اس سے مصافحہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت اسے اپنے سایہ میں لے لیتی ہے

١٤۔قال علیہ السلام : إنْ شَتَمَكَ رَجُلٌ عَنْ یَمینِكَ، ثُمَّ تَحَوَّلَ إلی یَسارِكَ فَاعْتَذَرَ إلَیكَ فَاقْبَلْ مِنْہُ.[٣]

ترجمہ: چوتھے امام علیہ السّلام ارشاد نے فرمایا: اگر کوئی شخص تمہاری بے عزّتی کرے اور پھر واپس آ کر تم سے معافی طلب کرے تو اس کے عذر کو قبول کرو

---

١۔مشکاۃ الانوار: ص ١۵٧، س ٢٠

٢۔مشکاۃ الانوار: ص ٢٠٧، س ١٨

٣۔مشکاۃ الانوار: ص ٢٢٩، س ١٠، بحار الانوار: ج ٧٨ ص ١٤١ ح ٣

Presented by www.ziaraat.com

۱۵۔قال علیه السلام : عَجِبْتُ لِمَنْ یَحْتَمی مِنَ الطَّعامِ لِمَضَرَّتِهِ، کَیْفَ لایَحْتَمی مِنَ الذَّنْبِ لِمَعَرَّتِهِ[۱]

ترجمہ: چوتھے امام علیہ السّلام ارشاد نے فرمایا: مجھے تعجب ہے اس شخص پر جو اپنی کھانے پینے کی چیزوں میں اچھے برے-مفید غیر مفید- کا خیال رکھتا ہے کہ کہیں اسے کوئی نقصان نہ ہو جائے لیکن اپنے گناہوں اور روحی ،فکری ، اخلاقی و... براءیوں کی پرواہ نہیں کرتا.

۱۶۔ قال علیه السلام : مَنْ اءطْعَمَ مُؤْمِنا مِنْ جُوعٍ اءطْعَمَهُ اللهُ مِنْ ثِمارِ الْجَنَّةِ، وَمَنْ سَقی مُؤْمِنا مِنْ ظَمَاءٍ سَقاهُ اللهُ مِنَ الرَّحیقِ الْمَخْتُومِ، وَمَنْ کَسا مُؤْمِنا کَساهُ اللهُ مِنَ الثّیابِ الْخُضْرِ.[۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص کسی بھوکے کو کھانا کھلائے، خدا اسے جنت کے پھل عطا فرمائیگا، اور جو کسی پیاسے کو پانی پلائے خدا اسے جنت کے چشموں سے سیراب کریگا، اور جو شخص کسی برہنہ کو لباس پہنائے خداوند عالم اسے جنت کے سبز لباس- جو بہترین رنگ اور بہترین قسم کا ہوگا- پہنائے گا.

۱۷۔قال علیه السلام : إنَّ دینَ اللهِ لایُصابُ بِالْعُقُولِ النّاقِصَةِ، والاراءِ الْباطِلَةِ، وَالْمَقاییسِ الْفاسِدَةِ، وَلایُصابُ إلاّ بِالتَّسلیمِ، فَمَنْ

---

۱۔اعیان الشّیعة: ج ۱ ص ۶۴۵ بحارالانوار: ج ۷۸ ص ۱۵۸، ح ۱۹

۲۔مستدرک الوسائل: ج ۷ ص ۲۵۲ ح ۸.

Presented by www.ziaraat.com

سَلَّمَ لَنا سَلِمَ، ومَنِ اهْتَدیٰ بِنا هُدِيَ، وَمَنْ دانَ بِالْقِیاسِ وَالرَّاْيِ هَلَكَ. [۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: ناقص عقل اور فاسد نظریوں اور قیاسوں کے ذریعہ دین کے احکام اور مسائل کو حاصل نہیں کیا جاسکتا؛ احکام دین تک پہونچنے کا واحد ذریعہ پوری طرح تسلیم ہوجانا ہے؛ پس جوشخص بھی ہم اہل بیت کے سامنے تسلیم ہوجائے وہ ہر طرح کے انحراف اور گمراہی سے امان میں ہے اور جو ہمارے ذریعہ ہدایت حاصل کرے ہدایت یافتہ ہے لیکن جس شخص نے قیاس اور اپنی رائے سے دین اسلام کو حاصل کرنا چاہا وہ ہلاک ہوا

۱۷۔ قال علیه السلام : الدُّنیا سِنَةٌ، وَالآخِرَةُ یَقْظَةٌ، وَنَحْنُ بَیْنَهُما اَضْغاثُ اَحْلامٍ. [۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: دنیا ایک خواب اور آخرت بیداری ہے اور ہم اس راستہ میں خواب اور بیداری کے درمیان ہیں.

۱۸۔ قال علیه السلام : مِنْ سَعادَةِ الْمَرْءِ اَنْ یَکُونَ مَتْجَرُهُ فی بِلادِهِ، وَیَکُونَ خُلَطاؤُهُ صالِحینَ، وَتَکُونَ لَهُ اَوْلادٌ یَسْتَعینُ بِهِمْ [۳]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: وہ شخص صاحب

---

۱۔مستدرک الوسائل: ج ۱۷، ص ۲۶۲، ح ۲۵

۲۔تنبیہ الخواطر، مجموعۃ ورّام: ص ۳۴۳ س ۲۰

۳۔وسائل الشیعۃ: ج ۱۷ ص ۷ ح ۴۶ ، اور مشکاۃ الانوار: ص ۲۶۲

Presented by www.ziaraat.com

سعادت وخوش نصیب ہے جسکا اپنے شہر میں کسب وکار ہو اور اس سے مربوط تمام افراد نیک اور صالح ہوں، اور وہ جس کی اولاد اسکے نیک کام میں اسکی مددگار ہو۔

۱۹۔قال علیہ السلام : آياتُ الْقُرْآنِ خَزائِنُ الْعِلْمِ، كُلَّما فُتِحَتْ خَزانَةٌ، فَيَنْبَغِي لَكَ اءنْ تَنْظُرَ ما فيها. [۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: قرآن کریم کی آیتوں میں خداوند عالم کے علم کا خزانہ ہے ،جس آیت اور خزانہ میں مشغول ہو جاؤ اس کو سمجھنے کی کوشش کرو.

۲۰۔قال علیہ السلام : مَنْ خَتَمَ الْقُرْآنَ بِمَكَّة لَمْ يَمُتْ حَتّى يَرى رَسُولَ اللهِ صَلّى اللهُ عَلَيهِ وَآلِهِ، وَيَرى مَنْزِلَهُ فِي الْجَنَّةِ [۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جس نے مکہ میں قرآن کریم ختم کیا وہ اس دنیا سے جانے سے پہلے رسول اکرم کی زیارت کریگا اور جنت میں اپنا گھر دیکھ لے گا۔

۲۱۔قال علیہ السلام : يا مَعْشَرَ مَنْ لَمْ يَحِجَّ اسْتَبْشِرُوا بِالْحاجِّ إذا قَدِمُوا فَصافِحُوهُمْ وَعَظِّمُوهُمْ، فَإنَّ ذلِكَ يَجِبُ عَلَيْكُمْ تُشارِكُوهُمْ فِي الاَْجْ [۳] ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اے وہ لوگو جو مکہ نہیں

---

۱۔مستدرک الوسائل: ج ۸، ص ۲۳۸، ح ۳

۲۔من لایحضرہ الفقیہ: ج ۲، ص ۱۴۶، ح ۹۵

۳۔من لایحضرہ الفقیہ ج ۲ ص ۱۴۷ ح ۹۷

Presented by www.ziaraat.com

گئے اور حج انجام نہیں دیا تمہیں بشارت ہے کہ جب حاجی واپس آئیں ان سے ملاقات اور مصافحہ کرو تا کہ ان کے حج کے ثواب میں شریک ہو سکو.

۲۲۔ قال علیہ السلام : الرِّضا بِمَكْرُوهِ الْقَضاءِ، مِنْ اَعْلی دَرَجاتِ الْيَقِينِ[1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: خداوند عالم کے سخت امتحان اور فیصلوں پر راضی رہنا، ایمان کے بلندترین درجات میں سے ہے.

۲۳۔ قال علیہ السلام : مامِنْ جُرْعَةٍ اَحَبُّ إلی اللهِ مِنْ جُرْعَتَيْنِ: جُرْعَةُ غَيْظٍ رَدَّها مُؤْمِنٌ بِحِلْمِ، اَوْ جُرْعَةُ مُصيبَةٍ رَدَّها مُؤْمِنٌ بِصَبْرٍ.[2]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: خداوند عالم کے نزدیک دو گھونٹوں سے زیادہ شیرین کوئی گھونٹ نہیں، ایک غصہ کا وہ گھونٹ جس کو مومن اپنے حلم کے ذریعہ فرو کر جاتا ہے اور دوسرا مصیبت کا وہ گھونٹ جسے مومن صبر کے ذریعہ نگل جاتا ہے.

۲۴۔ قال علیہ السلام : مَنْ رَمَی النّاسَ بِما فيهِمْ رَمَوْهُ بِما لَيْسَ فيهِ[3]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص دوسروں کے

---

۱۔ مستدرک الوسائل: ج ۲ ص ۱۳۴، ح ۱۶

۲۔ مستدرک الوسائل: ج ۲ ص ۲۴، ح ۲۱

۳۔ بحارالانوار: ج ۷۵ ص ۲۶۱، ح ۶۴

Presented by www.ziaraat.com

موجودہ عیوب کو بیان کرتا ہے تو دوسرے اس کے وہ عیوب بیان کرتے ہیں جو اس میں نہیں پائے جاتے.

۲۵۔قال علیہ السلام : مُجالَسَۃُ الصَّالِحِینَ داعِیَۃٌ إلی الصَّلاحِ، وَ اٴدَبُ الْعُلَماءِ زِیادَۃٌ فِی الْعَقْلِ.[۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اچھے انسانوں کی ہم نشینی انسان کو اچھی باتیں سکھاتی ہے، اور علماء کے ساتھ ہم نشینی شعور وفکر کی ترقی کا سبب ہے.

۲۶۔ قال علیہ السلام : إنَّ اللهَ یُحِبُّ کُلَّ قَلْبٍ حَزینٍ، وَیُحِبُّ کُلَّ عَبْدٍشَکُورٍ.[۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: بیشک خداوند عالم غمزدہ قلب سے محبت کرتا ہے (جو اپنی سعادت ونجات کی فکر میں رہتا ہے) اور ہر شکرگزار بندہ کو چاہتا ہے.

۲۷۔ قال علیہ السلام : إنَّ لِسانَ ابْنَ آدَمِ یَشْرُفُ عَلی جَمیعِ جَوارِحِہِ کُلَّ صَباحٍ فَیَقُولُ: کَیْفَ اٴصْبَحْتمُ فَیَقُولُونَ: بِخَیْرٍ إ نْ تَرَکْتَنا، إنَّما نُثابُ وَنُعاقَبُ بِکَ.[۳]

---

۱۔بحارالانوار: ج ۱، ص ۱۴۱، ذیل ح ۳۰، وج ۷۵ ص ۳۰۴

۲۔کافی: ج ۲ ص ۹۹، بحارالانوار: ج ۷۱ ص ۳۸، ح ۲۵

۳۔اصول کافی: ج ۲ ص ۱۱۵، وسائل الشّیعۃ: ج ۱۲، ص ۱۸۹، ح ۱

Presented by www.ziaraat.com

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: انسان کی زبان ہر صبح انسان کے تمام اعضاء و جوارح سے گفتگو کرتی ہے اور پوچھتی ہے: کیسے ہو؟ کیا حال چال ہیں؟

جواب دیتے ہیں: اگر تو ہمیں چھوڑ دے تو چین سے رہیں گے کیونکہ ہم تیری ہی وجہ سے ثواب و عقاب میں مبتلا ہونگے.

۲۸۔ قال علیه السلام: ما تَعِبَ اءوْلِیاءُ اللهُ فِی الدُّنیا لِلدُّنیا، بَلْ تَعِبُوا فِی الدُّنیا لِلاَخِرَةِ. [۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: خدا کے چاہنے والے اور اس کے اولیاء اپنے دنیاوی کاموں میں اپنے آپ کو زحمت میں نہیں ڈالتے بلکہ وہ آخرت کے امور کے لئے زحمتیں برداشت کرتے ہیں.

۲۹۔قال علیه السلام: لَوْ یَعْلَمُ النّاسُ ما فِی طَلَبِ الْعِلْمِ لَطَلَبُوهُ وَلَوْبِسَفْكِ الْمُهَجِ وَخَوْضِ اللُّجَجِ. [۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اگر لوگ علم حاصل کرنے کے فائدے جان لیں تو اس کے لئے جان کی قربانی بھی دیں اور دریا کی موجوں سے بھی ٹکرا جائیں.

---

۱۔بحارالانوار: ج ۴۳، ص ۹۲، ذیل میں ح ۶۹

۲۔اصول کافی: ج۱ ص ۳۵، بحارالانوار: ج۱ ص ۱۸۵ ح ۱۰۹

Presented by www.ziaraat.com

۳۰۔قال علیه السلام : لَوِ اجْتَمَعَ اھلُ السّماءِ وَالاَرْضِ انْ یَصِفُوا اللّٰہَ بِعَظَمَتِہِ لَمْ یَقْدِرُو [1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اگر تمام آسمان وزمین والے جمع ہو جائیں تو بھی خداوند عالم کی عظمت وجلالت کی توصیف وتعریف پر قادر نہیں ہونگے۔

۳۱۔ قال علیه السلام : ما مِنْ شَیْءٍ احبُّ إلی اللّٰہِ بَعْدَ مَعْرِفَتِہِ مِنْ عِفَّةِ بَطْنٍ وَفَرْجٍ، وَما شَیْءٌ احَبُّ إلی اللّٰہِ مِنْ انْ یُسْالَ۔ [2]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: خداوند عالم کے نزدیک اپنی معرفت کے بعد سب زیادہ پسندیدہ چیز انسان کا شکم وشرمگاہ کی۔خواہشات نفسانی اور گناہوں سے۔حفاظت ہے، اور خدا کے نزدیک سب سے محبوب کام اس کی بارگاہ سے اپنی حاجات کو طلب کرنا ہے۔

۳۲۔قال علیه السلام : إبْنَ آدَمَ إنَّكَ مَیِّتٌ وَمَبْعُوثٌ وَمَوْقُوفٌ بَیْنَ یَدَیِ اللّٰہِ عَزَّوَجَلّ مَسْؤُولٌ، فَاعِدَّ لَہُ جوابا۔ [3]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: اے آدمی (اے انسان) تو مرنے والا ہے اور تجھے پھر اٹھایا جائیگا اور تو خداوند عالم کی بارگاہ میں سوال

---

۱۔اصول کافی: ج۱ص ۱۰۲، ح۴

۲۔تحف العقول: ص ۲۰۴ بحارالانوار: ج ۷۸، ص ۱۴۲ ح ۴

۳۔تحف العقول: ص ۲۰۲، بحارالانوار: ج ۷۰، ص ۶۴ ح ۵

Presented by www.ziaraat.com

وجواب کے لئے حاضر ہوگا لہٰذا تجھے (صحیح اور مطمئن جواب کے لئے) تیار رہنا چاہئے.

۳۳۔قال علیہ السلام : نَظَرُ الْمُؤْمِنِ فِي وَجْهِ اءخِيهِ الْمُؤْمِنِ لِلْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ لَهُ عِبادَة.[1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: مومن کا اپنے مومن بھائی کے چہرے پر محبت وانسیت کی وجہ سے نظر کرنا عبادت ہے.

۳۴۔قال علیہ السلام : إيّاكَ وَمُصاحَبَةُ الْفاسِقِ، فَإنّهُ بائِعُكَ بِاءكْلَةٍ اءوْ اءقَلّ مِنْ ذلِكَ وَإيّاكَ وَمُصاحَبَةُ الْقاطِعِ لِرَحِمِهِ فَإنّى وَجَدْتُهُ مَلْعُونا فى كِتابِاللّهِ.[2]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السولام ارشادفرماتے ہیں: اپنے آپ کو فاسق اور بدعمل لوگوں کی دوستی سے بچاؤ اس لئے کہ وہ تمہیں ایک لقمے یا اس سے بھی کم میں تمہیں بیچ دیگا اور جو لوگ اپنے رشتہ داروں کے حقوق کی رعایت نہیں کرتے ان کی ہم نشینی سے بچو اس لئے کہ میں نے انہیں خدا کی کتاب میں ملعون دیکھا ہے.

۳۵۔ قال علیہ السلام : اءشَدُّ ساعاتِ ابْنِ آدَمَ ثَلاثُ ساعاتٍ: السّاعَةُ الَّتى يُعايِنُ فيها مَلَكَ الْمَوْتِ، وَالسّاعَةُ الَّتى يَقُومُ فيها مِنْ قَبْرِهِ، وَالسَّاعَةُ الَّتى يَقِفُ فى ها بَيْنَ يَدَيِ اللهِ تَبارَكَ وَتَعالى، فَإمّا الْجَنَّةُ

---

۱۔تحف العقول:ص ۲۰۴ بحارالانوار: ج۷۸ ص ۱۴۰ ح ۳

۲۔تحف العقول:ص ۲۰۲ بحارالانوار: ج ۷۴ ص ۱۹۶ ح ۲۶

Presented by www.ziaraat.com

وَإمّا إلَى

النّارِ.[۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: انسان کے اوپر تین وقت اور تین مرحلے سب سے سخت ہوتے ہیں:

۱۔جب حضرت عزرائیل اس کی روح قبض کرنے آتے ہیں.

۲۔جب قبر میں زندہ ہوتا ہے اور محشر میں لے جایا جاتا ہے.

۳۔جب اسے خداوند عالم کی بارگاہ میں- نامہ اعمال اور حساب وکتاب کے لئے -لے جایا جاتا ہے اور اسے معلوم نہیں ہوتا کہ اسکے نصیب میں جنت اور اسکی نعمتیں ہیں یا جہنم اور اس کی سختیاں.

۳۶۔قال علیه السلام : إذا قامَ قائِمُنا اءذْهَبَ اللهُ عَزَوَجَلّ عَنْ شيعَتِنا الْعاهَةَ، وَجَعَلَ قُلُوبَهُمْ كَزُبُرِ الْحَديدِ، وَجَعَلَ قُوَّةَ الرَّجُلِ مِنْهُمْ قُوَّةَ اءرْبَعينَ رَجُلاً.[۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جب ہمارے قائم( حضرت حجّت ، روحی لہ الفداء وعجّ )ظہور فرمائینگے تو خداوند عالم ہمارے شیعوں اور اطاعت گزاروں سے سختیاں اور مشکلات کو ختم کردیگا اور ان کے دلوں کو لوہے کی طرح

---

۱۔بحارالانوار: ج۶ص ۱۵۹، ح ۱۹، نقل از خصال شیخ صدوق

۲۔خصال: ج۲ص ۵۴۲ بحارالانوار: ج۵۲ص ۳۱۶، ح ۱۲

Presented by www.ziaraat.com

مضبوط کردیگا، اور ان میں سے ہر ایک کی طاقت دوسرے چالیس لوگوں کی برابر ہوگی.

۳۷-قال علیہ السلام : عَجَبا کُلّ العَجَبِ لِمَنْ عَمِلَ لِدارِ الْفَناءِ وَتَرَكَ دارَ الْبقاء.[۱]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: تعجب ہے اور بہت تعجب ہے اس شخص پر جو اس دنیائے فانی کے لئے عمل انجام دے لیکن عالم بقا کے لئے کوئی کام انجام نہ دے۔

۳۸-قال علیہ السلام : رَاٴیتُ الْخَیْرَ کُلَّہُ قَدِ اجْتَمَعَ فِی قَطْعِ الطَّمَعِ عَمّا فِی اٴیْدِی النّاسِ.[۲]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: تمام نیکیاں اور اچھائیاں حرص سے قطع نظر (یعنی قناعت رکھنے) میں ہیں.

۳۹-قال علیہ السلام : مَنْ لَمْ یَکُنْ عَقْلُہُ اٴکْمَلَ ما فیہِ، کانَ هَلاکُہُ مِنْ اٴیْسَرِ ما فیہِ.[۳]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السّلام ارشاد فرماتے ہیں: جس کے عقل وشعور کامل نہیں ہوتے- اس کی فکر منجمد ہو جاتی ہے- اور آسانی کے ساتھ گمراہ و ہلاک

---

۱۔ بحارالانوار: ج ۷۳، ص ۱۲۷، ح ۱۲۸

۲۔ اصول کافی: ج ۲ ص ۳۲۰، بحارالانوار: ج ۷۳ ص ۱۷۱ ح ۱۰

۳۔ بحارالانوار: ج 1 ص ۹۴ ح ۲۶، بہ نقل از تفسیر امام حسن عسکری علیہ السلام

Presented by www.ziaraat.com

ہو جاتا ہے.

۴۰-قال علیه السلام : إنَّ الْمَعْرِفَةَ، وَكَمالَ دينِ الْمُسْلِمِ تَرْكُهُ الْكَلامَ فيما لا يُغْنيهِ، وَقِلَّةُ رِيائِهِ، وَحِلْمُهُ، وَصَبْرُهُ، وَحُسْنُ خُلْقِهِ. [1]

ترجمہ: امام زین العابدین علیہ السلام فرماتے ہیں: بیشک معرفت اور دانائی یہ ہے انسان اس بات کو کہنے سے پرہیز کرے جس سے اس کو یا دوسروں کو کوئی فائدہ نہیں ہوتا.

اسی طرح ریا کاری اور خودنمائی وتظاہر سے دوری، زندگی کی مشکلات میں صبر اور اچھا اخلاق رکھنے اور نیک سیرت ہونے میں {دانائی ومعرفت} ہے.

الحمد للہ الذی وفقنی لاتمام ھذہ الرسالۃ وارجو منہ ان یقبل منّی برحمتہ ومنّہ

سردار حسن عفی عنه

جمادی الاوّل ۱۴۳۲ھ مطابق مئی ۲۰۱۱ء

---

۱۔ تحف العقول: ص ۲۰۲ بحار الانوار: ج ۲ ص ۱۲۹ ح ۱۱.

Presented by www.ziaraat.com

## گزارش

موسسہ فضائل نو گانواں سادات کا علمی تحقیقات کا شعبہ دینی کتب کی نشر و اشاعت کے لئے آمادگی رکھتا ہے، لہذا جو حضرات بھی اپنے مرحومین کے ایصال ثواب کے لئے دینی کتب شایع کرانے کے خواہشمند ہیں وہ ادارہ سے رابطہ کریں یا ٹیلیفون کے ذریعہ معلومات فرمائیں

شعبہ تحقیقات علمی موسسہ فضائل جامعہ باب العلم
نو گانواں سادات ضلع جے پی نگر یوپی ہند۔ ۲۴۴۲۵۱
Ph. 00919634682471,

Presented by www.ziaraat.com

Presented by www.ziaraat.com